بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta — A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز جمعرات 14 جنوری 2021ء 30 جمادی الاول 1442ھ | شمارہ 199 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

کرایا روڈ تعمیر منصوبہ تاخیر کا شکار، وزیر اعلیٰ کا سابق ڈی سی کیخلاف انکوائری کا حکم

اوستہ محمد روڈ کی تعمیر کو دس حصوں میں تقسیم کرنے پر بھی سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اس کی انکوائری کا حکم دیا ہے، منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں، جام کمال

کوئٹہ ترقیاتی پیکیج کے منصوبوں پر عملدرآمد کے لیے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو، منصوبہ بندی و ترقیات اور پروجیکٹ ڈائریکٹر موثر میکنزم تیار کر کے مائیکرو لیول مینجمنٹ کے لیے اقدامات اٹھائیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے سریاب روڈ کوئٹہ کی تعمیر کے منصوبے پر عمل درآمد میں غیر ضروری تاخیر پر سابق کمشنر کوئٹہ کے خلاف انکوائری کا حکم دے دیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کوئٹہ ترقیاتی پیکج اور شہر کی خوبصورتی سے متعلق منصوبے پر پیش رفت پر دی جانے والی بریفنگ کے دوران انکوائری کا حکم جاری کیا۔ انہوں نے اوستہ محمد روڈ کی تعمیر کو دس حصوں میں تقسیم

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جتنی شفافیت ٹینڈر اور بڈنگ میں لائیں گے اتنی کرپشن کم ہوگی، وزیر اعظم

پاکستان میں تبدیلی نہ آنے کی بڑی وجہ اسٹیٹس کو ہے جسے آپ مافیا بھی کہہ سکتے ہیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ملک میں جتنی شفافیت ٹینڈر اور بڈنگ میں لائیں گے کرپشن اور رشوت کا رجحان کم ہوتا چلا جائے گا، بدقسمتی سے ملک میں کرپشن اور رشوت کی جڑیں اس قدر مضبوط اور گہری ہو چکی ہیں کہ ملک کے نظام میں کرپشن کو تسلیم کر لیا گیا، پاکستان میں

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جعلی اکاؤنٹس اسکینڈل میں نیب نے ڈپٹی چیرمین سینٹ سلیم مانڈوی والا کیخلاف ریفرنس دائر کر دیا

میری خواہش تھی کہ نیب ریفرنس دائر کرے، ڈپٹی چیرمین سینٹ سلیم مانڈوی والا نے عدالت میں ڈٹ کر مقابلہ کرنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) جعلی اکاؤنٹس اسکینڈل میں نیب نے ڈپٹی چیرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا کیخلاف ریفرنس دائر کر دیا۔ الاٹمنٹ کیس میں باقاعدہ ملزم نامزد کر دیا۔ ان پر سرکاری پلاٹس اومنی گروپ کے عبدالغنی مجید کو بیچنے میں اعجاز ہارون کی سہولت کاری اور نیب نے سلیم مانڈوی والا کو کڈنی ہلز پلاٹس

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

PDM ادارے آئین کے تحت فرائض ادا کریں

ہماری جنگ فوج سے نہیں ہے، عمران خان جھوٹ بولنے میں بڑے ماہر ہیں، آئین کو کاغذ کا ٹکڑا سمجھنے والوں سے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر لڑائی جاری رہیگی، فضل الرحمٰن / محمود اچکزئی

عوام کے سمندر نے سلیکٹر اور سلیکٹڈ دونوں کے فیصلوں کو مسترد کر دیا ہے، پی ڈی ایم اسٹیبلشمنٹ پر واضح کرنا چاہتی ہے کہ آئین سب سے مقدس ہے، ہم آئین پر عمل کرانا چاہتے ہیں، مقررین کا خطاب

لورالائی (نمائندہ امروز) پی ڈی ایم کے سربراہ جے یو آئی کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمان پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و پی ڈی ایم کے مرکزی نائب صدر محمود خان اچکزئی جے یو آئی کے مرکزی جنرل سیکرٹری سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری مسلم لیگ ن کے سینیئر مرکزی نائب

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ کوئٹہ میں ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے افراد سے خطاب کر رہے ہیں

کرونا سے مزید 55 افراد جاں بحق، 2123 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا سے مزید 55 افراد جان کی بازی ہار

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت سے ترک وزیر خارجہ کی ملاقات

پاکستان اور ترکی کا تجارت و ثقافت کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ترکی کے وزیر خارجہ میولود چاوش اوغلو نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ترکی کا تجارت و ثقافت کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ کاروبار کرنے میں آسانی کی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت کیلئے پی ڈی ایم کوئی سیاسی چیلنج نہیں ہے، نور محمد دمڑ

گزشتہ روز پی ڈی ایم کا بلوچستان کے علاقے نصیر آباد ڈیرہ مراد جمالی کے جلسے میں عوام کی عدم شرکت کے بعد یہ ان کیلئے نشان عبرت بن چکا ہے

وفاقی حکومت نے اقتدار سنبھالنے کے بعد بلوچستان عوام سے ماضی میں کی جانے والی زیادتیوں کا ازلہ کرنے کیلئے بلوچستان کی ترقی و خوشحالی پر بھرپور توجہ مرکوز کیا ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و اسا و پی ایچ ای حاجی نور محمد خان دمڑ نے پی ڈی ایم کے ملک میں جاری احتجاج کے حوالے سے جاری کردہ بیان میں کہا کہ بلوچستان عوام کے ساتھ گزشتہ ستر سالوں سے سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا گیا لیکن موجودہ وفاقی حکومت نے اقتدار سنبھالنے کے بعد بلوچستان عوام سے ماضی میں کی جانے والی زیادتیوں کا ازلہ کرنے کیلئے بلوچستان کی ترقی و خوشحالی پر بھرپور توجہ مرکوز کیا ہے موجودہ وفاقی حکومت بلوچستان

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

محکمے کے تمام مطالبات جائز اور قابل عمل ہیں، عمران زرکون

محکمہ تعلقات عامہ حکومت کا انتہائی اہم محکمہ اور حکومتی کارکردگی کے حوالے سے موثر ہتھیار ہے، ناظم اعلیٰ نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

ہمارے مطالبات جائز اور قابل عمل ہیں، ہمارے ملازمین دیگر ضروری محکموں کے ملازمین سے زیادہ کام کرتے ہیں، وقاص شاہین کا مظاہرین سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) محکمہ تعلقات عامہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا احتجاج اور ٹوکن ہڑتال گیارویں روز بھی جاری رہی۔ اس موقع پر دفتر میں تین گھنٹے کی ٹوکن ہڑتال کر کے تمام امور جام کر دیئے گئے۔ احتجاجی مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ عمران خان زرکون نے کہا کہ محکمے کے تمام مطالبات جائز اور قابل عمل ہیں۔ محکمہ تعلقات عامہ حکومت کا انتہائی اہم محکمہ اور حکومتی کارکردگی کے حوالے سے موثر ہتھیار ہے۔ اگر اس محکمے کے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی موڈیز نے پاکستان کا بینکنگ آؤٹ لک مستحکم قرار دیدیا

کراچی (این این آئی) بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی موڈیز نے پاکستان کا بینکنگ آؤٹ لک مستحکم قرار

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کی جیلوں میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائیگا، ضیاء لانگو

آئندہ مالی سال کے آغاز سے محکمہ شہری دفاع کے لیے جدید آلات کی خریداری کے منصوبے پر بھی کام کا آغاز کر دیا جائیگا، صوبائی وزیر داخلہ و پی ڈی ایم اے بلوچستان

حکومت محکمہ جیل خانہ جات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، NTRC منصوبے سے متعلق منعقدہ اجلاس سے خطاب

ہری پور (خ ن) وزیر داخلہ بلوچستان ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ محکمہ جیل خانہ جات اور محکمہ شہری دفاع میں اصلاحاتی عمل کا سلسلہ اس کی تکمیل تک جاری رہیگا۔ بلوچستان کے مختلف جیلوں میں جدید ٹیکنالوجی متعارف کرا کر اس سے بھرپور استفادہ کیا جائے گا۔ انہوں نے ہری پور میں نیشنل ریڈیو ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن (NRTC) کے مجوزہ منصوبے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کے دوران بات چیت کرتے ہوئے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مستونگ، کلی مرغیے میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی

مستونگ (این این آئی) مستونگ نواحی علاقہ کلی مرغیے میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مستونگ، کمرے میں گیس بھر جانے سے دھماکہ، ایک شخص زخمی

مستونگ (این این آئی) مستونگ میں کمرے میں گیس بھر جانے سے دھماکہ ایک شخص زخمی۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام سے کئے گئے وعدوں کو عملی جامعہ پہناؤنگا، نور محمد دمڑ

زیارت ٹاؤن ماسٹر پلان سے زیارت کی خوبصورتی، سیاحت کو فروغ اور عوام کو روزگار ملے گا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ زیارت ٹاؤن ماسٹر پلان سے زیارت کی خوبصورتی، سیاحت کو فروغ اور عوام کو روزگار ملے گا۔ زیارت سٹی ماسٹر پلان سے زیارت سٹی کے تمام تر بنیادی مسائل حل ہونگے عوام سے کئے گئے وعدوں کو عملی جامعہ

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

امن و امان پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، وزیر اعظم

پاناما کے بعد براڈ شیٹ دوسرا بڑا اسکینڈل ہے، عمران خان کی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی لانے کی ہدایت

چینی درآمد کرنے کے لئے فوری انتظامات کئے جائیں، براڈ شیٹ کیس ہمارے موقف کا واضح ثبوت ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چینی درآمد کرنے کے لئے فوری انتظامات کئے جائیں، پاناما کے بعد براڈ شیٹ دوسرا بڑا اسکینڈل ہے، براڈ شیٹ کیس ہمارے موقف کا واضح ثبوت ہے۔ وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت ترجمانوں کا اجلاس ہوا جس میں پی ڈی ایم تحریک، براڈ شیٹ معاملہ اور چینی سمیت مہنگائی میں کمی لانے پر غور کیا گیا۔ حماد اظہر

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سندھ کے سابق گورنر محمد زبیر کیساتھ خفیہ رابطے کئے گئے ہیں، کیپٹن صفدر کا دعویٰ

ہمیں تو چائے کیساتھ کیک اور پیسٹری کی بھی آفر ہوئی ہے، مولانا چائے پینے نہیں، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن ریٹائرڈ صفدر نے انکشاف کیا ہے کہ سندھ کے سابق گورنر محمد زبیر کے ساتھ خفیہ رابطے کئے گئے ہیں

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسامہ قتل کیس، ملزمان نے بے گناہ نوجوان کو قتل کرنیکا اعتراف کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسامہ ستی قتل کیس میں تفتیشی افسر کے مطابق ملزمان نے اعتراف کیا ہے کہ ان کے ہاتھوں بے گناہ نوجوان قتل ہوا۔ اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی کی عدالت جج راجہ جواد عباس نے اسامہ ستی کیس کی سماعت کی۔ پولیس نے ملزمان کا جسمانی ریمانڈ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم سے ترک وزیر خارجہ کی ملاقات: تعلقات پر تبادلہ خیال

افغانستان میں تنازع کے پر امن حل کے لیے پاکستان اپنا مثبت کردار ادا کر رہا ہے، وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے پاک ترک تعلقات کو مضبوط معاشی شراکت داری میں بدلنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ یہ بات ترک وزیر خارجہ میولود چاوش اوغلو سے ملاقات کے دوران کہی۔ وزیراعظم نے ترک وزیر خارجہ کی ملاقات کے حوالے سے جاری کردہ

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، مقامی قبرستان سے ایک شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے مقامی قبرستان سے ایک شخص کی لاش برآمد۔ پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علا

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں خام لوہے کے 75 ملین ٹن ذخائر دریافت ہوئے ہیں، فرمان زرکون

صوبے میں کثرت سے پائے جانیوالے معدنی وسائل غیر ملکی سرمایہ کاروں کو فوائد حاصل کرنے کے بے شمار مواقع فراہم کرتے ہیں

ریکوڈک، سینڈک اور دودر سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے اب تک اعلیٰ معیار کی معدنیات دریافت ہو چکی ہیں، چیف ایگزیکٹو بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ صوبے میں کثرت سے پائے جانیوالے معدنی وسائل غیر ملکی سرمایہ کاروں کو فوائد حاصل کرنے کے بے شمار مواقع فراہم کرتے ہیں، ریکوڈک، سینڈک اور دودر سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے اب تک اعلیٰ معیار کی معدنیات دریافت ہو چکی ہیں۔ سینڈک ضلع چاغی اور دودر ضلع لسبیلہ میں معدنی شعبے کیلئے ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز موجود

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حج، عمرہ زائرین کو ویکسین لگانے میں ترجیح دی جائے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور کی جانب سے وزیراعظم عمران خان اور وزارت صحت کو حج اور عمرہ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم کی تحریک اندرونی اختلافات کی بدولت بستر مرگ پر ہے، بشریٰ رند

پی ڈی ایم اپنی آخری سانس لے رہی ہے عوام نے پی ڈی ایم کے بیانیے کو یکسر مسترد کر دیا ہے عوام حکومتی کارکردگی سے مطمئن ہیں، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات

حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں عوام کی فلاح و بہبود کیلئے روز اول سے کوشاں ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ حکومتی اقدامات کے اثرات نمودار ہونا شروع ہو گئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی تحریک اندرونی اختلافات کی بدولت بستر مرگ پر ہے اور اپنی آخری سانس لے رہی ہے عوام نے پی ڈی ایم کے بیانیے کو یکسر مسترد کر دیا ہے عوام حکومتی کارکردگی سے مطمئن ہیں، اور بالخصوص حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی قیادت میں عوام کی فلاح و بہبود کیلئے روز اول سے کوشاں ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ حکومتی اقدامات کے اثرات نمودار ہونا شروع ہو گئے ہیں یہ حکومتی کارکردگی پی ڈی ایم کیلئے بوکھلاہٹ کا سبب ہے پی ڈی ایم محض چند لوگوں کے مفاد کیلئے قائم ہوئی ہے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت نے مدارس کے بچوں کو پی ڈی ایم احتجاج میں شرکت سے روکنے کا فیصلہ کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے مدارس کے بچوں کو پی ڈی ایم احتجاج میں شرکت سے روکنے کا فیصلہ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے سینیٹر منظور احمد خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند سے ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ عمران زرکون ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے لوگ بہت وضع دار اور مہمان نواز ہیں، میجر جنرل فیاض حسین

بلوچستان میں امن و امان کی بہتری اور ترقی کیلئے قانون نافذ کرنیوالے اداروں نے مشترکہ طور پر اپنا اہم کردار ادا کیا ہے، آئی جی ایف سی نارتھ

عوام کے تعاون کے ساتھ ان کے جان و مال کی تحفظ کے لئے کافی حد تک کامیاب بھی رہے ہیں، پُرامن صوبہ ہماری معیشت اور ترقی کی ضمانت ہے، محسن حسن بٹ

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ سے تبادلہ ہونے والے آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل فیاض حسین شاہ نے الوداعی ملاقات کی قبل ازیں ان کی سینٹرل پولیس آفس آمد پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی دی۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پولیس جہانزیب خان جوگیزئی و دیگر آفیسران بھی موجود تھے میجر جنرل فیاض حسین شاہ نے اپنے اعزاز میں دی گئی منعقدہ الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی بہتری اور ترقی کے لئے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مشترکہ طور پر اپنا اہم کردار ادا کیا ہے بلوچستان پولیس پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دی گئی ذمہ داریوں کے باعث ہراول دستے کا کردار بڑی ذمہ داری کے ساتھ ادا کر رہی ہے۔ بلوچستان پولیس نہ صرف جرائم کے خاتمے بلکہ دہشت گردی کے خاتمے میں بھی سرگرم عمل ہے۔ صوبے کے لوگ بہت وضع دار اور مہمان نواز

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

میڈیکل کالجز میں 115 سیٹوں کے اضافے کا فائدہ صوبے کی عوام کو ہوا، تحریک بحالی بی ایم سی

طلباء سکالرشپ اجراء، فیسوں میں کئی گنا کی تحریک بحالی بی ایم سی کے جدوجہد کی مرہون منت ہے

کوئٹہ (این این آئی) تحریک بحالی بی ایم سی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ میڈیکل کالجز میں 115 سیٹوں کے اضافے کا فائدہ صوبے کی عوام کو ہوا طلباء سکالرشپ کا اجرا، فیسوں میں کئی گنا کی تحریک بحالی بی ایم سی کے جدوجہد کی مرہون منت ہے۔ چند عناصر نا اہل وائس چانسلر کی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی سی ایل کی تمام سروسز کے لائسنس میں 25 سال کی توسیع

پی ٹی سی ایل آئندہ 25 کے دوران ہر سال اس وقت ڈالر کے ریٹ کے حساب سے ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے پی ٹی سی ایل کی تمام سروسز کے لائسنس میں 25 سال کی توسیع کر دی۔ پی ٹی اے حکام نے نجی ٹی وی کو بتایا کہ 50 کروڑ میں پی ٹی سی ایل کی تمام سروسز کے لائسنس میں 25 سال کی توسیع کی گئی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جو بائیڈن کی تقریب حلف برداری میں بلاول، آصف زرداری کو مدعو کیا گیا، شہلا رضا کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) سندھ کی وزیر برائے ترقی خواتین و پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی سینئر رہنما

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہمارے معاشرے میں معذور افراد کو اتنی خاص توجہ نہیں دی جاتی، ممتاز کھیتران

ضلع میں معذور افراد کیلئے روزگار اور ٹیکنیکل تعلیم کے لئے مواقع پیدا کریں گے

کوہلو (نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں آل خدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے زیر اہتمام 15 معذور افراد میں وہیل چیئر تقسیم کرنے کی تقریب کوہلو میں منعقد ہوئی۔ 300 سے زائد خاندانوں میں گرم کپڑے تقسیم کئے گئے جبکہ آل ڈس ایبل ویلفیئر بلوچستان اور سائبان ویلفیئر سی کے مشترکہ پروگرام کے تحت ڈپٹی کمشنر کوہلو تھے ڈی سی کوہلو اور آل ڈس ایبل بلوچستان

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں کورونا وائرس سے صحتیاب افراد کی تعداد میں تقریباً 3 ہزار کا اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس سے صحتیاب افراد کی تعداد میں تقریباً 3 ہزار کا اضافہ ہو گیا۔ ملک میں سرکاری سطح پر اعداد و شمار کے حوالے سے قائم

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ترکی پاکستان کیساتھ ہمیشہ سے ہے اور رہے گا، ترک وزیر خارجہ

ترک وزیر خارجہ کا پاکستان میں مزید پاک ترک معارف اسکولز اور ایک پاک ترک معارف یونیورسٹی کھولنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) ترک وزیر خارجہ میولود چاوش اوغلو نے پاکستان میں مزید پاک ترک معارف اسکولز اور ایک پاک ترک معارف یونیورسٹی کھولنے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے ترک وزیر خارجہ میولود چاوش اوغلو نے پاک ترک معارف فاؤنڈیشن

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایف بی آر کی مربوط حکمت عملی کے باعث پاکستان کی برآمدات میں نمایاں افزائش

برآمدات اگست 2020 کی 1.6 ارب ڈالر سے بڑھ کر دسمبر 2020 میں 2.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر کی مربوط حکمت عملی کے باعث پاکستان کی برآمدات میں نمایاں افزائش، برآمدات اگست 2020 کی 1.6 ارب ڈالر سے بڑھ کر دسمبر 2020 میں 2.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، دسمبر 2020 میں پاکستانی برآمدات کی افزائش

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم سے اسامہ ستی کے والد کی ملاقات، مکمل انصاف کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے مرحوم اسامہ ستی کے والد ندیم یونس ستی سے ملاقات کی جس

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی پر الزامات لگانیوالوں کا مقدر شرمندگی ہے، شازیہ مری

شہزاد اکبر کا نیب میں ہونا ہی نیب کے منہ پر طمانچہ ہے، رہنما پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی سیکریٹری اطلاعات اور ممبر قومی اسمبلی شازیہ مری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی پر الزامات لگانے والوں کا مقدر شرمندگی ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ شہزاد اکبر کا نیب میں ہونا ہی نیب کے منہ پر طمانچہ ہے، نیب کی ساکھ پہلے ہی کوئی نہیں تھی شہزاد اکبر کے آنے کے بعد نیب مزید بدنام ہوا ہے۔

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسامہ ستی قتل، وزیر اعظم کی ہٹائے گئے تمام افسران کے خلاف کارروائی کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں اسامہ قتل کی تحقیقات کے معاملے پر وزیراعظم عمران خان نے وزیر داخلہ کو اسامہ قتل کیس کی جوڈیشل انکوائری کی سفارشات پر عمل کرنے کی ہدایت

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نیشنل ریڈیو ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن کے زیر اہتمام منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صدر مملکت نے ترک وزیر خارجہ کو ہلال پاکستان ایوارڈ سے نواز دیا

ترک حکومت پاکستان کے ساتھ تجارت و ثقافت سمیت دیگر شعبہ جات میں تعاون کو مزید بڑھانے کا ارادہ بھی رکھتی ہے

دونوں ممالک کے دوران تجارتی معاہدوں کے تحت پاکستان میں ترکی کی سرمایہ کاری ایک ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے ترکی کے وزیر خارجہ میولود چاوش اوغلو کو عالمی سطح پر امن کے فروغ کی کوششوں کے عوض انہیں پاکستان کے اعلی سول ایوارڈ ہلال پاکستان سے نواز دیا۔ ایوان صدر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ترک وزیر خارجہ میولود چاوش

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان نے چینی کمپنی کی کورونا ویکسین سائنوفام کو فائنل کر لیا

ویکسین کی ایڈوانس بکنگ کی طرف جا رہے ہیں، پہلے ہیلتھ ورکرز کو ویکسین لگائی جائے گی، ڈاکٹر نوشین حامد

سپر کووڈ میں جو لوگ برطانیہ سے آ گئے تھے ان کو ٹریس کر کے قرنطینہ کیا گیا، برطانیہ سے آنے والوں کو مانیٹر کیا جا رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر نوشین حامد نے کہا ہے کہ چینی کمپنی کی سائنو فام ویکسین کو فائنل کر لیا گیا ہے۔ کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر نوشین نے کہا ہے کہ کورونا ویکسین کے لیے 3 لاکھ سے زیادہ ہیلتھ ورکرز رجسٹرڈ ہو چکے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو امید ہے فروری کے وسط یا مارچ کے شروع تک ویکسین آ جائے گی۔ نوشین حامد نے کہا کہ ویکسین کی ایڈوانس بکنگ کی طرف جا رہے ہیں، پہلے ہیلتھ ورکرز کو ویکسین

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نواز شریف جس طرح فراڈ لگا کر باہر گئے وہ عوام اور ریاست کی توہین ہے، فواد چوہدری

پنجاب حکومت کو معاملے پر انکوائری کرنی چاہیے، وزارت داخلہ کو نواز شریف کو واپس لانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ نواز شریف جس طرح فراڈ لگا کر باہر گئے وہ عوام اور ریاست کی توہین ہے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 1

کاکڑ نے کہا کہ مرکزی انجمن تاجران کے مرکزی عہدیداروں اور سینئر ساتھیوں نے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کو شہر اور پورے صوبے میں مزید فعال اور منظم بنانے، تنظیمی سرگرمیوں کو مانیٹر کرنے، تنظیم کے خالی عہدوں کو پر کرنے اور ایک مستقل ایگزیکٹو باڈی تشکیل دینے کی تجویز دی تھی جس پر مرکزی انجمن تاجران بلوچستان اور اتحاد تاجران بلوچستان کے ساتھیوں نے چار ماہ کی دن رات محنت کے بعد مرکزی انجمن تاجران کی 17 رکنی ایگزیکٹو باڈی کو حتمی شکل دی ایگزیکٹو باڈی میں چیئرمین حاجی سعداللہ خان اچکزئی، ڈپٹی چیئرمین حاجی محمد ہاشم، ممبران میں جہانگیر لانگو، اللہ داد خان اچکزئی، حاجی خیال محمد، حاجی طالب جان کاکڑ، حاجی محمد عمر، حاجی نقیب اللہ کاکڑ، سید آغا ظہور شاہ، حاجی محمد داود ہزارہ، سید شاہ رضا، حاجی ودان علی، خرم اختر، سید عبدالخالق آغا، حاجی محمد ظفر کاکڑ، سید حسن علی اور ممبر لیگل ایڈوائزر اعطاء اللہ خان ایڈووکیٹ شامل ہیں۔ انہوں نے ایگزیکٹو باڈی کے نومنتخب چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین اور ممبران کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ ایگزیکٹو ممبران تنظیم کو ہر طرح سے منظم طریقہ کار پر چلائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے خلاف منفی پروپیگنڈہ میں مصروف ہیں اب ایگزیکٹو باڈی کے قیام کے بعد کوئٹہ شہر اور صوبے کے تاجروں کو یقین دلاتے ہیں کہ مستقبل میں ایگزیکٹو باڈی ان تمام کمزوریوں اور کوتاہیوں کو نہیں ہونے دے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایگزیکٹو باڈی پہلے مرحلے میں مرکزی انجمن تاجران کا کوئٹہ شہر میں ایک مستقل مرکزی سیکرٹریٹ قائم کریگی جس میں مرکزی انجمن تاجران کے عہدیدار اور ایگزیکٹو کمیٹی کا چیئرمین مستقل بنیادوں پر مرکزی سیکرٹریٹ میں موجود ہونگے اور مرکزی سیکرٹریٹ تاجروں کی خدمت کیلئے ہمیشہ کھلا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی خالی عہدوں پر جلد ہی مشاورت کے بعد نمائندوں کا انتخاب کیا جائے گا۔

بقیہ 2

عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایات پر ڈپٹی کمشنر سبی محمد یاسر بازئی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر لہڑی زوہیب الحق صدیقی کے احکامات کی روشنی میں تحصیلدار بختیار آباد میر لیاقت علی جتوئی کی سربراہی میں رسالدار میران خان ڈومکی اور حوالدار محمود خان سولنگی سمیت لیویز فورس اور کیو آر ایف فورس کے جوانوں کے ساتھ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بختیار آباد لیویز تھانہ کے حدود چکھڑا سے تین اشتہاری ملزمان محمد شریف ولد اللہ جوایا، محمد یعقوب ولد اللہ جوایا، اور محمد علی ولد محمد شریف اقوام سیال سکنہ چکھڑا کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار اشتہاری ملزمان قتل، اقدام قتل، چوری، ڈکیتی سمیت مختلف سنگین وارداتوں میں لیویز تھانہ بختیار آباد، بھاگ ناڑی اور نصیر آباد کی انتظامیہ کو مطلوب تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر لہڑی زوہیب الحق صدیقی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے لیویز انتظامیہ بختیار آباد ایسی کارروائیاں جاری رکھے گی انہوں نے بختیار آباد کی عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام اپنی لیویز فورس پر اعتماد کرتے ہوئے اپنا تعاون لیویز فورس کے ساتھ جاری رکھیں تاکہ ایسے جرائم پیشہ افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

بقیہ 3

سفارشی وملازمت خریدنے والوں کی چاندی ہے رشوت اقرباء پروری، ملازمتوں کی فروخت کی وجہ سے نوجوان مایوس اور احساس محرومی کا شکار ہیں جماعت اسلامی نوجوانوں کو ساتھ لیکر ظالموں کے خلاف بھرپور تحریک چلائیگی قوم جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تربت میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سارا سال تعلیم پر تجربات کیے جاتے ہیں سرکاری تعلیمی اداروں کو بھی کمانے کا ذریعہ بنایا گیا ہے بھاری فیسز کا مطالبہ غریبوں پر تعلیم کے دروازے بند کرنا ہے۔ نجی تعلیمی اداروں میں تعلیم مہنگا جبکہ سرکاری تعلیمی اداروں میں فیسز میں اضافہ کی وجہ سے کم آمدنی والے غریب طلباء پریشان ہیں حکومت اور فلاحی ادارے غریب اہل طلباء کیلئے میرٹ پر سکالرشپ کا اہتمام کریں بلوچستان میں تعلیم وتعلیمی اداروں پر ظلم ہورہا ہے جہالت کے اندھیروں کی وجہ سے بلوچستان کے حالات خراب تر ہورہے ہیں تعلیم وطلبہ پر تجربات بند کیے جائیں۔ جماعت اسلامی یہاں نے نوجوانوں کو روزگار، تعلیم وترقی کے مواقع فراہم کریں گے ضرورت اس امر کی ہے کہ قوم کو گزشتہ ستر بہتر سالوں سے بار بار تباہ کرنے والوں کا راستہ روکھا جائیں عوام الناس ان لٹیروں کو مسترد کریں جو بار بار قومیت، ومذہب کے نام پر ووٹ لیکر غائب جاتے ہیں جماعت اسلامی نے جب بھی کامیابی حاصل کی خدمت اہلیت انصاف کے ریکارڈ قائم کرتے ہوئے بدعنوانی کا راستہ روکھا ہے۔

بقیہ 4

کرنے کے لیے اتحادی جماعتوں کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں پی ٹی آئی کی حکومتی اتحاد میں شامل جماعتوں جی ڈی اے، ایم کیوایم، (ق) لیگ اور بی اے پی کی درپردہ مشاورت جاری ہے۔ سینیٹ انتخابات کے حوالے سے مسلم لیگ (ق) کے صوبائی ارکان کے ووٹ انتہائی اہمیت اختیار کر گئے ہیں، (ق) لیگ کی جانب سے بھی آئندہ چند روز میں بڑا اعلان متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین سینیٹ کی چیئرمین شپ کے لیے بطور امیدوار صادق سنجرانی کے نام پر اتفاق کی صورت میں ڈپٹی چیئرمین پی ٹی آئی کا ہوگا اور اس کے لیے سینیٹر مرزا محمد آفریدی کا نام ڈپٹی چیئرمین کے لئے زیرغور ہے۔

بقیہ 5

کی۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ اسپیشل الاؤنس کی مثال مال مفت دل بے رحم جیسی ہے، سرکاری اداروں کا آڈٹ اس لیے ہوتا ہے۔ وکیل نے کہا کہ الاؤنس دینا ہائر ایجوکیشن کا فیصلہ تھا، الاؤنس ختم کر دیا لیکن وصولی کیسی۔ صوبائی ہائر ایجوکیشن نے اسپیشل الاؤنس 2017 میں ختم کر دیا تھا، صوبائی ایچ ای سی کا فیصلہ لیکچرز نے ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا، ہائیکورٹ نے بقایاجات کی وصولی آسان اقساط میں وصول کرنے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ 6

میں کیس کی سماعت چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کی، ڈپٹی اٹارنی جنرل سید طیب شاہ عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے کہا کہ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل اور ان لینڈ ریونیو چیئرمین، ممبران کی تعیناتی رولز کی منظوری ہوچکی، چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان کو مسودہ Consultation کے لیے بھیجا گیا ہے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے کہا کہ جب بھی مشاورت کا عمل مکمل ہوگا ٹریبونلز، ججز کی تعیناتی کر دی جائے گی۔ عدالت نے کہا کہ اگر تعیناتی مکمل نہ ہو تو سیکرٹری قانون وانصاف آئندہ سماعت میں خود پیش ہوں، عدالت نے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی کردی

بقیہ 7

اہلکاروں کو معطل کر کے محکمہ تحقیقات کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ سلانوالی میں پولیس نے ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث بلا نامی ملزم کو گرفتار کیا جو پولیس اہلکاروں کی غفلت اور لاپرواہی کی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگیا۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر ڈی پی او سرگودھا ذوالفقار احمد نے غفلت کے مرتکب اے ایس آئی عابد کو معطل کر کے حوالات میں بند کردیا گیا یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ایک روز قبل کوٹ مومن میں محافظ سکواڈ کے اہلکار محمد آصف کے ہاتھوں فائرنگ میں شہری جاں بحق ہوا جسے پولیس نے ڈکیت قرار دیتے ہوئے واقعہ میں ملوث کانسٹیبل کیخلاف مقدمہ قتل درج کرلیا تھا۔ ان واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او ذوالفقار احمد نے ملوث ملزمان اہلکاروں کو معطل کر کے محکمانہ تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔

بقیہ 8

رپورٹ جمع نہیں کرائی گئی۔ صدر ہائی کورٹ بار حسیب چوہدری نے کہا کہ نہ وکیلوں نہ اس عدالت کے احکامات کو حکومت وقعت دے رہی ہے۔ عدالت نے کہا کہ ملک بھر میں یہ واحد ڈسٹرکٹ کورٹس ہیں جن کی ذمہ داری وفاقی حکومت پر ہے، جو حالات کچہری اور اسلام آباد کی عدالتوں میں سہولیات کے ہیں ان کی ذمہ داری حکومت پر ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کیا مشیر وزیراعظم شہزاد اکبر نے کچہری اور جوڈیشل کمپلیکس کا دورہ کیا ہے؟۔ وکیل شعیب شاہین نے کہا کہ نہ دورہ کیا نہ گزشتہ سماعت کے بعد ہم سے رابطہ کیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہم یہ معاملہ وفاقی کابینہ کو بھیجیں گے، نیب کورٹس کے پاس کیسز ہیں سہولیات نہیں ججز بھی انسان ہیں۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل سید طیب شاہ نے کہا کہ ایک ہفتے میں ہدایات لیکر رپورٹ عدالت میں جمع کرا دوں گا۔ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ ریاست کی ترجیحات دیکھنا ہوں تو اسلام آباد کو ہی دیکھ لیں۔ عدالت نے کہا کہ وکیل، ججز اپنی سہولیات کے لیے نہیں عام سائلین کے لیے سہولت مانگ رہے ہیں۔ وکیل شعیب شاہین نے کہا کہ کچہری میں بھی ججز کے رہنے کے لیے سہولیات موجود نہیں۔ وکیل شعیب شاہین نے کہا کہ وزیراعظم کو طلب کر کے پوچھا جائے کیوں اس عدالت کے حکم پر عمل درآمد نہیں ہورہا۔ وکیل نے کہا کہ کچہری میں کورٹس کے رینٹ بھی نہیں دیئے جارہے ایک سال سے معاملہ التوا میں ہے۔ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ عدالت اس سے متعلق مناسب تحریری حکم جاری کریگی۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 9 فروری تک ملتوی کردی

بقیہ 9

مشاورت کی جائے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ چینی کی درآمد ملک میں چینی کی قیمتوں میں استحکام لانے کے لیے کی جائیگی، رواں سال گنے کی پیداوار زیادہ ہے اور چینی کی پیداوار بھی گزشتہ سال کی نسبت زائد متوقع ہے لیکن شوگر ملز مالکان چینی کی پیداوار زائد کر چکے مگر ریلیز کم کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق شوگر ملز مالکان ممکنہ طور پر منافع کے لیے چینی کی ریلیز کم کر رہے ہیں۔

بقیہ 10

نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے جبکہ گیسٹروسکوپی اسسٹنٹ کی آسامی پر بھرتی کے وقت جعلی ڈپلومہ دینے والے مدثر حبیب کے خلاف مقدمہ کے اندراج کے لئے محکمہ اینٹی کرپشن کو مراسلہ بھی بھجوادیا گیا ہے۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ایم ایس ڈاکٹر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ جعلی کاغذات کا سہارا لے کر ملازمت کے دوران تنخواہیں وصول کرنے والے ملازم نے قومی خزانے کو جو نقصان پہنچایا ہے اُس سے ایک ایک پائی واپس لے کر سرکاری خزانے میں جمع کروائیں گے اور انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں گے تاکہ آئندہ کوئی ایسی کارروائی کا متحمل نہ ہو۔ تفصیلات کے مطابق مدثر حبیب 12 اگست 2009 کو گیسٹروسکوپی اسسٹنٹ بھرتی ہوا تھا جس ڈپلومہ کی بنیاد پر اُس نے ملازمت حاصل کی تھی حکومتی پالیسی کے مطابق پنجاب میڈیکل فیکلٹی سے تصدیق کروانے پر مدثر حبیب کا ڈپلومہ جعلی نکلا جس پر فوری طور پر اُس کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا۔ علاوہ ازیں محمد افراز افراہیم ریڈیوگرافر جو یکم مئی 2020 سے مسلسل غیر حاضر تھا جس کو ضابطے کی مکمل کارروائی کرنے کے بعد اسے بھی ملازمت سے فارغ کر دیا گیا ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالرزاق نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دھوکہ دہی اور جعلسازی سے بھرتی ہونے والے عناصر کسی بھی رعائیت کے مستحق نہیں ہوسکتے اور اُن کے خلاف فوری محکمانہ کارروائی عمل میں لائیں گے۔ ایم ایس جنرل ہسپتال نے کہا کہ ملازمین کی تعلیمی اسناد اسٹوفکیٹ/ڈپلومہ کی ترجیحی بنیادوں پر تصدیق کروا رہے ہیں اور جہاں کہیں بھی دھوکہ دہی اور بوگس کاغذات پائے گئے وہاں مروجہ اصولوں کے مطابق سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور فوری ایکشن ہوگا۔

بقیہ 11

کئے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے باچاخان میڈیکل کمپلیکس ضلع صوابی میں نرسنگ میڈیکل وارڈز اور پیرامیڈیک انسٹیٹیوٹ کے افتتاح تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان، صوبائی وزیر صحت تیمور خان جھگڑا اور صوبائی وزیر تعلیم شہرام خان ترکئی بھی موجود تھے۔ سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ موجودہ حکومت پسماندہ طبقوں کو اوپر لانے اور انکے فلاح وبہبود کیلئے تمام وسائل وموثر پیمانے بروئے کار لارہی ہے، عمران خان نے ہمیشہ غریب اور مستحق لوگوں کی فلاح وبہبود کیلئے جدوجہد کی ہے اور آج صحت انصاف کارڈ اور شوکت خانم ہسپتال جیسے منصوبے عمران خان کے وژن اور حکمت عملی زندہ مثالیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے ہمیشہ چیلنجز قبول کئے ہیں اور چیلنجز کا سامنا کیا ہے، پاکستان تحریک انصاف کی حکومت جب اقتدار میں آئی تو خزانہ خالی تھا، عمران خان نے اس تھوڑے اثاثوں کیساتھ ملک چلانے کا چیلنج بھی قبول کرلیا اور آج الحمداللہ پاکستان ترقی کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت انصاف کارڈ سے اب غریب علاج معالجے کیلئے کسی کے در پر دستک نہیں دیں گے بلکہ 10 لاکھ روپے تک اپنا اور خاندان کا علاج معالجہ کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت انصاف کارڈ منصوبے پر سالانہ 20 ارب روپے کی لاگت آئیگی، عمران خان نے اپنا وعدہ پورا کردیا اور آئندہ بھی غریب عوام کی فلاح وبہبود کیلئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گے۔

بقیہ 12

عوام کو فراہم کی جائیں جو طریقہ گزشتہ کئی سالوں سے رائج ہے، جس کا مقصد کسی کی دل آزاری مقصود نہیں، نیب ایک انسان دوست ادارہ ہے جو قانون کے مطابق ہر شخص کی عزت نفس کا احترام کرنے پر یقین رکھتا ہے، نیب کی تمام انکوائریاں اور انوسٹی گیشنز مبینہ الزامات کی بنیاد پر شروع کی جاتی ہیں جو کہ حتمی نہیں ہوتیں، نیب قانون کے مطابق تمام متعلقہ افراد سے بھی ان کا موقف معلوم کرنے کے بعد مزید تحقیقات کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرتا ہے۔ قومی احتساب بیورو کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس میں 02 ریفرنسز کی منظوری دی گئی۔ قومی احتساب بیورو کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس میں جام خان شورو رکن صوبائی اسمبلی سندھ/سابق وزیر لوکل گورنمنٹ حکومت سندھ، ماسٹر کران خان شورو، کاشف شورو، چیئرمین ٹاؤن کمیٹی قاسم آباد حیدر آباد، سجاد حیدر شاہ، ڈسٹرکٹ آفیسر ریونیو، شاہ نواز سومرو اسسٹنٹ کمشنر قاسم آباد حیدر آباد، اختر علی شیخ، مختیارکار، قاسم آباد حیدر آباد، علی ذوالفقار میمن، مختیارکار قاسم آباد حیدر آباد، امتیاز سولنگی، سپروائزنگ تپیدار، دہ جام شورو، بچل میر بہار، تپیدار، دہ جام شورو، پیر بخش جتوئی تپیدار دہ جام شورو، انوار باقی لینڈ ریکارڈ آفیسر، سیٹلمنٹ سروے اینڈ لینڈ ریکارڈ آفیسر حیدر آباد، خداداد مری انسپکٹر ریونیو اینڈ سٹی سروے سیٹلمنٹ سروے اینڈ لینڈ ریکارڈ آفیسر حیدر آباد، طاہر علی بھمبرو ریونیو سروئیر حیدر آباد، بخت علی ڈیگیو سروے تپیدار سیٹلمنٹ سروے اینڈ لینڈ ریکارڈ آفیسر حیدر آباد، ذیشان قریشی سروے تپیدار سیٹلمنٹ سروے اینڈ لینڈ ریکارڈ آفیسر حیدر آباد، لیار لیاری ریونیو سروئیر سیٹلمنٹ سروے اینڈ لینڈ ریکارڈ آفیسر حیدر آباد، شاہد پرویز میمن، ایڈیشنل ڈائریکٹر پی اینڈ ڈی سی حیدر آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی، محمد بچل راہوتو، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر قاسم آباد حیدر آباد کے خلاف ریفرنس دائر کرنے کی منظوری دی گئی۔ ملزمان پر غیر قانونی طور پر اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے دہ جام شورو قاسم آباد سندھ میں سرکاری اراضی پر قبضہ کر کے ذاتی استعمال میں لانے کا الزام ہے۔ جس سے قومی خزانہ کو تقریباً 5 ارب روپے کا نقصان پہنچا۔ قومی احتساب بیورو کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس میں عادل کریم ڈپٹی ڈائریکٹر بورڈ آف انوسٹمنٹ اسلام آباد، محمد ایوب ڈائریکٹر بورڈ آف انوسٹمنٹ اسلام آباد، محمد مسلم سابق ڈائریکٹر بورڈ آف انوسٹمنٹ اسلام آباد، فہد علی چوہدری ڈائریکٹر بورڈ ڈائریکٹوریٹ انٹرنل آڈٹ کسٹمز اسلام آباد، فہد علی چوہدری ڈائریکٹر بورڈ ڈائریکٹوریٹ انٹرنل آڈٹ کسٹمز اسلام آباد، نعیم اعجاز قریشی ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ انٹرنل آڈٹ کسٹمز اسلام آباد، محمود عالم سابق ممبر انڈائریکٹ ٹیکسز پالیسی ایف بی آر، سکندر اسلم سابق کمشنر ان لینڈ ریونیو رجنل ٹیکس آفس کراچی اور دیگر کے خلاف ریفرنس دائر کرنے کی منظوری دی گئی۔ ملزمان نے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے قومی خزانے کو تقریباً 417.409 ملین روپے کا نقصان پہنچایا۔ قومی احتساب بیورو کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس میں (07) انکوائریز کی منظوری دی گئی۔ جن میں فدا خان، آفتاب خان (فرنٹ مین)، اویس مظفر ٹپی اور دیگر، کراچی پورٹ ٹرسٹ کے افسران/اہلکاران اور دیگر، قادر بخش اور دیگر، ڈاکٹر احمد ندیم اکبر سابق رجسٹرار پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل اور دیگر، محمد اکبر بلوچ پراجیکٹ ڈائریکٹر سولر سسٹم فار واٹر سپلائی اینڈ ڈرینج سکیمز، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ حکومت سندھ اور دیگر، شعیب احمد گولا سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کوئٹہ محمد رفیق بٹھان اور دیگر کے خلاف انکوائریز کی منظوری شامل ہے۔ قومی احتساب بیورو کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس میں (05) انوسٹی گیشنز کی منظوری دی گئی۔ جن میں سپیشل انیشی ایٹو ڈیپارٹمنٹ حکومت سندھ کے افسران/اہلکاران، میسرز پاک اوسز انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ اور دیگر، اسلم شاہ چیئرمین پی ایم ایس (PMS)، جی آئی ڈی اے (GIEDA)، فرید احمد سابق منیجنگ ڈائریکٹر جی آئی ڈی اے، الاٹمنٹ کمیٹی کے اراکین، سابق پی ڈیز اینڈ ایم ڈیز جی آئی/جی آئی ای ڈی اے اور دیگر، فشریز ڈیپارٹمنٹ کی انتظامیہ اور دیگر، سہیل انور سیال سابق صوبائی وزیر داخلہ سندھ، علی انور اور دیگر اور بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی انتظامیہ اور دیگر کے خلاف انوسٹی گیشنز کی منظوری شامل ہے۔ قومی احتساب بیورو کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس میں بلوچستان حکومت کیلئے MI-171E ہیلی کاپٹر کی پروکیورمنٹ کمیٹی اور دیگر کے خلاف انکوائری اب تک کے عدم ثبوت کی بنیاد پر قانون کے مطابق بند کرنے کی منظوری دی گئی۔ قومی احتساب بیورو کے چیئرمین جسٹس جاوید اقبال نے کہا کہ ملک سے بدعنوانی کا خاتمہ اور کرپشن فری پاکستان نیب کی اولین ترجیح ہے۔ نیب احتساب سب کے لئے کی پالیسی پر قانون کے مطابق عمل پیرا ہے۔ نیب انسداد بدعنوانی کا قومی ادارہ ہے۔ نیب کا تعلق کسی سیاسی جماعت، گروہ اور فرد سے نہیں بلکہ صرف اور صرف ریاست پاکستان سے ہے۔ نیب نے اپنے قیام سے اب تک 714 ارب روپے بلواسطہ اور بلا واسطہ طور پر بدعنوان عناصر سے برآمد کر کے قومی خزانے میں جمع کروائے ہیں۔ نیب کی کارکردگی کو معتبر قومی اور بین الاقوامی اداروں نے سراہا ہے جو نیب کیلئے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام شکایات کی جانچ پڑتال، انکوائریاں اور انوسٹی گیشنز ٹھوس شواہد کی بنیاد پر قانون کے مطابق مقررہ وقت کے اندر منطقی انجام تک پہنچانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ انوسٹی گیشن آفیسرز اور پراسیکوٹرز پوری تیاری کے ساتھ معزز عدالتوں میں نیب مقدمات کی پیروی کریں جہاں قانون اپنا راستہ خود اختیار کرے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ نیب میں آنے والے ہر شخص کی عزت نفس کا مکمل خیال رکھا جائے۔ اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ چیئرمین نیب نے ہدایت کی کہ جعلی ہاؤسنگ سوسائٹیز اور کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کے مقدمات کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے تاکہ بدعنوان عناصر سے متاثرین کی لوٹی گئی رقوم برآمد کر کے بروقت حقداران کو قانون کے مطابق واپس کی جاسکیں۔

بقیہ 13

، انڈیا پاکستان میں فرقہ ورانہ فسادات کرانا چاہتا تھا تاہم بری طرح ناکام ہوا۔ میں پاکستان ہوں امن میری پہچان ہے کے عنوان سے تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب سے خطاب میں وزیر ماحولیات زرتاج گل نے کہا کہ انڈیا اور اسرائیل مللر پاکستان کا تشخص خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں تاہم پاکستان قیامت تک قائم رہے گا اور ایک دن دنیا کی سب سے بڑی طاقت بنے گا۔ صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سردار یاسر الیاس کا تقریب سے خطاب میں کہنا تھا کہ ہمارے ملک کے خلاف ہمیشہ منفی پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے ہم دنیا کو دکھانا چاہتے ہیں کہ ہم امن پسند قوم ہیں۔ تقریب کے اختتام پر زرتاج گل کو لیڈی آف انسپائریشن کی شیلڈ پیش کی گئی۔

بقیہ 14

میں تھے۔ پولیس کے مطابق کانسٹیبل صغیر کے قتل میں ملوث 2 ڈاکوؤں اشفاق اور غلام رسول کو برآمدگی کے لیے لے جایا جارہا تھا کہ گاؤں ڈھوس کے قریب ان کے ساتھیوں نے پولیس پر حملہ کردیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ بند ہوئی تو دونوں گرفتار ڈاکو ہلاک ہوچکے تھے، جبکہ ڈاکوؤں کے ساتھی دھند کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ڈاکو کانسٹیبل صغیر کے قتل کا اعتراف کرچکے تھے جن کی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے بھجوادی گئی ہیں۔

بقیہ 15

تمام جامعات میں مالی خسارے سے بچنے کے لیے نئے بھرتی ہونے والے ملازمین کی پنشن کی سہولت ختم کردی۔ ہائر ایجوکیشن خیبر پختونخوا کے اعلامیے کے مطابق صوبے میں جامعات کے زیرنگرانی اسکولوں کی فیسوں پر بھی نظرثانی کر کے فیس بڑھانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ جامعات کے ملازمین کے میڈیکل اور ہاس الاؤنس کو تبدیل کر کے صوبائی حکومت کے اسکیل کے برابر لایا جائے جبکہ مرمت، سکیورٹی اور دیگر اخراجات کے لیے کیمپس کے اندر رہائش پذیر ملازمین سے پیسے وصول کیے جائیں تاکہ جامعات پر کم سے کم بوجھ پڑھ سکے۔

بقیہ 16

گئے۔ وفاقی وزیر زرتاج گل نے بھی اپنے تصدیق شدہ ٹوئٹر اکاؤنٹ پر خصوصی بیان جاری کیا ہے۔ زرتاج گل نے ٹوئٹر پر آئی سی سی کی جانب سے جاری کئے گئے پول کے نتائج کی تصویر شیئر کی جس کے مطابق عمران خان بھارتی کپتان ویرات کوہلی سے صرف ایک فیصد زیادہ ووٹ حاصل کرنے پر کامیاب ہوئے ہیں یعنی اس پول میں عمران خان کو 47 فیصد ووٹ ملے ہیں جبکہ ویرات کوہلی کو 46 فیصد ووٹ ملے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تمام تر انصاف کے ساتھ، سروے بڑے پیانے پر فرق کو پوری طرح سے ظاہر نہیں کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان برصغیر کے سب سے بڑے کرکٹر اور کپتان ہیں۔ زرتاج گل نے کہا کہ ویرات کوہلی بہت احترام کے مستحق ہیں لیکن اصل کنگ خان کے خلاف ان کا مقابلہ کرنا غیر منصفانہ ہے۔

بقیہ 17

پاکستان کے ساتھ انتہائی برادرانہ اور قریبی تعلقات ہیں، پاکستانی قیادت کے مثبت وتعمیری کردار کو سراہتا ہوں، پاکستان افغانستان میں قیام امن کے کیے تمام تر کوششیں کررہا ہے، پاکستان اور افغانستان دونوں مل کر

روزنامہ امروز کوئٹہ
روزنامہ امروز کوئٹہ بروز 14 جنوری 2021ء

قطر کی غزہ کی پٹی کے عوام کیلئے امدادی پیکیج میں ایک سال کیلئے توسیع

غزہ کی پٹی کے عوام کے لیے قطر کے امدادی پیکیج کی تاریخ کا فی الحال تعین نہیں ہوسکا ہے تاہم اس حوالے سے کسی بھی وقت اعلان کیا جاسکتا ہے، فلسطین کے مقامی اخبار کو ابو مرزوق کا انٹرویو

قطر کے فلسطین میں سفیر اور غزہ کی تعمیر نو کمیٹی کے سربراہ محمد العمادی رواں ماہ کے آخر میں غزہ کا دورہ کریں گے، دوحا کی غزہ کے عوام کے لیے ڈونیشن کا میکا نزم حسب سابق رہے گا جس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی

دوحا (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے شعبہ تعلقات عامہ کے انچارج ڈاکٹر موسیٰ ابو مرزوق نے کہا ہے کہ قطر نے غزہ کی پٹی کے عوام کے لیے ماہانہ بنیادوں پر امدادی پیکیج میں مزید ایک سال کی توسیع کی ہے۔ قطر کے فلسطین میں سفیر اور غزہ کی تعمیر نو کمیٹی کے سربراہ محمد العمادی رواں ماہ کے آخر میں غزہ کا دورہ کریں گے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق فلسطین کے ایک مقامی اخبار کو دیے گئے انٹرویو میں ابو مرزوق نے کہا کہ غزہ کی پٹی کے عوام کے لیے قطر کے امدادی پیکیج کی تاریخ کا فی الحال تعین نہیں ہوسکا ہے تاہم اس حوالے سے کسی بھی وقت اعلان کیا جاسکتا ہے۔ قطر کی طرف سے غزہ کی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسسٹنٹ کمشنر ... میڈیا کو بریفنگ کر رہے ہیں

فلسطینیوں کا ٹرائل روکنے کیلئے سعودی مجلس شوریٰ سے مداخلت کا مطالبہ

سعودی عدالت ایک ماہ کے اندر اندر فلسطینی اسیران کے خلاف فیصلہ سنانے کی تیاری کر رہی ہے، اسپیکر پارلیمنٹ

کرونا کی عالمی وبا کے باوجود فلسطینی قیدیوں کو سعودی جیلوں میں کسی قسم کا تحفظ حاصل نہیں ہے اور ان کی زندگیاں خطرے میں ہیں

مقبوضہ غزہ (این این آئی) فلسطینی پارلیمنٹ کے ڈپٹی اسپیکر ڈاکٹر احمد بحر نے سعودی عرب میں بزرگ فلسطینی رہ نما ڈاکٹر محمد الخضری سمیت دیگر درجنوں فلسطینیوں کے ٹرائل کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے سعودی عرب کی مجلس شوریٰ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سعودی جیلوں میں قید فلسطینیوں کا ظالمانہ ٹرائل روکنے کے لیے مداخلت کرے اور زیر حراست فلسطینیوں کی رہائی کے لیے اقدامات کرے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق فلسطینی ڈپٹی اسپیکر احمد بحر نے سعودی مجلس شوریٰ کے چیئرمین عبداللہ بن محمد آل الشیخ کو ایک مکتوب ارسال کیا ہے، جس میں ان سے اپیل کی گئی کہ وہ جیلوں میں قید اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے رہ نماؤں ڈاکٹر محمد الخضری اور ان کے صاحب زادے انجینیر ہانی الخضری سمیت دیگر تمام فلسطینی قیدیوں کی رہائی کے لیے اقدامات کریں۔ انہوں نے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم عمران خان نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے تحت ای بڈنگ، ای بلنگ اور جی آئی ایس میپنگ کے آغاز کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

القدس: الربابہ کالونی کے باشندوں کو بقاء کا چیلنج درپیش

وادی الربابہ کا علاقہ ملکیت کے اعتبار سے مبہم اور غیر واضح علاقہ سمجھا جاتا ہے، وادی الربابہ کالونی میں 800 فلسطینی آباد، رہائشی دن رات غاصب صہیونیوں کے جرائم کا سامنا کر رہے ہیں، رپورٹ

ایسی اراضی اور املاک جس کے فلسطینیوں کے پاس مالکانہ حقوق نہیں یا جن فلسطینیوں کی وہاں پر رجسٹریشن نہیں ان کی اراضی ان سے چھین کر متروکہ اراضی قرار دے کر اسے اسرائیلی ریاست کے حوالے کیا جاتا ہے

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطین کے دوسرے علاقوں کی طرح مسجد اقصیٰ کے جنوب میں سلوان کے مقام پر واقع وادی الربابہ کو القدس شہر کی خوبصورت وادیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ وادی ایک کالونی ہے جسے گذشتہ کئی عشروں سے یہودی آباد کاری اور غاصبانہ توسیع پسندی کے جرائم کا سامنا ہے۔ وادی الربابہ کالونی میں 800 فلسطینی آباد ہیں۔ یہ کالونی دن رات غاصب صہیونیوں کے جرائم کا سامنا کر رہی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وادی الربابہ کالونی کا کل رقبہ 210 دونم ہے۔ کالونی کے فلسطینیوں کو اپنی بقا کا چیلنج درپیش ہے کیونکہ صہیونی انہیں ان کے وطن اور گھروں سے کال باہر کرنا چاہتے ہیں۔ اسرائیلی ریاست وادی الربابہ پر قبضے کی سازشیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ وہاں پر کئی توسیع پسندانہ منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ ان میں نمایاں

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور چین ایک ساتھ دو محاذوں پر ایک سنگین خطرہ ہیں، بھارتی آرمی چیف

اس خطرے سے نمٹنے میں ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ کس محاذ پر زیادہ بڑا خطرہ ہے، پہلے بڑے خطرے سے نمٹنا ہوگا، گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی آرمی چیف جنرل منوج مکند نروَنے نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین ایک ساتھ دو محاذوں پر ایک سنگین خطرہ ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بری فوج کے سربراہ نے فوج کی سالانہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چین اور پاکستان کے درمیان فوجی اور غیر عسکری تعاون اور اشتراک میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ دو محاذوں پر ٹکرا کا سوال ایک ایسا

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

انڈونیشی جہاز کی تلاش میں بڑی پیش رفت، بلیک باکس برآمد کرلیا گیا

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا کے حادثے کا شکار ہونے والے سری وجایا ایئر کے بوئنگ 737-500 طیارے کا بلیک باکس برآمد کر لیا گیا ہے۔ ابھی تک یہ واضح نہیں کہ ملنے والا آلہ کاک پٹ وائس ریکارڈر ہے یا

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ کی اپنی جماعت کے بعض ارکان مواخذے کے حامی، مخالفت میں ووٹ دیدیا

ٹرمپ نے مواخذے کو مضحکہ خیز کارروائی قرار دیدیا، کیپٹل ہل پر حملے میں پانچ ہلاکتوں کا ذمہ دار نہیں، ردعمل

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اپنی ہی جماعت ری پبلکن پارٹی کے بعض ارکان نے ... ووٹ دینے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بعض ری پبلکن ارکان نے بھی صدر کے ...

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا میں 70 سال پہلی خاتون مجرم کو سزائے موت دے دی گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں سات دہائیوں بعد پہلی خاتون مجرم کو سزائے موت دیدی گئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی محکمہ انصاف کے ...

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی فوج نے غرب اردن میں 7 فلسطینی مزدوروں کو گولی ماردی

اسرائیلی فوج نے البوابہ کے مقام پر فلسطینی مزدوروں کو گولیاں ماریں جس کے نتیجے میں کم سے کم 6 مزدور زخمی ہوگئے

اسپتال میں لائے گئے زخمیوں کی ٹانگوں میں گولیاں لگیں، ان میں سے دو کی پنڈلیوں کی ہڈیاں ٹوٹ چکی، عینی شاہدین

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چین کورونا وبا کے خلاف جنگ میں غریب ممالک کی مدد کرے گا، وائٹ پیپر

ترقی پذیر ممالک کے علاوہ عالمی تعاون کی تنظیموں اور اداروں کے ساتھ بھی کثیر جہتی تعاون جاری رکھا جائے گا، بیان

بیجنگ (این این آئی) چین اپنی صلاحیت کے مطابق متعلقہ ترقی پذیر ممالک کی اصل ضروریات کی بنیاد پر وبا کے خلاف جنگ میں ہر ممکن حد تک امداد فراہم کرے گا اور عالمی سطح پر صحت عامہ کے میدان میں اپنا کردار ادا کرے گا، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان خیالات کا اظہار چینی ریاستی کونسل کے ایک حالیہ وائٹ پیپر میں کیا گیا۔ چین کی ریاستی کونسل کے دفتر اطلاعات نے حال ہی میں نئے عہد میں چین کے بین الاقوامی ترقیاتی تعاون کے عنوان سے ایک قرطاس ابیض (وائٹ پیپر) جاری کیا

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارتی میڈیا پاکستان دشمنی میں اصولوں کی دھجیاں اڑانے لگا

عمران خان کے ڈیو کلپ کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے پر بھارتی ٹی وی کو شرمندگی اٹھانا پڑی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی میڈیا پاکستان دشمنی میں ریٹنگ حاصل کرنے کیلئے پیشہ وارانہ اصولوں کی دھجیاں اڑانے لگا جب کہ وزیراعظم عمران خان کے ویڈیو کلپ کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے پر اسے شرمندگی اٹھانا پڑی۔ حقائق پرکھنے والی ویب سائیٹ اے ایل ٹی نیوز کے مطابق بھارتی میڈیا کی طرف سے دعویٰ کیا گیا کہ وزیراعظم عمران خان نے اعتراف کیا ہے کہ بھارت نے 73 برسوں میں ایسی مضبوط اور فولادی عزم رکھنے والی حکومت نہیں دیکھی جیسی اب ہے۔ یہ کلپ بھارتی میڈیا نے وائرل کر کے دعویٰ کیا کہ پاکستانی وزیراعظم نے بھارتی حکومت کی تعریف کی۔ حالانکہ ویڈیو میں عمران خان کو کہتے سنا جاسکتا

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیل کو سال 2020 کے دوران 50 ارب ڈالر بجٹ خسارے کا سامنا

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی حکام نے کہا ہے کہ سال 2020 کے دوران صہیونی ریاست کو 50 ارب ڈالر کے بجٹ خسارے کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ عمران ذرکون، آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر وقاص شاہین اور ٹیکنیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے یونٹ صدر شمس اللہ کاکڑ مطالبات کی عدم منظوری کے حوالے سے احتجاجی کیمپ سے خطاب کر رہے ہیں

لبنان میں آج سے مکمل لاک ڈاؤن، دکانوں پر خریداروں کا رش، اشیاء غائب

لاک ڈاؤن کے دوران پہلی مرتبہ سپر مارکیٹیں بھی مکمل بند، ہر قسم کے اجتماعات پر پابندی ہوگی

بیروت (این این آئی) لبنان کی سپریم دفاعی کونسل نے آج (جمعرات) سے گیارہ روز کے لیے مکمل لاک ڈاؤن کے نفاذ کا اعلان کیا ہے۔ اس کے بعد شہری اور مکین تمام چھوٹی بڑی دکانوں اور سپر مارکیٹوں سے دھڑا دھڑ اشیائے ضروریہ خرید کر رہے ہیں اور انھوں نے دکانوں کے شیلف خالی کر دیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس لاک ڈاؤن کے دوران پہلی مرتبہ سپر مارکیٹیں بھی مکمل بند کی جارہی ہیں۔ ان کے علاوہ تمام بنک، ریسٹوران، نجی ادارے، اسکول، جامعات، اسپورٹس اسٹیڈیم اور عبادت خانے بند رہیں گے۔ ہر قسم کے اجتماعات اور تقاریب کے انعقاد پر پابندی ہوگی۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ لبنانی ریاست

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی ولی عہد کی دی لائن میگا پروجیکٹ کے اعلان پر کابینہ کی مبارک باد

ریاض (این این آئی) سعودی کابینہ کا ورچوئل اجلاس خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی صدارت میں منعقد ہوا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اجلاس کی ابتدا میں شاہ سلمان نے برادر ملک کویت کے امیر شیخ نواف الاحمد الجابر الصباح کے ساتھ ٹیلی فون پر رابطے اور زیر بحث آنے والے امور سے متعلق گفتگو کی۔ بعد ازاں کابینہ کے ارکان نے صحت کے سیکٹر کے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جسمانی طور پر جڑی یمنی بچیاں علاج کے لیے سعودی عرب منتقل

دونوں بچیوں کو خادم الحرمین الشریفین کی خصوصی ہدایت پر سعودی عرب منتقل کیا گیا، طبی حکام

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں جسمانی طور پر جڑی دو یمنی بچیوں کو علاج کے لیے سعودی عرب منتقل کر دیا گیا ہے۔ بچیوں کے ان کے والدین کے ہمراہ صنعا سے سعودی عرب کے دارالحکومت الریاض کے شاہ سلمان ہوائی اڈے پر ایک طیارے کے ذریعے پہنچایا گیا۔ ان بچیوں کو یمن کے علاقے حضر موت کے المکلا شہر سے لایا گیا۔ دونوں بچیوں کو خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی خصوصی ہدایت پر سعودی عرب منتقل کیا گیا، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دونوں بچیوں کو وزارت برائے نیشنل گارڈ کے زیر انتظام شاہ عبداللہ چلڈرن اسپتال منتقل کیا گیا۔ ڈاکٹروں نے بچیوں کی

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ہم گھات لگائے بیٹھے ہیں، اسرائیل کی ایران اور حزب اللہ کو وارننگ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج کے ذرائع نے ایک بار پھر باور کرایا ہے کہ اسرائیلی فوج پوری طرح چوکنی ہے اور لبنانی سرحد پر حزب اللہ ملیشیا کی کسی بھی قسم کی نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھی ہوئی ہے۔ حزب اللہ کی جانب سے کسی بھی کارروائی کا لبنان میں اہداف کو بھرپور نشانہ بنا

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا نے الظواہری کے داماد کے سر کی قیمت 70 لاکھ ڈالر مقرر کردی

امریکا دہشت گردی کے لیے حمایت کرنے والوں کو کبھی معاف نہیں کرے گا، ترجمان محکمہ خزانہ کا بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے القاعدہ کے رہ نما عبدالرحمٰن المغربی کے بارے میں معلومات فراہم کرنے پر سات ملین ڈالر کا انعام مقرر کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق المغربی کا شمار القاعدہ کے سرکردہ لیڈروں میں ہوتا ہے اور وہ تنظیم کے موجودہ سربراہ ایمن الظواہری کے داماد ہیں۔ مسلح تنظیموں کے ماہرین المغربی کو لوموٹری کے طور پر بیان کرتے ہیں جو بھیس بدلنے اور نظروں سے اوجھل ہونے میں مہارت رکھتا ہے۔ 2006 میں یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ عبدالرحمان المغربی کو پاکستان کے قبائلی علاقے جنوبی وزیرستان میں ایک ڈرون حملے میں ہلاک کر دیا گیا ہے۔ گذشتہ روز

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، صدر مملکت عارف علوی ترکی کے وزیر خارجہ کو اعزاز پیش کر رہے ہیں

اکثر امریکیوں کے خیال میں ملک میں جمہوریت کو خطرہ ہے، سروے

56 فیصد ووٹر صدر ٹرمپ کو کیپٹل ہل کے ذمہ دار ٹھہراتے، 42 فیصد انہیں اس کا ذمہ دار قرار نہیں دیتے، رپورٹ

اس معاملے پر کہ انتخابات کے دوران وسیع پیمانے پر ووٹر فراڈ ہوا، امریکی ووٹر جماعتی وابستگیوں کے تحت سوچ رکھتے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) تقریباً تین چوتھائی امریکی ووٹر یہ سمجھتے ہیں کہ کانگریس کی عمارت پر گزشتہ ہفتے ہونے والے حملے کے بعد ملک میں جمہوریت کو خطرہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک تازہ ترین قومی سطح کے عوامی رائے کے جائزے میں بتایا گیا کہ ری پبلکن اور ڈیموکریٹس دونوں ووٹر بالترتیب 77 اور 76 فیصد کے تناسب سے کہتے ہیں کہ جمہوریت کو خطرہ ہے۔ کوینی پیاک یونیورسٹی کے ایک جائزے سے معلوم ہوتا ہے کہ آزاد امیدواروں میں 70 فیصد یہ کہتے ہیں کہ جمہوریت کو خطرہ لاحق ہے۔ اس جائزے کے مطابق 56 فیصد ووٹر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو کیپٹل ہل کے ذمہ دار ٹھہراتے ہیں جب کہ 42 فیصد انہیں اس حملے کا ذمہ دار قرار نہیں دیتے۔ کانگریس کی عمارت پر حملے کے بعد انہوں نے ٹوئٹ کے ذریعہ ایک پیغام میں ہجوم سے کہا کہ وہ پرامن

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ حافظ عبدالباسط کوئلہ مائنز اور ہزارہ برادری کے مزدوروں کی حفاظت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فضائی حدود کھلنے کے بعد مصر میں قطر کے اقتصادی منصوبوں کا آغاز

اگلے چند دنوں کے دوران قطر اور مصر کے سفارتی اور سکیورٹی حکام کا اجلاس ہونے جارہا ہے، ذرائع

قاہرہ (این این آئی) سعودی عرب کے تاریخی شہر العلا میں منظور کیے جانے خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے اعلامیے کی روشنی میں مصر نے قطری ایئر لائن کو مصر آنے کی اجازت دینے کا اعلان کیا ہے۔ ادھر قاہرہ میں ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اگلے چند دنوں کے دوران قطر اور مصر کے سفارتی اور سکیورٹی حکام کا اجلاس ہونے جا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ آنے والے چند ہفتوں کے دوران قطر، مصر میں متعدد اقتصادی منصوبے شروع کرنے جا رہا ہے۔ ان منصوبوں کو مکمل کرنے کی منظوری دی جاچکی ہے۔ ان اقتصادی منصوبوں میں سرفہرست دیار کمپنی کو مصر میں سٹی جیٹ تعمیراتی منصوبہ مکمل کرنے کی منظوری شامل ہے۔ یاد رہے کہ سال 2017 میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور مصر نے قطر کے ساتھ سفارتی، سفری اور تجارتی تعلقات ختم کر دیے تھے۔ ان ممالک نے قطر کے ساتھ فضائی حدود کے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب اور فرانس کی یہودی آبادکاری کے اسرائیلی منصوبوں کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور فرانس نے فلسطین کے علاقے غرب اردن میں یہودی آباد کاری اور توسیع پسندی کے منصوبوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب کی وزارت خارجہ نے مقبوضہ مغربی کنارے کے علاقے میں یہودی آباد کاروں کے لیے 800 نئے مکانات کی تعمیر کی منظوری کو شدید ہدف تنقید بنایا۔ وزارت خارجہ نے اس اقدام کو مسترد کرتے ہوئے اسے بین الاقوامی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جرمنی میں دنیا کی سب سے بڑی جعلی آن لائن مارکیٹ کے خلاف کریک ڈاؤن

گرفتار کیے گئے ڈارک نیٹ چلانے والے تمام کارندوں کے خلاف جرمنی کی عدالتوں میں مقدمات کا آغاز ہوگیا

برسلز (این این آئی) یورپی ملک جرمنی کی پولیس نے دنیا کی سب سے بڑی جعلی آن لائن مارکیٹ نیٹ ورک کو پکڑتے ہوئے اسے چلانے والے کارندے کو بھی گرفتار کرلیا۔ خبر رساں ادارے ایجنسی کے مطابق جرمن پراسیکیوٹرز نے بتایا کہ پولیس نے اولڈن برگ شہر میں کارروائی کرتے ہوئے 24 سالہ آسٹریلوی شہری کو گرفتار کرلیا جو دنیا کا سب سے بڑا ڈارک نیٹ سسٹم چلا رہے تھے۔ پراسیکیوٹرز کے مطابق پکڑے گئے غیر قانونی نیٹ ورک کے تحت ہر طرح کی منشیات، جعلی کریڈٹ کارڈز، جعلی موبائل سم اور آن لائن کام آنے والے دیگر مواد کی غیر قانونی فروخت کی جا رہی تھی۔ پکڑے گئے ڈارک نیٹ کے دنیا بھر میں 5 لاکھ سے زائد صارفین تھے اور یہ نیٹ ورک 2400 دکانداروں یا فروخت کنندان

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکہ کی فوجی قیادت کا اہلکاروں کو سیاسی ہنگاموں سے متعلق انتباہ

واشنگٹن (این این آئی) نو منتخب امریکی صدر کی 20 جنوری کو حلف برداری کی تقریب کے دوران دوبارہ ہنگامہ آرائی کے خدشات کے پیش نظر امریکی فوجی قیادت نے فوجی اہلکاروں اور سروس ممبرز کو تحریری میمو جاری کیا ہے۔ تحریری میمو میں واضح کیا گیا ہے کہ فوج آئینی اور جمہوری عمل میں کسی صورت مداخلت نہیں کرے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فوجی قیادت کا کہنا تھا کہ چھ جنوری کو کیپٹل ہل میں جو کچھ ہوا وہ غیر جمہوری اور

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، مسلم لیگ (ن) کے رہنما خواجہ آصف احتساب عدالت میں پیشی کے لئے آرہے ہیں

ملائیشیا میں کورونا کے بہانے ایمرجنسی نافذ، پارلیمنٹ معطل

بادشاہ نے ایمرجنسی وزیراعظم کی درخواست پر لگائی، مارشل لاء نہیں لگایا گیا، ملائیشیائی وزیراعظم کی وضاحت

ملائیشیا میں کورونا کو بہانا بنا کر ایک ایسے وقت میں ایمرجنسی نافذ کر کے پارلیمنٹ کو معطل کیا گیا ہے جب کہ رواں برس کے وسط تک وہاں عام انتخابات کرائے جانے کی امید تھی

کوالالمپور (این این آئی) ملائیشیا میں کورونا کی وبا کو بہانا بنا کر بادشاہ نے وزیراعظم کی درخواست پر ملک میں ایمرجنسی نافذ کر کے پارلیمنٹ کو معطل کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملائیشیا کے بادشاہ سلطان عبداللہ سلطان احمد شاہ نے وزیراعظم محی الدین یاسین کی درخواست پر رواں برس یکم اگست تک ایمرجنسی نافذ کرنے کی اجازت دے دی۔ بادشاہ نے جہاں ایمرجنسی نافذ کرنے کی اجازت دے دی، وہیں پارلیمنٹ کو بھی معطل کر دیا گیا۔ بادشاہ کی جانب سے ایمرجنسی نافذ کیے جانے اور پارلیمنٹ کو معطل کیے جانے کے اعلان کے بعد وزیراعظم محی الدین یاسین نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے وضاحت کی کہ ایمرجنسی نافذ کیے جانے کا مطلب مارشل لاء لگانا نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پارلیمنٹ کے معطل رہنے کے باوجود تمام معاملات سول حکومت دیکھے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

القاعدہ کا نیا اڈہ ایران ہے، امریکی وزیر خارجہ کا الزام

مائیک پومپیو کا جنگی جنون جھوٹ پر مبنی ہے، ایرانی وزیر خارجہ کا امریکی ہم منصب کے الزامات مسترد کردیئے

افغانستان کے برعکس القاعدہ پہاڑوں میں روپوش تھی لیکن القاعدہ آج ایرانی حکومت کے تحفظ کے تحت کام کر رہی ہے، مائیک پومپیو

تہران / واشنگٹن (این این آئی) امریکی سیکریٹری اسٹیٹ مائیک پومپیو نے الزام عائد کیا ہے کہ عالمی دہشت گرد تنظیم القاعدہ نے تہران کے اندر اپنی قیادت کو مرکزی شکل دے دی ہے اور اس وقت ایمن الظواہری کے نائبین وہاں ... حق میں کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔ مائیک پومپیو نے کہا کہ القاعدہ کا نیا اڈا ایران ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کہوں گا کہ واقعتاً ایران نیا افغانستان ہے اور یہ القاعدہ کے اہم جغرافیائی مرکز کے طور پر ہے، لیکن یہ حقیقت میں بدتر ہے۔ مائیک پومپیو نے ...

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

معدے میں موجود بیکٹریا کووڈ 19 کی شدت پر اثرانداز ہوسکتے ہیں، تحقیق

معدے میں بیکٹریا کا اجتماع کووڈ 19 کے مریضوں میں بدل جاتا ہے، جبکہ اس سے محفوظ افراد میں ایسا نہیں ہوتا، رپورٹ

ہانگ کانگ سٹی (این این آئی) کورونا وائرس کے شکار مریض میں بیماری کے دورانیے، شدت اور مدافعتی ردعمل کے حوالے سے معدے میں موجود بیکٹریا ممکنہ طور پر اثرانداز ہوسکتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات ہانگ کانگ میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ کمی آتی ہے جو کسی فرد کے مدافعتی ردعمل کا تعین کرتے ہیں، یہ کمی بیماری سے نجات کے 30 دن بعد تک برقرار رہتی ہے۔ معدے میں پائے جانے والے بیکٹریا کھانے کو ہضم کرنے میں مدد دیتے ہیں، مگر حالیہ برسوں میں معلوم ہوا ہے کہ یہ جرثومے مجموعی صحت پر بھی اثرانداز ...

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

تمام سعودی ایئر پورٹس کھولنے کا اعلان، حج و عمرہ کے امکانات روشن ہوگئے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے 31 مارچ سے ملک کے تمام ایئر پورٹس کھولنے کا فیصلہ کیا ہے ...

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فلسطین کے علاقے غزہ کی پٹی کی آبادی 22 لاکھ 50 ہزار ہوگئی

غزہ (این این آئی) فلسطینی وزارت داخلہ نے ایک رپورٹ میں بتایا ہے کہ غزہ کی پٹی کی آبادی سال 2020 کے آخر تک فلسطینی آبادی 22 لاکھ 54 ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے ...

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، پیپلز پارٹی ... کورونا وائرس کے حوالے سے آگاہی اور ویکسینیشن کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں

گوادر، ڈپٹی کمشنر ... کا معائنہ کر رہے ہیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس جٹیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل ایگل پلازہ، ایگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا

فون:2835212 فیکس:2835212

ای میل imroz.ad@gmail.com

صوبے سے بے روزگاری کا خاتمہ

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بشریٰ رند نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو میرٹ پر ملازمتیں فراہم کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھا کر تعلیمیافتہ بے روزگاروں کو نوکریاں فراہم کر رہیہے۔ وزیراعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں محکمہ جات میں مختلف کیٹیگری میں ہزاروں افراد میرٹ پر تعینات ہو کر باعشت روزی کما رہے ہیں۔ ایک فرد کو نوکری ملنے سے اس کے خاندان میں شامل تمام لوگ خوشحال زندگی بسر کرتے ہیں۔ مزید محکمہ جات سے سرکاری ملامتوں کے مشتہر ہوں گی عوام صبر و تحمل سے کام لیں۔ صوبائی حکومت بلوچستان سیبے روزگاری کے خاتمہ کے لئے بھرپور اقدامات اٹھائے گی، سفارش کلچر کو دفن کر کے سرکاری ملازمتوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ صوبے میں ہونہار اور قابل تعلیم یافتہ نوجوانوں کی کوئی کمی نہیں، ہم چاہتے ہیں کہ نوجوان طبقہ آگے آ کر مختلف شعبوں میں بہتر انداز میں خدمات انجام دے کر اپنی قابلیت کا صوبے اور ملک و قوم کو فائدہ پہنچائے۔

گزشتہ حکومتوں نے صوبے میں تمام شعبوں کو اپنی کوتاہیوں سے تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا۔ جس میں سرکاری شعبہ سر فہرست رہا۔ ملازمتوں کی خرید و فروخت کو باقاعدہ کاروبار بنا دیا۔ میرٹ کی بجائے اسامیوں کو بھاری رقوم لے کر بیچا جاتا رہا۔ شفافیت کی بجائے بدعنوانی کے کلچر کو فروغ دینے سے باصلاحیت اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں میں مایوسی و بے چینی پیدا ہوئی، موجودہ صوبائی حکومت نے گڈ گورننس اور میرٹ کی پالیسی کو اپنا کر ماضی کی کوتاہیوں کو دور کرنے کی سعی کی ہے۔ تاہم ابھی تک مزید بہت کچھ کرنے کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ کیونکہ ورثہ میں ملنے والی بے قاعدگیوں کو مکمل طور پر ختم کرنا اسی صورت ممکن ہے۔ جب منتخب نمائندوں کی بیوروکریسی پر گرفت مضبوط ہو، محکمہ تعلیم میں سب سے زیادہ میرٹ کی پامالی کی شکایات سامنے آنے کے باوجود اب تک کرپٹ عناصر کے خلاف کوئی بڑی کارروائی نہیں ہو سکی۔ تعلیم کا شعبہ کسی بھی علاقے کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ گزشتہ ادوار میں ایجوکیشن کی اسامیوں پر بھرتی کی جو پالیسی ترتیب دی گئی، اس میں مناسب ترمیم نہیں کی جا سکی۔ یہی وجہ ہے کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان جن کے پاس ماسٹرز کی کئی کئی ڈگریاں ہیں۔ منہ دیکھتے رہ جاتے ہیں۔ اور کم تعلیم کے حامل افراد کو ملازمتیں مل جاتی ہیں۔ ٹیسٹنگ اتھارٹی، میرٹ لسٹ بناتے ہوئے کوئی فارمولہ نہیں دے پاتی۔ اسی لئے امیدواروں کی جانب سے تحفظات سامنے آتے ہیں۔ گزشتہ دور میں یونین کونسل کی بنیاد پر ملازمتیں دی گئیں میرٹ پر آنے والے نوجوان آج بھی دادرسی کے لئے در بدر ہیں۔ گزشتہ سال بھی نان ٹیچنگ سٹاف کی بھرتیوں میں بے قاعدگیوں کی تحقیقاتی ٹیم نے بھی نشاندہی کی، لیکن کوئی ایکشن نہیں لیا گیا۔ میرٹ لسٹ بنانے کا سادہ طریقہ کار یہ ہے کہ جن نوجوانوں کے پاس زیادہ ڈگریاں ہیں، انہیں ہر ڈگری کے نمبر دیئے جائیں اور صرف ٹیسٹ پاس کرنے کی شرط رکھ کر انٹرویوز کے بغیر ملازمتیں دے دی جائیں۔ بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں بھی انٹرویوز میں صرف متعلقہ سبجیکٹ اور اسلامیات بارے سوالات کر کے سلیکشن کا طریقہ اپنایا جائے۔ محکمہ تعلیم میں ایک بار پھر نان ٹیچنگ اسامیوں کو مشتہر کیا گیا ہے۔ جس میں امیدواروں سے کہا گیا ہے کہ وہ مختلف تعلیمی اداروں میں خود خالی اسامیوں بارے معلومات حاصل کر کے درخواستیں جمع کریں۔ یہ طریقہ کار انتہائی پیچیدہ ہے۔ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں درخواستیں جمع کر کے اعلیٰ تعلیم یافتہ امیدواروں کو ملازمتیں دینے کی پالیسی بنانا ہی مناسب ہوگا۔ ہم بے روزگاری کے خاتمہ کے لئے صوبائی حکومت کے عزم کو سراہتے ہوئے عملی اقدامات کی توقع رکھتے ہیں۔

ایک کہانی جو آنسوؤں میں ڈھل گئی

مچھ سانحہ آنسوؤں کی کہانیوں میں آہستہ آہستہ ڈھل گئی، معصومہ کی غم سے نحیف و مہیب آواز ایک کہانی کے روپ میں کوئٹہ کے زرغون و تکتو سے اپنا سر پھوڑتی رہی۔ لہولہو کہانی سناتے وہ کہ رہی تھی۔ ہمارے گھر میں جنازہ اٹھانے والا کوئی مرد نہیں بچا۔ بلوچستان میں ہزارہ مزدوروں کا قتل: 'میرا اکلوتا بھائی چھ بہنوں، اپنی اہلیہ، دو بیٹیوں اور بوڑھے والد کا واحد کفیل تھا' اگر کسی کو کربلا کا منظر دیکھنا ہے تو وہ میرے خاندان کو دیکھ لے۔ ہمارے خاندان میں جنازہ اٹھانے والا کوئی مرد نہیں بچا۔ جس کے بعد ہم چھ بہنوں نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم اپنے بھائی اور اپنے رشتہ داروں کے جنازے خود اٹھائیں گے۔' یہ کہنا ہے معصومہ یعقوب علی کا جن کا اکلوتا بھائی محمد صادق اور چار دیگر رشتہ دار ہفتے کی شب صوبہ بلوچستان کے ضلع مچھ میں مبینہ طور پر شدت پسند تنظیم نام نہاد دولتِ اسلامیہ کے ہاتھوں ذبح ہونے والے دس کان کنوں میں شامل ہیں۔ معصومہ کا بھائی چھ بہنوں کے اکلوتے بھائی اور دو بچوں کے والد تھے۔ جبکہ ان کے دیگر ذبح ہونے والے رشتہ داروں میں اٹھارہ سالہ بھانجا احمد شاہ، دو ماموں 20 سالہ شیر محمد اور 30 سالہ محمد انوار اور ان کی خالہ کا بیٹا محمد احسن شامل ہیں معصومہ تھرڈ ایئر کی طالبہ ہیں۔' میں ریاست مدینہ سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ یہ کیسی ریاست مدینہ ہے۔ جس میں دن دہاڑے بے گناہ خاندانوں کے سہاروں کو اس بے دردی سے قتل کر دیا گیا ہے اور اس کے بعد صرف میڈیا پر تعزیتی بیانات کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہو رہا ہے۔'' میں کہتی ہوں کہ اگر یہ واقعی انصاف کی ریاست ہے۔۔۔ اگر یہ واقعی مسلمانوں کی ریاست ہے۔۔۔ اگر یہ واقعی ریاست مدینہ ہے تو ہمارے مجرموں کو فی الفور قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ انھیں سامنے لایا جائے۔ آخر ہم کب تک اپنے لوگوں کی لاشیں اٹھاتے رہیں گے۔' معصومہ نے اپنے بھائی محمد صادق کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ 'میرے والد ضعیف ہیں۔ میرا بھائی ہم چھ بہنوں، بوڑھے والد، اپنی اہلیہ اور اپنی دو بیٹیوں کا واحد کفیل تھا۔ وہ تو محنت مزدوری اور رزق حلال کمانے کے لیے اپنے شہر سے میلوں دور گیا تھا' میرے بھائی، میرے رشتہ داروں اور سارے مارے جانے والوں کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ ان لوگوں کو تو سرنگوں میں مزدوریاں کرتے ہوئے یہ بھی پتا نہیں چلتا تھا کہ دن ہے کہ رات۔ انھیں موت کی گھاٹ اتار دیا گیا۔

معصومہ کی کہانی آنسوؤں میں ڈھل چکی ہے۔ 2011 رواں دواں تھا کہ روشنیوں کے شہر کراچی سے دل چھلنی کر دینے والی خبر سننے کو ملی کہ ایک نہتے بے گناہ شخص کو محافظین وطن نے سر عام گولیاں مار کر قتل کر دیا کچھ دیر بعد ویڈیو منظر عام پہ آئی جس میں مقتول ہاتھ جوڑ کے جان کی بھیک مانگتا نظر آیا مگر درندہ صفت بھیڑیوں وحشی نما انسانوں نے خونی دہن کی تشنگی بجھانے کو معصوم بے گناہ شہری کے لہو سے سڑک رنگین کر دی۔ 5 رینجرز اہلکار گرفتار ہوئے معاملہ عدالت پہنچا کاغذی سزا ہوئی مگر عملدرآمد نہ ہو سکا ملزمان کے اہلخانہ نے سزا کے خلاف اپیل دائر کی تو ایک تاریخوں کا طویل سلسلہ چل پڑا بالآخر صدر ممنون حسین صاحب نے خون معاف کی کلین چٹ دے کر انصاف کی دھجیاں بکھیر دیں ایک بار پھر زخم تازہ ہوئے آنکھیں اشکبار ہوئیں سینے چھلنی ہوئے جب جنوری 2018 میں شہر کراچی سے نقیب اللہ محسود جیسے خوبرو نوجوان کے ماورائے عدالت قتل کی خبر منظر عام پہ آئی

اس خبر نے تہلکہ مچا کے رکھ دیا اور صرف یہی نہیں بلکہ راؤ انوار جیسے بدنماء□ خونخوار حرام خور کی آدم خوری کے تمام قصے عوام کے سامنے لا کے رکھ دیئے گویا نقیب اللہ محسود نے راؤ انوار کے جرائم کا پردہ فاش کرنے کی قیمت اپنی جان دے کے چکائی۔ ایک بار پھر معاملہ عدالت پہنچا مقتول کے ضعیف والد ہر ماہ پیشیاں تاریخیں بھگتنے لگے باجوہ اینڈ کمپنی نے ہر بار کی طرح فراہمی انصاف کی یقین دہانی کروائی مگر حاصل کچھ نہ ہوا یہاں تک کے عمر کے انتہائی حصے میں جوان بیٹے کی بہیمانہ موت کا انصاف مانگتے مانگتے ایک بے بس لاچار باپ بارگاہ ذوالجلال میں جا پیش ہوا انکی رحلت کے بعد نقیب اللہ محسود کے ساتھ اٹھائے جانے والے دو گواہوں نے سرمایہ داروں کے پریشر پر بیان بدل کر راؤ انوار کے خلاف دائر کیس کو کمزور کر دیا بالآخر یہ کیس فائلوں کا حصہ بن گیا

اسی واقعے کے چند دن بعد میرے وطن کے بہادر غیور محافظوں نے کراچی کے ایک رکشہ ڈرائیور حافظ قرآن شہری اور متعدد بہنوں کے اکلوتے بھائی کو شاہراہ فیصل پہ گولیوں سے بھون دیا مگر انصاف کا وجود کہیں نہ مل سکا اور قاتل آج بھی آزاد ہیں

پھر 19 جنوری 2019 کو ساہیوال کے ٹول پلازہ کے قریب موت کا ننگا ناچ سارے عالم نے دیکھا کہ جب ایک نہتی فیملی پہ محافظین ملت نے بیچ سڑک پہ گولیوں کی بوچھاڑ کر دی۔ آنسوؤں کی کہانی غمِ اشک میں ڈھل گئی ہے۔

مقاصد قیامِ پاکستان اور حالات حالِ پاکستان!

Email: Ufaq0786@gmail.Com

ہم جب بھی مقاصد پاکستان کا ذکر کرتے ہیں، تو حالات کا وہ خوفناک منظر سوچ کر آنکھ نم ہو جاتی ہے۔ دل خون کے آنسو روتا ہے۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا سا چھا جاتا ہے، وہ ظلم کی وادی، وہ لٹتی عزت و آبرو، وہ قیامت کا منظر، وہ خون کی ندیاں، وہ تڑپتے بلکتے بچے، مجبور بے بس ماؤں کے آہیں۔ سوچتے ہوئے وقت ایک دم رک سا جاتا ہے۔ چار سو اندھیرا ہو جاتا ہے، جیسے سورج کو گرہن لگ گیا ہو، وہ ناراض ہو کر ہم سے کوسوں دور چلا گیا ہو۔ تاریکی ہمارا مقدر بن چکی ہو بے بسی، لاچارگی نے ہمیں باندھ لیا ہو، اب یہاں سے باہر نکلنے کی سب امیدیں ٹوٹ چکی ہوں۔ آزادی کے خواب سارے چکنا چور ہو چکے ہو، وقت نے جیسے تھک ہار اپنے ہاتھ کھڑے کر دیئے ہو، یقین کا جیسا خود سے اب یقین ٹوٹ چکا ہو، بھروسہ حسرت بھری نگاہوں سے آزادی کی جانب دیکھ رہا جیسے اور کہہ رہا کہ کاش!

مایوسی ناچ گا رہی تھی۔ مگر اسلام میں مایوسی ایک بہت بڑا گناہ ہے۔ اور مسلمان قوم مایوس نہیں ہوتی

کیونکہ ان یہ جانتے ہیں، کہ کشتیاں جلانے والے، لہو دھرتی کو پلانے، سومنات گرانے والے، نیزوں پر

قرآن سنانے والے قلعہ خیر جتانے والے قسمت سے ٹکرانے والے، نصیب خود اپنا بنانے والے ہم ہیں

اپنے پر عزم ارادے لیکر پھر اٹھی اور اور حالات کا مقابلہ کیا 70 ہزار ماؤں بہنوں کی قربانی دی لاکھوں کروڑوں جوان بزرگ بچے شہید ہوئے۔ تب جا کر کہیں یہ مقاصد پاکستان نے قیام پاکستان کی صورت اختیار کی اور دنیائے افق پر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے نام سے ہمارا یہ عظیم ملک وجود میں آیا۔ نا جانے کتنی اذیتوں کا سفر تھا 1857ء کی جنگ آزادی کی ناکامی کے بعد جو مسلم قوم کے ساتھ ہوا وہ لفظوں میں بیاں نہیں کیا جا سکتا۔ وقت نے بہت زخم دیئے جن کا بھرنا مشکل ہے وہ لمحات پڑھتے، سوچتے بند آنکھوں سے دیکھتے ہوئے ایک قیامت سا منظر سماں اختیار کر لیتا ہے۔ اور نا جانے کتنے زخم تر و تازہ ہو جاتے ہیں، زندگی بے سکون سے ہو جاتی ہیں۔ خیر اللہ، اللہ کر کے ایک آزاد ملک بنا لیا تا کہ یہاں سب آزادی سے اپنی زندگی گزار سکیں

قیام پاکستان کے ساتھ وہ مقاصد پاکستان کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان کا آئین (دستور) ترتیب دیا گیا

قیام پاکستان کا بنیادی مقصد اسلامی احکامات کو رائج کرنا۔ اسلامی اخلاقی اقدار کا معاشرہ تشکیل دینا، سامراجی قوتوں سے مسلمانوں کو تحفظ فراہم کرنا لازم تھا۔ اور طاقت ور کمزور کو دبوچ نہ لے قانون نافذ کرنا امیر غریب، سب برابر ہیں سب کے لئے یکساں قانون بنایا، کیونکہ ہمارا ملک اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے، تو ہمارے ملک کے قوانین اسلام کے برعکس کیسے ہو سکتا ہے۔ چلو خیر یہ تو تھی ہمارے قوانین کی بات اب آتے حالات حال حقیقت پاکستان کی جانب کیا ان قربانیوں کا کوئی فائدہ ہوا جن لوگوں نے آزادی کی خاطر خود کو قربان کر دیا۔ ان ماؤں بہنوں کی عزت و آبرو تک چلی گئی آزادی کی خاطر کیا ہم آزاد ہیں کیا اسلامی قوانین کے مطابق انصاف مل رہا ہے؟ کیا پاکستان میں سب کے لئے یکساں قانون نافذ ہے؟ کیا جرم ہونے کے بعد امیر غریب، کمزور طاقتور ایک لائن میں کھڑے نظر آتے ہیں؟ کیا عدالتی نظام سب پاکستانیوں کے یکساں ہے؟ کیا تھانوں میں امیر غریب کے ایک جیسا سلوگ برتا جاتا ہے؟ کیا ہماری بہن بیٹیوں کی عزت و آبرو محفوظ ہے؟ کیا قتل و غیرت کا سلسلہ تھم گیا ہے؟ کیا معصوم بچیوں کو زیادتی کا نشانہ بنا کر موت کے گھاٹ نہیں اتار دیا جاتا تھا۔۔؟ کیا مدارس میں بچوں کو زیادتی اور تشدد کیا نشانہ نہیں بنایا جاتا؟ کیا یہی مقاصد پاکستان تھے؟ کیا قربانیاں اس بے ہودہ غیر اخلاقی حرکات کے لئے دی گئیں تھیں؟ کیا بچوں کو ماؤں نے اپنے سامنے نیزوں پر چڑھتے اس لئے دیکھا تھا؟ کہ ملک آزاد ہونے کے بعد پھر یہی سلسلہ جاری رکھنا؟ کون تھے وہ لوگ عزتیں لوٹنے والے کل؟ اور کون لوگ ہیں یہ جو آج معصوم بچیوں کی عزت لوٹ کر موت کے حوالے کر دیتے ہیں؟ ایک سوال ہے میرا سب 22 کروڑ عوام سے کیا انگریز سامراج دور میں کسی آٹھ سالہ یا پانچ سالہ بچی کی عزت لوٹ کرا سے موت کے حوالے کسی درندہ صفت انسان نے کیا تھا؟ یا ایسی حرکت کسی ہندو، سکھ عیسائی نے یا پھر مسلمان نے انگریز دور میں کی تھی؟ جو اس وقت اسلامی جمہوریہ پاکستان میں آئے روز ہوتا رہتا ہے قبل از زینب سے لیکر اب تک کتنے حالات دیکھ، سن اور پڑھ رہے ہیں، اب تو مقاصد قیام پاکستان کی سمجھ نہیں آ رہی۔ لوٹ مار، ڈاکے عصمت و آبرو کو دن دیہاڑے بے دردی سے لوٹا جا رہا ہے قانون خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہا ہے۔ کیا سانحہ ماڈل ٹاؤن کے شہیدوں کے ورثاء کرام کو انصاف مل چکا ہے؟ کیا سانحہ ساہیوال کے ان معصوم بچوں کو انصاف مل چکا ہے؟ کیا بلوچستان کے جبری اغوا ہونے والے لوگوں کو رہائی مل چکی ہے؟ کچھ اربوں کھا گئے، کچھ کھربوں کھا گئے یا پھر باہر لے گئے مگر پاکستان میں پکڑا صرف وہی جاتا ہے، جو انسان بچارہ غلطی سے اپنی گاڑی کے کاغذات گھر بھول آئے!

مگر قانون ہے مگر صرف غریب کے لئے ہے کمزور کے لئے ہے، غریب کی زندگی ختم ہو جاتی ہے وہ مرجاتا ہے انصاف نہیں ملتا بعض اوقات تو عدالت بے گناہ قرار دے دیتی مگر پتہ چلتا ہے کہ ملزم بچارے کو تو چند سال قبل پھانسی ہو چکی تھی یہ ہے غریب کے لئے قانون ہے ملک ریاض کے لئے نہیں ہے غریب کے لئے قانون ہے اشرافیہ کے نہیں، جاگیردار نہیں ہے۔ تو اس سے ثابت ہوا کہ قانون صرف غریب کے لئے ہے عزت و آبرو کل بھی غریب کی لٹتی تھی آج بھی غریب کی لٹتی ہے کمزور اور غریب کل بھی مظلوم تھا ہے اور آج بھی مظلوم ہے کل بھی ظالم اس پر حاوی تھا، اور آج بھی ظالم حاوی ہے۔ مقاصد پاکستان لے کر آنے والے چل بسے قیام پاکستان کے کچھ عرصہ بعد ہی۔ پھر وہی جاگیردار اور وڈیروں کی شاہی ہے اور یہ جاگیردار اس وقت بھی انگریز کے محبوب تھے اور ان کے معاون و مددگار تھے۔ ان جاگیرداروں کی کوئی قربانی نہیں کل بھی قربانیاں صرف غریب نے دی اور آج بھی قربانیاں غریب دے رہا ہے خدا رحم کرے اس عظیم ملک پاکستان پر اور اس کے حقیقی مقاصد پر چلانے والا کوئی ایماندار لیڈر آ جائے تا کہ ریاست مدینہ بن سکے! انصاف مل سکے سب کو یکساں اور امیر و غریب، کمزور اور طاقتور جرم کرنے کے بعد ایک ہی لائن میں ہوں ظلمت و بے دردی کا دور ختم ہو، جج کی بیوی رو پڑے تو بے گناہ ثابت، ماڈل ٹاؤن اور سانحہ ساہیوال والوں کا رونا کسی عدلیہ کو نظر نہیں آتا افسوس صد افسوس سوچ بدلیں زندگی بدلیں کیا یہی تھے مقاصد پاکستان؟

ہزارہ: نام میں موت رکھی ہے!

ڈاکٹر طاہرہ کاظمی

''کیا حیدر؟''

''نہیں ہاشم''

''جی نہیں! حیدر زیادہ اچھا ہے''

''پر میرے دل کو ہاشم بھاتا ہے''

مسئلہ بہت گھمبیر تھا! نام دو تھے اور اور بچہ ایک!

یہ ان دنوں کی بات ہے جب ہمارے گھر کے آنگن میں دو صاحبزادیوں کے بعد پھر سے قلقاریاں گونجنے والی تھیں اور شنید تھی کہ بہنوں کا بھائی تشریف لانے کو پر تول رہا ہے۔

گھر میں نام چننے کے مراحل میں گرما گرم بحث چھڑ چکی تھی جس کی ایک انتہائی سرگرم رکن ہماری بڑی صاحبزادی تھیں۔ تنہائی بھرے بچپن کے آٹھ برس بولائے بولائے پھرنے کے بعد ان کی بے تابیاں عروج پہ تھیں۔ ابا اور بٹیا کو حیدر بھاتا تھا اور ہمیں ہاشم۔ ہر روز بحث ہوتی اور کوئی بھی ہتھیار نہ پھینکتا۔ بالآخر ہماری بٹی نے ویٹو پاور کا استعمال کیا اور یوں حیدر صاحب کی اس دنیا میں آمد ہوئی۔

اور اب دل گرفتہ ہو کے سوچتی ہوں کاش ہاشم نام ہی رکھ لیا ہوتا!

گئے برسوں میں اس سوچ نے بے اختیار ہمارے ذہن میں اس وقت نقب لگائی جب لاہور میں پروفیسر علی حیدر اور ان کے بیٹے مرتضی حیدر سکول کے دروازے پہ گولیوں سے چھلنی کر دیے گئے۔ یہ نفرت کی بھڑکائی ہوئی آگ تھی جو محض نام دیکھ کے ہی جلا کے راکھ کر دیتی تھی۔

ایسے ہی کسی اور وقت میں دل پہ ایک گھونسا سا لگا جب حیدر کا شناختی کارڈ بننے کا وقت آیا۔ شناختی کارڈ کے ذکر سے ذہن میں ایک جھماکا ہوا اور دل بے اختیار دھڑکنا بھول گیا۔ وہ سب یاد آ گئے جو اپنے ہی دیس میں بے فکری سے سفر کرتے تھے اور ان کے شناختی کارڈ گلگت کی چٹانوں اور بلوچستان کی وادیوں میں اس لئے لہو رنگ ہوئے کہ ان پہ علی، حیدر، حسین اور عباس کندہ تھے۔

اور ہم نے پھر سوچا، کاش ہاشم!

کیا بیکسی سی بیکسی ہے؟ دل پہ ہاتھ رکھ کے سوچیے تو ہم میں سے کون اپنے کارن شیعہ اور کون اپنے بل پہ سنی اور وہابی؟ کون اپنی پسند سے ہزارہ اور کون اپنے انتخاب سے کچھ بھی اور؟

بساط دنیا پہ جبر و قدر کے کھیل میں جو جہاں اتارا گیا اس نے اپنا کھیل اسی خانے میں مہرہ بن کر کھیلا ہے۔ کون سوچ سکا کہ دوسری طرف والے کا نقطہ نظر بھلے اختلافی ہی کیوں نہ ہو، جان کر سانس لینے کا حق نہ چھینا جائے کہ اس ساری بازی میں جیتنے والا تو کوئی بھی نہیں۔ بساط بچھانے والا بے نیاز اور جیت کے نشے میں مدہوش کھلاڑی، خودغرض، بے حس، سنگدل اور جابر!

ذہنی منافرت انسانوں کو کیسے خون پینے والے عفریت میں بدل دیتی ہے یہ تو نفرت کی آگ میں جھلس جانے والا اقلیتی طبقہ ہی بتا سکتا ہے۔ جیسے دوسری جنگ عظیم میں یہودی، جیسے آج کے ہندوستان میں مسلمان اور جیسے آج کے پاکستان میں، عیسائی، ہندو اور شیعہ مسلمان!

دوسری جنگ عظیم میں گیس کیمپوں کو بھیجے جانے والے انسانوں اور بلوچستان میں ہزارہ کمیونٹی کو موت کا تحفہ ملنے میں اس کے علاوہ کیا قدر مشترک ہو گی کہ دونوں کے نصیب میں ان کے نام اور مذہبی اعتقاد موت کا ہرکارہ بنے۔

کرونا کی تنہائی میں یہودیوں کی نسل کشی پہ بننے والی فلمیں ہم نے دیکھیں اور جی بھر کے دیکھیں۔ انسان کو اس قدر پاتال میں اترا ہوا دیکھ کے ہر دفعہ سوچا کہ وہ دونوں یعنی قاتل و مقتول جب آمنے سامنے ہوتے ہوں گے تو کیا سوچتے ہوں گے؟ یہ جو میری سانس مجھ سے کچھ لمحے میں چھیننے والا ہے، اس میں کیا خاص ہے جو مجھ میں نہیں۔ اور بندوق کے ٹرائیگر پہ انگلی رکھنے والے کے لئے سوچ سمجھ بنا یہ ایک کھیل! نشانہ آزمانے اور کسی کو تڑپ تڑپ کے زندگی ہارتے دیکھ کے حظ اٹھانے کا جنون۔

''شنڈلرز لسٹ'' نامی فلم میں جنونی جرمن فوجی افسر آئیون اپنی صبح کا آغاز بالکونی میں کھڑے ہو کے دور میدان میں کام کرتے ان یہودی قیدیوں کے سروں میں نشانہ باندھ کے گولی اتارتے ہوئے کرتا ہے جن کو ذاتی طور پہ وہ نہیں جانتا۔ مگر یہودی العقیدہ قیدی کا جھکا ہوا سر علی الصبح نشانے کی پریکٹس کے لئے خوب ہے۔ اور مظلوم قیدی جنہیں یہ علم نہیں کہ اگلی گولی کس کا مقدر بنے گی، انہیں رکے بنا، سوچے بنا مفت کی بیگار نبھانی ہے۔ موت کا انتظار، جھکی ہوئی گردن اور جاد لب!

آٹھ دہائیوں بعد دور دراز مچھ کی زمین پہ بنی خستہ حال جھونپڑی میں دن بھر کی مشقت سے بے حال، رزق کی تلاش میں اپنے پیاروں سے دور گیارہ نفر کے نصیب میں بھی تو یہی گولی تھی۔ شاید یہاں بھی کسی کو اپنا نشانہ بہتر کرنا تھا یا پھر قربانی کے اوزاروں کی دھار کی تیزی زندہ جسموں پہ آزمانی تھی یا شاید طاقت کا خراج لینا تھا۔

عقیدے کی بنیاد پہ موت! نام کی بنیاد پہ موت!

کاش ہاشم۔۔ پھر یاسیت طاری ہو گئی!

ہمیں اوائل عمری میں ہی اندازہ ہو گیا کہ اسی جبر و قدر کی سزا بھگتتے ہوئے استہزائیہ جملے، شک بھری نگاہیں، اور نفرت بھرے رویے تمام عمر ہمارا مقدر ہوں گے۔ حالانکہ ہم تو شیعیت کا جھنڈا لہرا کر صف اول میں ہونے کے دعوے دار بھی نہیں تھے۔ یہ ضرور تھا کہ خانوادہ رسول سے محبت محسوس ہوتی تھی کہ وہ پیغمبر اسلام کو بھی پیارے تھے سو ان کو چاہنا تو سنت محمدی ٹھہری۔

اس سے مزید کسی اور بات سے ہمارا لینا دینا نہیں تھا۔

اس زمانے میں جو کچھ ہوا، ہو گیا اور تاریخ کا حصہ بن گیا۔ ہمیں کیا پڑی کہ ہر کس و ناکس سے منواتے پھریں کہ کس کا کیا حق؟ اور کون افضل؟ ارے بھائی، کچھ انکشافات یوم حساب کے لئے بھی رہنے دیجیے نا! ابھی سے سر پھٹول کا فائدہ!

''شیعہ کے گھر جاؤ تو مشروب میں اپنا تھوک ملا کے پلاتے ہیں''

''نیاز کی دیگ میں انسانی خون ڈالا جاتا ہے''

''دسویں محرم کی رات بتیاں گل کر کے مرد و زن گلے ملتے ہیں''

''ہر مرد و زن متع کی صورت بے مہار آزادی کی روش پہ چلتا ہے''

یقین کیجیے، نوعمری کے زمانے بیتے ہوئے بھی زمانہ ہوا لیکن ان فسانوں پہ یقین کرنے والوں کی دانش پہ آج بھی ہم حیران ہوتے ہیں۔ بچپن میں تو یہ باتیں دل کو ٹھیس پہنچاتی تھیں مگر دھیرے دھیرے ہمیں بھی بات چٹکیوں میں اڑانا آ گئی۔ احباب کو دعوت نامہ دیتے ہوئے کہتے

''فکر مت کیجیے گا، ہمارا لعاب دہن بہت شیریں ہے''

یا پھر،

''واللہ، ہم میں خون کی کافی کمی ہے ورنہ خواہش تو بہت تھی کہ کھانے میں ہمارے پر جوش خون کی لذت شامل ہوتی''

ہم مزاج احباب ہمارے بلند آہنگ قہقہے کا ساتھ دیتے اور کچھ کم جاننے والے ٹکر ٹکر ہماری شکل تکتے۔

متع کا فسانہ بھی کچھ فسانہ آزاد بنا جاتا تھا۔ ہم لاکھ قسمیں کھاتے کہ ابا، تایا، ماموں اور نانا میں دل پھینک ہونے کے جراثیم کی شدید کمی ہے، انتہائی شریف دکھتے ہیں اور ہماری تمام تر سراغرسانی کے بعد بھی ہمیں متع کا کوئی سرا نہیں ملتا۔ مگر جناب ہم نے دوست بھی تو ایسے پال رکھے تھے نا جن سے بچنے کے لئے یلدرم دہائیاں دیتے رہے سو مجبوراً کہنا پڑا کہ بھئی خدا، پیغمبر اور قران کے حکم سے ہم کیسے سرتابی کریں؟ ہماری یہ ہمت، یہ مجال، توبہ توبہ!

ایسی ہی کچھ تراکیب ہم نے کچھ اور مواقع کے لئے بھی ایجاد کر ڈالیں کہ بچاؤ اور زندگی سہل کرنے کا گر سیکھنا بھی لازم تھا۔

میڈیکل کے تیسرے سال کا آخری مرحلہ تھا۔ تحریری امتحان کے بعد زبانی وائیوا لیا جا رہا تھا۔ چیف ممتحن کسی اور میڈیکل کالج سے تشریف لائی تھیں۔ کرخت چہرہ، عینک کے پیچھے گھورتی آنکھیں، بھنچے ہونٹ۔

نام پڑھا اور گویا ہوئیں

''کاظمی ہو؟''

''جی''

''شیعہ ہو؟''

اب اس سوال کا جواب دینے میں تھوڑا سا تامل تھا کہ ہوا کے بدلتے رخ سے خوب واقف تھے۔

''جی مکسڈ فیملی ہے کچھ شیعہ، کچھ سنی''

گھور کے دیکھتے ہوئے ہماری استاد سے مخاطب ہوئیں،

''لڑکی چالاک معلوم ہوتی ہے، کیسا سیاست بھرا بیان دے رہی ہے''

سوچیے! بیس اکیس برس کی عمر، کتابیں، امتحان کی سر پہ لٹکی تلوار، رات بھر جاگ کے کتابوں کا رٹا اور امتحان میں پہلا سوال وہ جس کا ہماری قابلیت سے کوئی لینا دینا نہیں۔

بے اختیار پوچھنے کو جی چاہا کہ کیا آپ سنی / وہابی اماں ابا دیکھ کے ان کے آنگن میں اتری تھیں؟ اور اترتے ساتھ ہی شیعہ دشمنی کا سبق بھی رٹ لیا تھا۔ لیکن مشکل یہ آن پڑی کہ امتحان میں فیل ہونے کی سرخ بتی جل اٹھی تھی ورنہ منہ پھٹ ہونے میں تو کہیں کوئی کمی نہ تھی۔

بیس اکیس برس کی عمر دور کہیں دھندلکوں میں کھو چکی۔ بزرگوں کی مٹی کب سے زمین کی مٹی میں بدل چکی۔ نہ جانے کتنے موسم بیت چکے لیکن انسان نفرت کی اسی زنجیر میں بندھا ہے جو اسے دنیا میں آتے ساتھ پہنائی جاتی ہے۔ نہ زنجیر بوسیدہ ہو کے ٹوٹتی ہے اور نہ ہی گمنام اور بے گناہ لہو بہنا رکتا ہے۔

ان زنجیروں کی کڑیاں مضبوط کرنے کا سہرا ان کے سر بندھتا ہے جو جنت کے حصول کی دوکان چکائے بیٹھے ہیں۔ یونہی ایک خیال سرسراتا ہوا سا دل سے چھو کے گزرتا ہے۔ بے قصور مرنے والے شہید اور شناختی کارڈ کی مدد سے موت کا پروانہ تھمانے کے ثواب کی گٹھڑی بھاری کرنے والے جنت کے والہ و شیدا، کیا اس مقام خاص پہ ایک دوسرے کے رفیق ٹھہریں گے؟ اور اگر ایسا ہی ہوا تو کون کس کا گریبان پکڑے گا؟

بات حیدر میاں کے نام رکھنے کی یاد سے شروع ہوئی تھی سو ایسے ہی کسی کمزور لمحے میں یونہی ہم نے ان سے پوچھا، حیدر، کیا ہم آپ کا نام بدل کے ہاشم کر دیں؟

حیدر اپنے مخصوص انداز میں بولے،

''کیوں ڈرتی ہیں کیا؟''

''ارے نہیں بیٹا، بس ایسے ہی''

''ارے چھوڑیے اماں ناموں کے اس گورکھ دھندے کو! میں انسان کا بچہ ہوں اور میری یہی بنیادی پہچان ہے، باقی سب ثانوی ہے''

تب سے ہم بیٹھے یہی سوچ رہے ہیں کہ مرنے والے ہزارہ انسان ہی کے بچے تھے نا!

انقلابی لطیفے نظام ہضم کو درست رکھتے ہیں (مکمل کالم)

یاسر پیرزادہ

کیمونسٹ پارٹی کی ایک ذیلی تنظیم نے فیصلہ کیا کہ انہیں انقلاب عظیم کی سالگرہ منانی چاہیے، چنانچہ ایک شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں پارٹی کے چیئرمین نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ''میرے کامریڈ دوستو، ذرا دیکھو انقلاب کے بعد ہماری پارٹی نے کیسے لوگوں کی زندگیاں بدل دی ہیں۔ اماں مشکایا کی مثال آپ کے سامنے ہے، یہ بیچاری اس قدر غریب تھی کہ اس کے پاس کپڑوں کا صرف ایک جوڑا تھا اور پاوں میں پہننے کے لیے جوتے تک نہیں تھے مگر اب اس کا اپنا کشیدہ کاری کا کام ہے اور یہ پہلے سے کہیں زیادہ خوشحال ہے۔ اور اپنا کوزوف تو بیچارہ تو بہت ہی مسکین تھا، کھانے کو روٹی نہیں تھی سونے کے لیے چھت نہیں تھی، مگر اب اس کے پاس بیلوں کی جوڑی ہے، کھیتی باڑی کرتا ہے، خوب گزارا ہو رہا ہے۔ اور یہ لفنگے بونسکی کو ہی دیکھ لیں۔ ایک نمبر کا آوارہ شخص تھا، کبھی شراب پی کر غل غپاڑا کرتا تھا اور کبھی کسی کی ماں بہن کو چھیڑتا تھا۔ مگر اب یہ ہماری پارٹی کا سیکرٹری جنرل ہے۔

یہ لطیفہ اس دور کا ہے جب سوویت یونین اور اس کی پروردہ ریاستوں میں کیمونسٹ پارٹی کی آمریت اور فسطائیت عروج پر تھی، اظہار رائے پر پابندی تھی، سیاسی نظریات پر بندش تھی اور جمہوری حقوق کا کوئی تصور نہیں تھا۔ اس ماحول میں اس قسم کے لطیفے امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے گھڑے تاکہ کیمونزم کا تمسخر اڑا کر سوویت بلاک کے عوام کو یہ باور کروایا جا سکے کہ وہ ایک جابرانہ نظام کے تابع ہیں جہاں ان کی زندگی، آزادی اور مسرت کے حصول کی خواہش کوئی معنی نہیں رکھتی۔ یوں تو ہٹلر کی نازی پارٹی اور سٹالن کی آمریت اب ماضی کا قصہ لگتی ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ وقت بدلا نہیں ہے، آج بھی ریاستیں اپنے عوام کے حقوق سلب کرنے کے لیے ویسے ہی ہتھکنڈے استعمال کرتی ہیں جیسے مدظلہ سٹالن اور آنجہانی ہٹلر استعمال کرتے تھے، فرق صرف یہ ہے کہ آج کل کے دور میں یہ سر عام فائرنگ اسکواڈ کے سامنے کھڑا کر کے گولی سے اڑانے یا جبری مشقت کی سزا دے کر سائبیریا بھیجنے سے نہیں ہوتا بلکہ اب اس کے لیے جمہوریت نما فضا قائم کی جاتی ہے (ہٹلر نے بھی یہی کیا تھا) جس میں ایک مقبول لیڈر عوام کو یہ باور کرواتا ہے کہ وہ جو کچھ کرے گا ملک و قوم کے عظیم تر مفاد کے لیے کرے گا لہذا اس پر آنکھیں بند کر کے اعتماد کیا جائے۔ عوام کا یہی اعتماد امریکہ میں ٹرمپ نے، بھارت میں مودی نے اور برازیل میں بولسونارو نے حاصل کیا۔ کسی ملتے جلتے سربراہ کا نام اگر لکھنے سے رہ گیا ہو تو معذرت قبول کریں اور مندرجہ بالا لطیفے کو دوبارہ پڑھ لیں۔

تھوڑی دیر کے لیے ایک ایسے ملک کا تصور کریں جہاں کے عوام کو اس بات کا احساس ہی نہیں کہ وہ غیر محسوس طریقے سے ایک آمرانہ نظام میں جکڑے ہوئے ہیں، یعنی اس ملک کا نظام جارج آرویل کے شہرہ آفاق ناول '1984' جیسا ہے جہاں ہر چیز پر نظر رکھی جاتی ہے اور عوام کو بتایا جاتا ہے کہ 'بڑا بھائی' سب کچھ دیکھ رہا ہے۔ ایسے نظام میں اختلافی بیانیہ رکھنے والوں کو غدار اور ملک دشمن کہا جاتا ہے، پروپیگنڈا کر کے حقائق کو مسخ کیا جاتا ہے، جھوٹ کی تکرار کی جاتی ہے اور سچ کا پرچار کرنے والوں پر زمین تنگ کر دی جاتی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ عموماً ایسے ملک میں عوام کے ایک بڑے طبقے کو یہ تمام تضادات سرے سے نظر ہی نہیں آتے کیونکہ یہ طبقہ مسلسل پروپیگنڈا کے زیر اثر خلوص نیت سے یہ سمجھنے لگتا ہے کہ ریاست جن لوگوں کو غیر محب وطن قرار دے کر جیل میں ڈال رہی ہے وہ اسی سلوک کے مستحق ہیں اور یوں یہ طبقہ خود کبھی ریاستی جبر کا نشانہ نہیں بنتا۔ شروع میں ہٹلر کی نازی پارٹی ایسے ہی نظریات کے پرچار سے مقبول ہوئی تھی جب اس نے یہودیوں کا بائیکاٹ شروع کیا تھا، لوگوں نے ہٹلر پر ایمان کی حد تک اعتبار کیا تھا، بعد میں جب جنگ ختم ہوئی تو انہیں احساس ہوا کہ وہ تعصب میں اندھے ہو کر سچ اور جھوٹ کی تمیز بھلا چکے تھے۔ ٹرمپ کے امریکہ میں اس طبقے کی مثال 'necksred' اور متعصب سفید فام ہیں جو مہاجرین، اقلیتوں اور سیاہ فام شہریوں کو غیر محب وطن سمجھتے ہیں۔ اسی طرح مودی کے بھارت میں انتہا پسند ہندو بھی اسی طبقے میں شامل ہیں جو یہ سمجھتا ہے کہ مسلمان اقلیت گردن زنی ہے۔ ہمارے ہاں بھی ایک طویل عرصے تک پنجاب کے بالا دست طبقے کو یہ احساس ہی نہیں ہو سکا کہ اندرون سندھ، فاٹا، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں کیا کچھ ہوتا ہے، اب کہیں جا کر وسطی پنجاب والوں کو جارج آرویل کا ناول سمجھ میں آنے لگا ہے۔

تاہم الحمدللہ، ہم ایک آزاد ملک کے آزاد شہری ہیں اور 'اے قائد اعظم تیرا احسان ہے تیرا احسان' جیسے ملی نغمے سن سن کر جوان ہوئے ہیں لہذا ہمیں پشیمانی کی ضرورت نہیں۔ البتہ جن ممالک کے شہریوں کو آزادی اظہار کی عیاشی میسر نہیں اور وہ استبدادی ریاست (کافی دیر سے میں یہ لفظ استعمال کرنے سے گریز کر رہا تھا کہ اس کے بولنے سے زبان میں لکنت پیدا ہو جاتی ہے) کے خوف میں زندگی بسر کر رہے ہیں، ان کے لیے مغرب کے پڑھے لکھے محققین نے فسطائیت اور آمرانہ نظام سے چھٹکارا پانے کے کچھ نسخے لکھ رکھے ہیں۔ مثلاً حال ہی میں ایک کتاب نظر سے گزری، TyrannyOn، ٹموتھی سنائیڈر نامی امریکی مصنف نے لکھی ہے، وہ مرد عاقل کہتا ہے کہ جابرانہ نظام کو کسی شارٹ کٹ کے ذریعے ختم نہیں کیا جا سکتا بلکہ اس کے خاتمے کے لیے ہر شخص کو ایک طویل جدوجہد کرنی پڑتی ہے۔ مصنف کے مطابق اس ضمن میں سب سے پہلے تو ان تمام باتوں کے خلاف کھڑے ہونا ضروری ہے جو جابرانہ نظام کو قوت بخشتی ہیں مثلاً کوئی بھی جماعت اگر تعصب اور نفرت پر مبنی بیانیے کا پرچار کرتی ہے تو اسے نظر انداز نہیں کرنا چاہیے بلکہ اس کی مزاحمت کرنی چاہیے۔ دوسری بات، پروپیگنڈا کے اثر سے بچنا چاہیے اور ہمیشہ حقائق کی پڑتال کر کے کسی معاملے میں رائے قائم کرنی چاہیے۔ تیسری بات، جبر کے خلاف جدوجہد اسی صورت میں ممکن ہے اگر عوام کے درمیان مذہب، ذات پات، برادری، رنگ، نسل یا جنس کے نام پر کھڑی کی گئیں سماجی رکاوٹیں نہ ہوں، اسی صورت میں عوام اپنی قوت کو مجتمع کر کے جابرانہ نظام سے چھٹکارا پا سکیں گے۔ چوتھی بات، عوام کی آزادی ان کی نجی معلومات کے تحفظ سے مشروط ہے، ریاست کا عوام کی نجی معلومات پر اختیار جس قدر کم ہو گا، اتنی ہی شہریوں کی آزادی بھی ممکن ہو گی۔ پانچویں بات، عوام کو ہمیشہ اس بات سے ہوشیار رہنا چاہیے کہ کوئی شخص سچائی کو مسخ نہ کرے، مصنف ڈونلڈ ٹرمپ کی مثال دیتے ہوئے کہتا ہے کہ ایک تحقیق کے مطابق 2016 کے انتخابات میں ٹرمپ کی طرف سے کیے گئے دعووں میں سے 78 فیصد جھوٹ پر مبنی تھے، لیکن ٹرمپ نے اس تسلسل کے ساتھ جھوٹ بولا کہ لوگوں نے اس پر یقین کر لیا اور پھر اس سے اگلے مرحلے میں ان تضادات کو بھی ڈھٹائی سے گلے لگا لیا جن کی کوئی عقلی توجیہ ممکن ہی نہیں تھی۔ ٹموتھی سنائیڈر کہتا ہے کہ اس پورے کھیل کے آخری مرحلے میں ایسا لیڈر لوگوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اس پر اعتماد کریں، وہی نجات دہندہ ہے، وہی الوالامر ہے اور مسیحا ہے، جس کا انہیں انتظار تھا جبکہ حقیقت میں ایسے کسی مسیحا کا کوئی وجود نہیں ہوتا۔ رہی بات ہمارے جیسے ملکوں کی تو ہم ایسے نصیبوں جلے ہیں کہ اپنی بے زبانی پر بھی شکر گزار ہیں کیونکہ زبان ملنے پر بھی ہم نے اپنی بے دست و پائی کا ہی شکوہ کرنا تھا۔ 'تمنائے زباں، محو سپاس بے زبانی ہے، مٹا جس سے تقاضا شکوہ بے دست و پائی کا'۔ (غالب)۔

آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم

سیاسی، سماجی، معاشی موضوعات کے متعلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجیں ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔

imroz.ad@gmail.com

whatsapp no :03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہو سکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں (ایڈیٹر)

فیس بک ٹوئٹر: طاقتور عالمی فیصلہ ساز

نصرت جاوید

جمہوری نظام اور مہذب روایات کے بارے میں فکرمند افراد کی بے پناہ اکثریت شاداں اور مطمئن ہے کہ فیس بک اور ٹویٹر نے امریکی صدر ٹرمپ کو اپنے پلیٹ فارموں پر Ban کردیا ہے۔ گزشتہ بدھ کے روز واشنگٹن میں جو ہنگامے ہوئے وہ مذکورہ فیصلے کا سبب ہیں۔ ٹھوس شہادتوں کی بنیاد پر واضح انداز میں عیاں ہورہا ہے کہ نومبر 2020ء کے صدارتی انتخاب میں اپنی شکست کو ٹرمپ نے خوش دلی سے قبول نہیں کیا۔ دھاندلی کی دہائی مچانا شروع کردی۔

چند ریاستوں کو جہاں ری پبلکن جماعت برسراقتدار ہے، مسلسل اُکساتا رہا کہ وہ جو بائیڈن کی حمایت میں ڈالے ووٹوں کو مشکوک ٹھہرا کر مسترد کریں۔ اس کی خواہش کی پذیرائی نہ ہوئی تو ٹرمپ نے فیس بک اور ٹویٹر کے ذریعے اپنی Base سے براہ راست رابطے شروع کردیئے۔ کامل ڈھٹائی سے انہیں ''مشورے'' دیتا رہا کہ وہ 6 جنوری کے روز امریکی پارلیمان کا محاصرہ کریں۔

نومبر کا انتخاب ختم ہونے کے بعد امریکی پارلیمان نئے سال کی 6 جنوری کے روز الیکٹورل ووٹوں کی توثیق کرتی ہے۔ گزشتہ 200 برسوں سے یہ معمول کی رسمی کارروائی ہی تصور ہوتی رہی ہے۔ کوئی امریکی یہ امکان ذہن میں لا ہی نہیں سکتا کہ امریکی پارلیمان نومبر میں منظرعام پر آتے نتائج کی توثیق کرنے سے انکار کردے۔

ٹرمپ نے مگر یہ توقع باندھ لی کہ اس کے جنونی حامی واشنگٹن میں جمع ہوکر ''تاریخ'' بنادیں گے۔ 6 جنوری 2021 کے دن ''تاریخ'' ایک اعتبار سے ہرصورت بنی مگر اس نے ٹرمپ اور اس کی جماعت کے سرکردہ حامیوں کو بھی شرمندہ کردیا۔ واشنگٹن کی پولیس مظاہرین کے روبرو قطعاً بے بس نظر آئی۔ مظاہرین دیواریں پھلانگ کر پارلیمان کی عمارت میں گھس گئے۔ اس کی ''توقیر'' خاک میں ملادی۔ نیشنل گارڈز امریکی اراکینِ پارلیمان کو مظاہرین سے ''چھپانے'' کو مجبور ہوئے۔ پارلیمان کی عمارت کو محفوظ بنانے میں کئی گھنٹے صرف ہوئے۔

پارلیمان کے محاصرے کے دوران کئی سادہ لوح افراد نے یہ اُمید باندھی کہ ٹرمپ ہنگامی بنیادوں پر قوم سے خطاب کرے گا۔ اس خطاب کے ذریعے بہت شدت سے اپنے حامیوں کو قانون کے احترام کو مائل کرے گا۔ وہ مگر سازشی خاموشی کے ساتھ تماشائی بنا رہا۔ نیشنل گارڈز نے صورت حال پر قابو پالیا تو فقط ایک وڈیو پیغام کے ذریعے اقرار کیا کہ اسے 20 جنوری 2021 کے روز امریکی صدارت جو بائیڈن کے حوالے کرنا ہوگی۔ نئے صدر کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کیلئے وہ مگر اب بھی تیار نہیں۔ عندیہ دے رہا ہے کہ اس روز وہ سکاٹ لینڈ چلا جائے گا جہاں اس نے ایک وسیع وعریض گالف کلب قائم کررکھا ہے۔

واشنگٹن میں ہوئے مظاہروں کا کلیدی سبب ٹرمپ کے پیغامات ٹھہرائے جارہے ہیں جو نومبر 2020 کے بعد سے وہ مسلسل فیس بک اور ٹویٹر کے ذریعے اپنے حامیوں تک پہنچاتا رہا۔ خدشہ تھا کہ وہ ان دونوں پلیٹ فارموں کو اشتعال انگیز پیغامات پھیلانے کیلئے استعمال کرتا رہا تو 20 جنوری کے دن فقط واشنگٹن ہی نہیں امریکہ کے تمام بڑے شہروں میں بھی اس کے حامی ''خانہ جنگی'' جیسے مناظر دکھانا شروع ہوجائیں گے۔ اس امکان کے تدارک کیلئے تجویز یہ پیش ہوئی کہ امریکی آئین کے آرٹیکل 25 کو بروئے کار لاتے ہوئے ''غیرذمہ دار صدر'' کو برطرف کردیا جائے۔ نائب صدر پنس 20 جنوری تک قائمقام صدر کے طور پر کام کرے۔ مذکورہ تجویز کو مناسب پذیرائی میسر نہیں ہوئی۔ امریکہ کے ایوان زیریں کی سپیکر اب یہ چاہ رہی ہے کہ ٹرمپ کا واشنگٹن میں مظاہرے بھڑکانے کے الزام میں مواخذہ ہو۔ مواخذے کی تحریک مگر اپنے منطقی انجام تک پہنچنے میں بہت دیر لگاتی ہے۔ ڈیموکریٹ پارٹی کے پاس ویسے بھی امریکی ایوان بالا میں دوتہائی اکثریت موجود نہیں جو کسی صدر کے مواخذے کے لئے درکار ہوتی ہے۔ یوں گماں ہورہا ہے کہ ٹرمپ کے خلاف کسی قانونی کارروائی کے بغیر ہی 20 جنوری 2021 کا انتظار کیا جائے گا۔

''عوامی نمائندوں اور ''مختلف اداروں'' کی ٹرمپ کے حوالے سے نمایاں ہوئی ''بے بسی'' کے برعکس Jack Dorsey اور Mark Zuckerberg امریکی صدر سے کہیں زیادہ بااختیار اور طاقت ور ثابت ہوئے۔ اول الذکر فیس بک چلانے والی کمپنی کا مالک ہے۔ Jack Dorsey ٹویٹر کا مالک ہے۔ ان دونوں نے ٹرمپ کو جسے ان دِنوں بھی کسی ملک کے خلاف ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کا اختیار میسر ہے اپنے پلیٹ فارموں پر Ban کردیا ہے۔ ان کے فیصلے نے جمہوری اور مہذب روایات کے بارے میں فکرمند افراد کو یقیناً خوش گوار اطمینان فراہم کیا ہے۔

ذہن سازی کے علاوہ اقتدار واختیار کے معاملات کو گہری تحقیق کے ذریعے جاننے کی کوششوں میں مصروف افراد مگر طویل المیعاد تناظر میں نہایت اہم اور سنجیدہ سوالات اٹھانا شروع ہوگئے ہیں۔ یہ حقیقت تو عرصہ ہوا ثابت ہوچکی ہے کہ فیس بک اور ٹویٹر روایتی میڈیا کے مقابلے میں ذہن سازی کے حوالے سے کہیں زیادہ موثر ترین ہیں۔ ''آزادی اظہار'' کی جبلی خواہش کو کاروباری مہارت سے استعمال کرتے ہوئے ان دونوں نے ''عام آدمی'' کو اپنے خیالات لوگوں تک پہنچانے کی حیران کن سہولت فراہم کی۔

ابتدائی ایام میں اس سہولت کا پُرجوش خیر مقدم ہوا۔ عوام کی بے پناہ اکثریت روایتی میڈیا سے تنگ آچکی تھی۔ ٹھوس وجوہات کی بنیاد پر وہ یہ محسوس کرتے تھے کہ بڑے دھندوں کے اجارہ دار سیٹھوں نے عوام کو اخبارات اور ٹیلی وژن نیٹ ورک کے ذریعے ''خبر'' پہنچانے والے اداروں کو بھی خرید لیا ہے۔ ''اصل خبر'' ان کے ذریعے لوگوں کے روبرو آ ہی نہیں سکتی۔ ''سچ'' کی تلاش کے لئے سیٹھوں کے تنخواہ دار صحافیوں کے بجائے Citizen Journalism سے رجوع کرنا ہوگا۔

چند برس کی وقتی خوشی کے بعد مگر بتدریج دریافت ہونا شروع ہوا کہ فیس بک اور ٹویٹر کے ذریعے خلقِ خدا کے حقیقی مسائل اجاگر نہیں ہورہے۔ یہ دونوں پلیٹ فارم بلکہ بے تحاشہ کائیاں مگر جنونی افراد ''سازشی کہانیاں'' پھیلانے کے لئے استعمال کررہے ہیں۔ انسانوں کے دلوں میں جبلی طور پر موجود تعصبات کو بھڑکاتے ہوئے یہ دونوں پلیٹ فارم ایسے ''جنونی گروہ'' تیار کررہے ہیں جو اپنے مخالفین کو سانس لینے کی مہلت دینے کو بھی تیار نہیں۔

فیس بک اور ٹویٹر معاشرے میں ''انتہاپسندی'' کی جونئی شکل متعارف کروارہے تھے اس نے بالآخر دنیا کی کئی حکومتوں کو مجبور کیا کہ وہ موثر قانون سازی کے ذریعے ان دونوں پلیٹ فارموں کو Regulate کرے۔ ابھی تک کامل بندش کے علاوہ کوئی ایسا طریقہ دریافت نہیں ہوا جو مطلوبہ نتائج کے حصول یقینی بناسکے۔ ٹرمپ کے ان دو پلیٹ فارموں پر Ban ہوجانے کے بعد بلکہ گماں ہورہا ہے کہ فیس بک اور ٹویٹر کئی اعتبار سے طاقت ور ''عالمی اداروں'' کی صورت اختیار کرچکے ہیں۔ لوگوں کی ''ذہن سازی'' کے عمل پر ان کا مکمل اجارہ ہے۔ اس تناظر میں غور کریں تو فیس بک کا Mark Zuckerberg اور ٹویٹر کا Jack Dorsey دنیا کے طاقت ور ترین افراد کی حیثیت میں اجاگر ہوتے ہیں۔

یہ دونوں افراد امریکہ سمیت دنیا بھر کے کسی بھی منتخب یا غیر منتخب ادارے کے روبرو جوابدہ نہیں۔ یہ طے کرنا فقط ان کا ''حق'' ہے کہ ان کے چلائے پلیٹ فارموں کو کون شخص کیسے پیغامات پھیلانے کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔ وہ چاہیں تو دنیا کی واحد سپر طاقت شمار ہوتے امریکہ کے صدر کو بھی جو محض ایک بٹن دبا کر ایٹمی ہتھیاروں کی بدولت لاکھوں انسانوں کی جان لے سکتا ہے اپنے پلیٹ فارم استعمال کرنے سے روک سکتے ہیں۔

ذہن سازی کے حوالے سے ایسی قوت واختیار آج تک دنیا کے کسی بڑے سے بڑے اخباری ادارے یا ٹیلی وژن نیٹ ورک کو نصیب نہیں ہوئے تھے۔ معاملہ مگر اب ''ذہن سازی'' تک محدود ہوا ہی نظر نہیں آرہا۔ یوں گماں ہوتا ہے کہ دنیا بھر کی فیصلہ سازی کا اختیار دو ''عالمی'' حکومتوں کے پاس چلا گیا ہے۔ Mark Zuckerberg اور Jack Dorsey اس تناظر میں دورِ حاضر کے ''عالم گیر'' شہنشاہ ثابت ہورہے ہیں۔

بجلی بریک ڈاؤن، بیان بازی اوردعوے

عارف نظامی

ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب ملک بھر میں بجلی کے بریک ڈاون نے ایک نئی لیکن ناگوار بحث کو جنم دیا، بجائے اس معاملے کی تہہ تک پہنچنے اور آئندہ کے لیے ایسے اقدامات کرنے کے جن سے ایسے واقعات کا اعادہ نہ ہو، وفاقی وزیر توانائی عمرایوب اور تحریک انصاف کے دیگر زعما نے اس کی ذمہ داری بھی مسلم لیگ (ن) کی سابق حکومت پر ڈال دی۔ ان کے مطابق ن لیگی حکومت کے دور میں اٹھ مرتبہ ایسے واقعات ہوئے۔

ایسا ہی ہوا ہوگا، لیکن اس وقت کے سیکرٹری واٹر اینڈ پاور یونس ڈھاگا جو اچھی شہرت کے حامل ہیں اور عمومی طور پر انہیں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، کا کہنا ہے کہ 2015 میں تو زوننگ کا ایسا نظام بنایا گیا جس کے تحت ٹرانسمیشن بریک ڈاون کو اسی ریجن تک محدود رکھا جائے اور باقی گرڈ کام کرتے رہیں۔ یونس ڈھاگا کے مطابق 2016 اور 2017 میں جب بریک ڈاون ہوا تو قومی گرڈ اس سے متاثر نہیں ہوا۔

ان کا کہنا ہے کہ حکومت کو تحقیقات کرنی چاہیے کہ یہ سسٹم کس نے اور کیونکر ختم کیا؟ حکومتی ترجمانوں کے اس دعوے سے اختلاف نہیں کیا جاسکتا کہ سابق حکومت نے مہنگے پاور پلانٹس تو لگائے جن سے بجلی پیدا کرنے کی استعداد مانگ سے بھی بڑھ گئی لیکن ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کا نظام فرسودہ ہی رہا۔ ن لیگ کی حکومت میں وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے حکومت کے الزام کو رد کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ ن لیگ نے اس سمت میں کام کیا اور ہزاروں میل طویل ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن لائنیں بچھائیں، اسی کی بدولت موجودہ حکومت موسم گرما میں 24 ہزار میگاواٹ بجلی تقسیم کرنے کے قابل ہوئی، ن لیگ کا بنایا ہوا این ون سسٹم کسی پاور پلانٹ کی بندش کے باوجود ترسیلی نظام کو مستحکم رکھ سکتا ہے لیکن پی ٹی ائی حکومت نے جاری نہ رکھا اور حالیہ گرمیوں میں مرمت بھی نہیں کرائی۔

یہ دعویٰ اپنی جگہ لیکن حقیقت یہی ہے کہ ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کا نظام انتہائی ناقص ہے جس بنا پر وقتاً فوقتاً بریک ڈاون معمول بن کر رہ گئے ہیں۔ اب ان معاملات کو ٹھیک کرنا کس کی ذمہ داری ہے؟ حیران کن بات ہے کہ فروری تک موجودہ حکومت کی نصف مدت پوری ہوجائے گی لیکن اب بھی حکومت کے نزدیک ہر خرابی کی ذمہ دار سابق حکومتیں ہی ہیں۔ عمران خان اسی بنیاد پر حکومت میں ائے تھے کہ وہ اپنے سے پہلے کی حکومتوں کی مبینہ بدعنوانیوں اور نااہلیوں کو ختم کرکے ایک صاف ستھرا نظام لائیں گے لیکن تاحال چند شعبوں کو چھوڑ کر اکثر میں تبدیلی کے اثار دور دور تک دکھائی نہیں دیتے۔

توانائی کے شعبے کو ہی لیں، اس شعبے کا سب سے بڑا مسئلہ گردشی قرضے ہیں جو سابق حکومت کے دور سے ہی چلے آرہے ہیں، اس بارے میں بھی خان صاحب نے دعویٰ کیا تھا کہ گردشی قرضے ختم کئے جائیں گے ہم نے حکمت عملی تیار کرلی ہے جس پر عمل درامد بھی ہو رہا ہے مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ گردشی قرضے جون 2018 میں 1148 ارب روپے تھے جواب بڑھ کر 2400 ارب تک پہنچ چکے ہیں۔ بجلی کا فرسودہ نظام بھی اسی طرح چل رہا ہے جس کے تحت بجلی چوری اور کنڈا لگانے کی روایت اب بھی عام ہے۔

اس پس منظر میں پی ٹی ائی کی حکومت جب تک اپنے کام کرنے کے طریقہ کار میں تبدیلی نہیں لائے گی ہر شعبے میں معاملات جوں کے توں ہی رہیں گے۔ یہ ناقص حکمت عملی حکومت کے لیے سیاسی طور پر بھی نقصان دہ ہے۔ اس دعوے سے کہ ہمارا قصور نہیں، سابق حکومت کے لٹیرے سب کام خراب کرگئے، عوام میں کوئی اچھا تاثر پیدا نہیں ہوتا۔ اگر نواز شریف نے اپنے دور میں کچھ غلط کیا تو انہیں عوام نے مسترد کردیا اور وہ اپنی غلطیوں کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ خان صاحب کیا کررہے ہیں؟ وزیر اعظم بلاناغہ کئی کئی تقریریں کرکے دل بہلاتے رہتے ہیں، ان کا استدلال بڑا سادا ہے کہ ''اپوزیشن بے شرم ہے، نواز شریف باہر بیٹھ کر فوج میں بغاوت کرانا چاہتے ہیں، ہم نے ڈاکوؤں کو جیل میں ڈالا ہے۔ اگرچہ اسان راستہ یہی ہے کہ میں اپوزیشن کو چھوڑ دوں لیکن میں این ار او نہیں دوں گا، اپنے اصولی موقف سے ہٹنے والا نہیں ہوں''، یہی گردان دن رات ترجمانوں کی فوج ظفر موج بھی کرتی رہتی ہے۔ شیخ رشید احمد جو ریلویز میں ''کارہائے نمایاں'' انجام دینے کے بعد اب وزیر داخلہ ہیں کی میڈیا پر حاضر باشی اپنے ساتھیوں کے مقابلے میں زیادہ ہے۔

اپوزیشن کے لتے لینے کے علاوہ پیشگوئیاں کرنے کے بھی ماہر ہیں۔ ان کا تازہ واکھیان ہے کہ وزیر اعظم چوروں ڈاکوؤں سے کبھی مفاہمت نہیں کریں گے، نہ جانے کون خان صاحب سے کہہ رہا ہے کہ اپ مفاہمت کریں اور اپوزیشن کے علاوہ کس کا اس بارے میں دباو ہے۔

اگرچہ میڈیا میں اکثر آوازیں اٹھتی رہتی ہیں کہ ملک میں ہذیانی کیفیت کو دور کرنے کے لیے اقدامات کریں اور اپوزیشن کے ساتھ ورکنگ ریلیشن شپ قائم کریں جو کسی کامیاب جمہوری نظام کا خاصا ہوتا ہے تاکہ ملک آگے بڑھ سکے لیکن یہ تاثر جاگزیں ہوگیا ہے کہ حکومت بیان بازی اور دعووں پر چل رہی ہے اور تمام خرابیوں کا ذمہ دار سابق حکومتوں کو قرار دینے کے سوا اس کے پاس کوئی چورن نہیں ہے۔

جیسے اڑھائی برس گزرے اسی طرح سسک سسک کر باقی عرصہ بھی گزر جائے گا لیکن باقی عرصے میں پی ٹی ائی نے کوئی کارکردگی نہ دکھائی اور اسی ڈگر پر چلتی رہی تو ائندہ انتخابات میں کامیابی ممکن نہیں رہے گی۔

پولیس

ریلوے اسٹیشن	9201490
کینٹ پولیس اسٹیشن	9201087
بجلی روڈ پولیس اسٹیشن	9202042
سٹی پولیس اسٹیشن	9201250
گوالمنڈی پولیس اسٹیشن	1217
پشتون آباد پولیس اسٹیشن	2664040
قائد آباد پولیس اسٹیشن	9202218
انڈسٹریل پولیس اسٹیشن	92111050
پولیس لائن	9201435
کچلاک پولیس اسٹیشن	2890234
سریاب پولیس اسٹیشن	9211080
بروری پولیس اسٹیشن	2853610
نیوسریاب پولیس اسٹیشن	2892033
شالکوٹ پولیس اسٹیشن	2460190
ایمرجنسی سینٹر	15
ایمرجنسی سینٹر (A)	9202556
ایمرجنسی سینٹر (B)	9202777
سول لائن پولیس اسٹیشن	9202730
کرائمز برانچ	9201418
صدر پولیس اسٹیشن	9201435
ٹریفک ایمرجنسی	9201991
سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس اسٹیشن	9211707
سی آئی اے	9202253
ایئرپورٹ پولیس اسٹیشن	2880387

بجلی

مرکزی شکایات سینٹر	18
کوئٹہ سٹی ڈویژن	9202027
ریونیو آفس سریاب	9211341
سب ڈویژن کرانی	2442834
کچلاک سب ڈویژن	2890075
گوالمنڈی سب ڈویژن	2869004
لیاقت بازار شکایت آفس	9201450
بروری سب ڈویژن	2828400
زرغون آفس	2823403
سپرنٹنڈنٹ انجینئر کوئٹہ	9202003

پی آئی اے

انکوائری	117
ایکس چینج	9201993/9202632
ریزرویشن	9201066
ایئرپورٹ انکوائری	114
ایکسچینج	9203873
ایئرپورٹ ایکسچینج	2880213/6
ٹریفک	2880028

ٹیلیفون

ہیلپ لائن	1236
شکایات	1218
بلنگ ہیلپ لائن	1200

ہسپتال

ایدھی سینٹر	283086/115
عمر فاؤنڈیشن	2837296
سول ہسپتال ایمبولینس	9202017
سول ہسپتال ایکس چینج	9202017
کرسچن ہسپتال	2842697
وفاقی میڈیکل سینٹر	9211636
ہیلپر آئی ہسپتال	9211087
ریلوے ہسپتال	9211078
لیڈی ڈفرن ہسپتال	2836532
فاطمہ جناح ٹی بی سینٹوریم	2853618
چلڈرن ہسپتال	2823705/14
مائیلو شہید ٹرسٹ	2824875/2828383
پاکستان جنرل ہسپتال	2842043/2842295
جیلانی ہسپتال	2447183
ایل آر بی ٹی	2850362
شعبہ حادثات سول ہسپتال/ایمرجنسی	137
بی ایم سی	2823618/2830563
فوجی فاؤنڈیشن میڈیکل سینٹر	2664464

فائر بریگیڈ

سٹی فائر بریگیڈ	2841118/920264
سرکلر روڈ	9201066/16
کنٹونمنٹ بورڈ	9201629

واسا شکایات

ایکسین	9211612
سب آفس مالی باغ	9202290
کواری روڈ	9202846
ایوب اسٹیڈیم	9202708

دیگر اہم نمبر

پی ٹی وی سینٹر	9202626
ریڈیو پاکستان	9202393
کوئٹہ پریس کلب	2821734
بلوچستان بورڈ	9202791

ایڈوانس ٹیکنالوجی نے لائیو پرفارمنس کو پیچھے چھوڑ دیا، عطاء اللہ عیسیٰ خیلوی

ایڈوانس ٹیکنالوجی سے بہت آسانیاں پیدا ہوئیں مگر لائیو پرفارمنس کا اپنا ہی لطف ہے

میں نے اپنے حصے کی کامیابی سمیٹ لی ہے اب نوجوان نسل کا وقت ہے وہ اپنے حصے کی کامیابیاں حاصل کریں، انٹرویو

لاہور (این این آئی) نامور گلوکار عطاء اللہ عیسیٰ خیلوی نے کہا ہے کہ میں نے اپنے حصے کی کامیابی سمیٹ لی ہے اب نوجوان نسل کا وقت ہے کہ وہ اپنے حصے کی کامیابیاں حاصل کریں، میرا بیٹا سانول بھی گلوکاری کرتا ہے اور ایک باپ ہونے کی حیثیت سے میری خواہش ہے کہ وہ بھی میری طرح گلوکاری کے میدان میں اپنا نام اور مقام پیدا کرے۔ ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ فنکار کبھی ریٹائرڈ نہیں ہوتا جب تک اس کے دم میں دم ہے وہ فنکار ہی کہلاتا ہے۔ عطاء اللہ عیسیٰ خیلوی نے کہا کہ میں نے جس دور میں گائیکی کا آغاز کیا تھا تو میرے خاندان میں اس کو انتہائی برا سمجھا جاتا تھا مگر میں نے فن کی خاطر گھر چھوڑ کر اپنے جنون کو پورا کرنے کے لئے لاہور کا رخ کیا جہاں مجھے بے پناہ جدوجہد کے بعد میری محنت کا پھل مل گیا۔ میں جس دور میں گاتا تھا اس وقت کیسٹ کا دور تھا آج ایڈوانس ٹیکنالوجی آچکی ہے جس سے گلوکاروں کے لئے بہت ساری آسانیاں پیدا ہوگئی ہیں مگر صحیح بات یہ کہ لائیو پرفارمنس کا اپنا ہی لطف ہے۔ عطاء اللہ خان عیسیٰ خیلوی کا مزید کہنا تھا کہ ایک وقت کہ لائیو شو کے لئے لوگ کئی کئی دور صوبوں سے ہوکے آتے تھے۔ لیکن آج نوبت یہ آئی ہے کہ لوگ کسی صورت لائیو شو اٹینڈ نہیں کرنا چاہتے حالانکہ لائیو شو میں گانا سننے کا مزہ ہی کچھ اور ہوتا ہے لیکن جب سے ڈیجیٹل دور آیا ہے کوئی بھی بندہ گانا سننے سے اتنا لطف اندوز نہیں ہوتے ایسی طرح ہم ہمیشہ لوگوں کے چہرہ پر مسکراہٹ لانے کی کوشش کرتے تاکہ عوام غم کو بلا سکے اور تھوڑی دیر تک خوش رہے یہی میرا مقصد ہے۔

بھارتی ''ہیرامنڈی'' پر فلم بنا رہے اور ہم مواد پر لگا رہے ہیں، منشا پاشا

سنجے لیلا بھنسالی لاہور کی ''ہیرامنڈی'' پر بنائی جانے والی فلم کو پروڈیوس کریں گے عالیہ بھٹ کو بھی کاسٹ کرلیا گیا ممبئی (این این آئی) اداکارہ منشا پاشا نے اس بات پر شکوہ کیا ہے کہ پاکستانی معاشرے میں موجود حقیقی کہانیوں پر بھارتی فلم ساز فلمیں بنا کر ان سے پیسے کمانے کا سوچ رہے ہیں اور ہم افسانوی مواد پر بھی پابندی لگا رہے ہیں۔ منشا پاشا نے اپنی سلسلہ وار ٹوئٹس میں شکوہ کرتے ہوئے لکھا کہ بھارتی لاہور کی ماضی کی رونقوں یعنی ''ہیرا منڈی'' پر محض اس لیے فلم بنا رہے ہیں، کیوں کہ جس ملک میں ہم رہتے ہیں، وہاں حقیقی مواد تو دور کی بات افسانوی مواد پر بھی پابندی عائد کردی جاتی ہے۔ اداکارہ نے لکھا کہ ہم افسانوی مواد پر پابندی عائد کرکے اس بات پر بحث کرتے رہتے ہیں کہ اخلاقی طور پر کیسا خیالی مواد دکھایا جانا چاہیے اور کیسا نہیں۔ بھارتی ہیرا منڈی پر فلم بنا رہے ان خیالات کا انہوں نے غم سے اظہار کیا۔

معیاری پراجیکٹس کیلئے میرے پاس بہت وقت ہے، لیلیٰ

مجھے فلاپ اداکارہ کہنے والے پہلے اپنے کیریئر پر بھی نظر ڈالیں، گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ لیلیٰ نے کہا ہے کہ دوسروں میں خامیاں نہیں ڈھونڈتی بلکہ اپنے کام سے کام رکھتی ہوں، مجھے فلاپ اداکارہ کہنے والے پہلے اپنے کیریئر پر بھی نظر ڈالیں۔ ایک انٹرویو میں لیلیٰ نے کہا کہ شوبز میں چند ایسے افراد ہیں جن کا اوڑھنا بچھونا ہی دوسروں پر تنقید کرنا ہے اور ایسے لوگوں کے اپنے کردار اور کیریئر سے سب بخوبی آگاہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عزت اور ذلت اوپر والے کے ہاتھ میں ہے اس لئے مجھے ایسے لوگوں کی قطعاً کوئی پرواہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر معیاری کام کرنے سے بہتر ہے کہ گھر پر ہی اپنی فیملی کو وقت دوں جو میری کل کائنات ہے۔ معیاری فلموں اور ٹی وی ڈراموں کے لئے میرے پاس بہت وقت ہے اور جب بھی اچھا پراجیکٹ ملا اس کے لئے بغیر کسی تاخیر کے حامی بھروں گی۔ اور اپنی کوشش ہمیشہ کی طرح متواتر جاری رکھوں گی۔

ادب کے فروغ کیلئے نوجوان شاعروں، کو زیادہ مواقع فراہم کی جائے، وصی شاہ

شاعری میری زندگی ہے اس کو چھوڑنے کا تصور بھی نہیں کرسکتا



لاہور (این این آئی) معروف شاعر، اینکر واداکار وصی شاہ نے کہا ہے کہ ہمیں ادب کے فروغ کیلئے نوجوان شاعروں اور ادیبوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا ہوں گے۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں کہا کہ اگر نوجوان نسل کسی اور طرف جارہی ہے تو معاشرہ رہنمائی کرے اور انہیں اپنی ثقافت اور تہذیب سے آگاہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کو اپنانا بری بات نہیں لیکن اس کا ایک حد سے زیادہ استعمال نقصان دہ ہے۔ پہلے خاندان کے لوگ رات کو اکٹھے بیٹھتے تھے جس سے نوجوانوں کی تربیت ہوتی تھی لیکن آج کی صورتحال سب کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ ادب کی تخلیق سے معاشرے میں بھائی چارے، اعتدال پسندی اور برداشت کو فروغ ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاعری میری زندگی ہے اس کو چھوڑنے کا تصور بھی نہیں کرسکتا۔ شاعری اور عشق کا چولی دامن کا ساتھ ہے اور میں نے عشق صرف اپنے کام سے کیا ہے جو میری کامیابی کی وجہ بنا۔ ادب کے فروغ کیلئے نوجوان شاعروں، کو زیادہ مواقع فراہمکی جائے، وصی شاہ شاعری میری زندگی ہے اس کو چھوڑنے کا تصور بھی نہیں کرسکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے کیا اس کا مزید کہنا تھا کہ بندہ اگر چاہیے کچھ بھی کرسکتا ہے ہمارے پیارے ملک پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے کئی اچھے نوجوان شاعروں سے نوازا ہیں لیکن آفسوس کی بات یہ ہے کہ بندے کو چاہیے کہ ہمیشہ کوشش کرے اور میرا پختہ امید ہے کہ حکومت نوجوانوں کے لئے ایک اچھا فلیٹ فارم مہیا کرے گا کیونکہ انھی کے بدولت وہ اپنے شاعری کو مزید تقویت بخش سکے گا۔ میں ہمیشہ سے یہ کہتا آرہا ہوں کہ ہمارے نوجوانوں میں ہر قسم کی صلاحیت موجود ہے۔

پاکستانی ڈرامیں ہمیشہ سے دوسروں ملکوں سے اچھے رہے، بشریٰ انصاری

کوئی اچھوتا کردار ملا تو چیلنج کے طور پر لوں گی' انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے کہا ہے کہ پاکستانی ٹی وی ڈراموں کا سحر ہمیشہ ہمسایہ ملک کے ڈراموں کے مقابلوں میں سر چڑھ کو بولتا رہا ہے، میں نے ٹی وی ڈراموں میں بہت سارے کردار ادا کر لیے ہیں اگر کوئی اچھوتا کردار ملا تو اسے ضرور چیلنج کے طور پر لوں گی۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ جتنے معیاری اور خوبصورت ڈرامے پاکستان سے پیش کیے جاتے ہیں ہمسایہ ملک میں اس طرح کا ایک بھی ڈرامہ نہیں بنا، صرف وہ گلیمر کا سہارا لے کر ڈرامے بناتے ہیں اوران کے ڈرامے اس قدر طویل ہوتے ہیں کہ دیکھنے والے بوریت کا شکار ہوجاتے ہیں جبکہ پاکستانی ڈرامے میں ہمیشہ دلچسپی کا عنصر چھایا رہا۔ بشریٰ انصاری نے کہا کہ پی ٹی وی سے بعض ایسے ڈرامے بھی پیش ہوئے ہیں کہ جب وہ آن ائیر ہوتے تھے تو مارکیٹیں بند اور سڑکیں ویران ہو جاتی تھیں۔ سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے کہا ہے کہ پاکستانی ٹی وی ڈراموں کا سحر ہمیشہ ہمسایہ ملک کے ڈراموں کے مقابلوں میں سر چڑھ کو بولتا رہا ہے، میں نے ٹی وی ڈراموں میں بہت سارے کردار ادا کر لیے ہیں اگر کوئی اچھوتا کردار ملا تو اسے ضرور چیلنج کے طور پر لوں گی۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ جتنے معیاری اور خوبصورت ڈرامے پاکستان سے پیش کیے جاتے ہیں ہمسایہ ملک میں اس طرح کا ایک بھی ڈرامہ نہیں بنا، صرف وہ گلیمر کا سہارا لے کر ڈرامے بناتے ہیں اوران کے ڈرامے اس قدر طویل ہوتے ہیں کہ دیکھنے والے بوریت کا شکار ہوجاتے ہیں جبکہ پاکستانی ڈرامے میں ہمیشہ دلچسپی کا عنصر چھایا رہا۔ بشریٰ انصاری نے کہا کہ پی ٹی وی سے بعض ایسے ڈرامے بھی پیش ہوئے ہیں کہ جب وہ آن ائیر ہوتے تھے تو مارکیٹیں بند اور سڑکیں ویران ہو جاتی تھیں۔ ان خیالات کا اظہار بشریٰ انصاری نے اپنے ایک انٹرویو میں کیا اس کا مزید کہنا تھا کہ اداکار اور اداکارائیں ہمیشہ کوشش کرتے ہے کہ اپنا سو فیصد کوشش کرے۔

ماڈل وفیشن ڈیزائنر فریحہ الطاف کا واٹس ایپ بحال

کراچی (این این آئی) ماڈل، فیشن ڈیزائنر و کیٹ واک ایونٹ مینجمنٹ کی چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) فریحہ الطاف کا واٹس ایپ اکاؤنٹ ہیک ہونے کے 24 گھنٹوں بعد بحال ہوگیا۔ اس ضمن میں فریحہ الطاف نے ایک ٹوئٹ کی جس میں انہوں نے بتایا کہ میرا واٹس ایپ واپس بحال ہوگیا ہے، ہیکرز کی ان حرکتوں پر کارروائی کرنے کی ضرورت ہے۔ فریحہ الطاف نے گزشتہ دنوں ٹوئٹ کی تھی کہ میں بہت افسردہ ہوں، میرا واٹس ایپ ہیک ہوگیا ہے اور جس بندے نے واٹس ایپ ہیک کیا ہے وہ میرے دوستوں کو پیغامات بھیج رہا ہے۔

آئمہ بیگ ناک سے گانا بند کردیں، شاہدہ منی کا مشورہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کی معروف گلوکارہ واداکارہ شاہدہ منی نے آئمہ بیگ کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ناک سے گانا بند کردیں۔ حال ہی میں شاہدہ منی ایک نجی ٹی وی چینل کے شو میں شریک ہوئیں جہاں ان سے پاکستان کے مقبول گلوکاروں کی تصاویر دکھا کر ان گلوکاروں کے حوالے سے ان کی رائے پوچھی گئی۔ سب سے پہلے شاہدہ منی کو گلوکارہ آئمہ بیگ کی تصویر دکھائی گئی اور آئمہ سے متعلق ان کی رائے پوچھی گئی۔ شاہدہ منی نے کہا سب ہی لوگ اپنے اسٹائل میں اچھا کام کررہے ہیں۔ آئمہ بیگ اس وقت انڈسٹری میں ہیں اور اچھا کام کررہی ہیں لیکن میں انہیں کہنا چاہوں گی کہ یہ ذرا ناک سے گانا بند کردیں۔ علی ظفر کے بارے میں شاہدہ منی نے کہا علی ورسٹائل اور باادب ہے۔ علی ظفر اور میں نے پی ٹی وی میں ایک ساتھ کام کیا تھا اور علی شروع سے بہت تیز اور محنتی تھا اور جب یہ کمرشلز میں آتا تھا تو مجھے لگتا تھا اس میں کوئی کرنٹ ہے۔

جیا بچن نے فوٹو گرافرز کو ڈانٹ دیا' ناراضی کا بھی اظہار

ممبئی (این این آئی) لیجنڈری بھارتی اداکار امیتابھ بچن کی اہلیہ جیا بچن نے میڈیا کے نمائندوں کو ڈانٹ دیا اور ناراضی کا اظہار بھی کیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق جیا بچن ممبئی کے علاقے جوہو میں ڈینٹل کلینک پہنچیں تو فوٹو گرافرز نے ان کی گاڑی سے اترتے ہی تصویریں کھینچنا شروع کردیں جس پر وہ ناراض ہوگئیں۔ جیا بچن نے غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ یہاں بھی پہنچ جاتے ہیں۔ اس دوران جیا بچن کے ساتھ موجود شخص میڈیا نمائندوں کو ہاتھ ہلا کر وہاں سے جانے کا کہتا رہا۔ جیا بچن کے غصے اور اظہار ناراضی کو دیکھتے ہوئے میڈیا نمائندوں نے فوراً ہی معذرت کرلی اوران کی بات مان کر وہاں سے چلے گئے۔ کہا کہ آپ لوگ یہاں بھی پہنچ جاتے ہیں۔ اس دوران جیا بچن کے ساتھ موجود شخص میڈیا نمائندوں کو ہاتھ ہلا کر وہاں سے جانے کا کہتا رہا۔ جیا بچن کے غصے اور اظہار ناراضی کو دیکھتے ہوئے میڈیا نمائندوں نے فوراً ہی معذرت کرلی اوران کی بات مان کر وہاں سے چلے گئے۔ اس باتوں کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔

خوبصورتی کو زوال آسکتا ہے مگر فن کو کبھی زوال نہیں آتا' اداکارہ ہما علی

اسٹیج ڈرامہ میری پہچان کی پہلی بنیاد ہے، میں اس کو چھوڑنے کا تصور بھی نہیں کرسکتی

لاہور (این این آئی) اداکارہ ہما علی نے کہا ہے کہ خوبصورتی کو زوال آسکتا ہے مگر فن کو کبھی زوال نہیں آتا، البتہ فنکار ضرور زوالی کا شکار ہوجاتے ہیں، میں نے اپنے کیریئر میں صرف محنت کو شعار بنا کر عزت اور مقبولیت حاصل کی ہے، یہ حقیقت ہے کہ شوبز میں حسد جیسی منفی چیز پہلے کی طرح آج بھی موجود ہے۔ انہوں نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے لیے وہی پسندیدہ فنکار ہے جو اپنے دیئے ہوئے کردار کو بخوبی اس طرح سے ادا کرے جس طرح سے اس کردار کا حق بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رقص کوئی بری چیز نہیں بلکہ اس کو کس انداز میں پیش کیا جاتا ہے وہی رقص کو اچھا اور برا بناتا ہے۔ جس سے تمام فنکار برادری کی بدنامی ہوتی ہے۔ کہ میرے لیے وہی پسندیدہ فنکار ہے جو اپنے دیئے ہوئے کردار کو بخوبی اس طرح سے ادا کرے جس طرح سے اس کردار کا حق بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رقص کوئی بری چیز نہیں بلکہ اس کو کس انداز میں پیش کیا۔

حریم شاہ کی اداکاری کے میدان میں بھی انٹری

حریم شاہ کو ویب سیریز میں بطور ہیروئن کاسٹ کیا گیا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی ٹک ٹاک اسٹار حریم شاہ ٹک ٹاک ویڈیوز بنانے کے بعد اب باقاعدہ اداکاری کے میدان میں قدم رکھنے جارہی ہیں۔ حریم شاہ پاکستان کے پہلے او ٹی ٹی پلیٹ فارم (اسٹریمنگ ویب سائٹ) اردو فلکس کی ویب سیریز میں نظر آئیں گی۔ اردو فلکس کے انسٹاگرام اکاؤنٹ سے گزشتہ روز حریم شاہ کی پراجیکٹ سائن کرتے ہوئے تصویر شیئر کی گئی اور اعلان کیا گیا کہ حریم شاہ اردو فلکس کی ویب سیریز کے ذریعے اداکاری کی دنیا میں قدم رکھنے جارہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق حریم شاہ کو ویب سیریز میں بطور ہیروئن کاسٹ کیا گیا ہے۔ اس ویب سیریز کا نام اور دیگر تفصیلات تو فی الحال منظر عام پر نہیں آئیں۔ تاہم ایک مقامی ویب سائٹ کے مطابق حریم شاہ کی ویب سیریز کا نام ''راز'' ہے۔ حریم شاہ کا شمار پاکستان کی مقبول ترین ٹک ٹاک اسٹارز میں ہوتا ہے۔

نئے ٹیلنٹ کو اداکاری میں پختگی کیلئے ٹی وی ڈراموں کو وقت دینا چاہیے' ذوالقرنین حیدر

ہمارے زمانے میں لوگ اپنے کام سے عشق کی حد تک لگاؤ رکھتے تھے' سینئر اداکار کی گفتگو

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار و ہدایتکار ذوالقرنین حیدر نے کہا ہے کہ ٹی وی نئے فنکاروں کے لئے بہترین درسگاہ ہے، نئے ٹیلنٹ کو چاہیے کہ وہ زیادہ سے زیادہ ٹی وی کو وقت دیں تا کہ ان کی اداکاری میں پختگی آئے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شوبز انڈسٹری میں وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں جن کو سیکھنے کا شوق ہو، ہمارے زمانے میں لوگ اپنے کام سے عشق کی حد تک لگاؤ رکھتے تھے مگر بدقسمتی سے آج کے فنکار کے پاس ریہرسل کا بھی وقت نہیں ہوتا۔ ذوالقرنین حیدر نے کہا کہ میری کوشش ہے کہ پاکستانی تہذیب اور ثقافت کو پرموٹ کرنے کے ساتھ نئے ٹیلنٹ کو بھی ایک اچھا پلیٹ فارم دیا جائے گا تا کہ اچھے اور باصلاحیت فنکاروں کو آگے لایا جاسکے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شوبز انڈسٹری میں وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں جن کو سیکھنے کا شوق ہو، ہمارے زمانے میں لوگ اپنے کام سے عشق کی حد تک لگاؤ رکھتے تھے مگر بدقسمتی سے آج کے فنکار کے پاس ریہرسل کا بھی وقت نہیں ہوتا۔ ذوالقرنین حیدر نے کہا کہ میری کوشش ہے کہ پاکستانی تہذیب اور ثقافت کو پرموٹ کرنے کے ساتھ نئے ٹیلنٹ کو بھی ایک اچھا پلیٹ فارم دیا جائے گا تا کہ اچھے اور باصلاحیت فنکاروں کو آگے لایا جاسکے۔

آسٹریلیا، بگ بیش لیگ میں سکارچرز کے جئے رچرڈسن ہوریکن کے بلے باز کو باؤلنگ کرارہے ہیں

اسپورٹس بورڈ ہاکی کی ترقی کیلئے کام کررہا ہے، ڈی جی اسپورٹس پنجاب

رواں ماہ پاکستان ہاکی فیڈریشن سے مل کر انٹر ڈویژن ہاکی چمپئن شپ بھی منعقد کرارہے ہیں

شاہد فقیر ورک نے گوجرہ میں جاری ہاکی گول کیپنگ ٹریننگ کیمپ کا معائنہ کیا

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب عدنان ارشد اولکھ کی ہدایت پر چیف کنسلٹنٹ سپورٹس بورڈ پنجاب شاہد فقیر ورک نے بدھ کے روز گوجرہ ہاکی سٹیڈیم میں جاری ہاکی گول کیپنگ ٹریننگ کیمپ کا معائنہ کیا، انہوں نے اولمپئن عمران شاہ، وقاص بٹ اور کیمپ انچارج خاور جاوید کی نگرانی میں جاری کیمپ میں شریک کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور ٹریننگ دیکھی، کھلاڑیوں کا شاہد فقیر ورک سے تعارف بھی کرایا گیا، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب عدنان ارشد اولکھ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سپورٹس بورڈ پنجاب صوبہ میں ہاکی کی بحالی اور ترقی کے لئے مسلسل کام کررہا ہے، ہاکی گول کیپنگ ٹریننگ کیمپ کا انعقاد بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے جس سے کھلاڑیوں کے کھیل میں بہتری آئے گی، انہوں نے مزید کہا کہ سپورٹس بورڈ پنجاب نے ہاکی کا ٹیلنٹ سامنے لانے کے لئے حال ہی لاہور ڈویژن ہاکی ٹورنامنٹ برائے وومن اور ہائی ٹیک انڈر 17 بوائز ہاکی ٹورنامنٹ کرائے جس میں بوائز اینڈ گرلز کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا، رواں ماہ پاکستان ہاکی فیڈریشن سے مل کر انٹر ڈویژن ہاکی چمپئن شپ بھی منعقد کرارہے ہیں جس سے ہاکی کے کھیل کو فروغ ملے گا اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

پہلی بار پاکستان سپر لیگ میں کھیلنے کے لیے بہت پرجوش راشد خان

لاہور (ویب ڈیسک) افغانستان کے معروف لیگ اسپنر راشد خان پی ایس ایل کے لیے لاہور قلندرز ٹیم کا حصہ بننے پر مسرور ہیں۔ لاہور قلندرز کے فینز کے لیے جاری کردہ ویڈیو پیغام میں راشد خان نے کہا کہ پہلی بار پاکستان سپر لیگ میں کھیلنے کے لیے بہت پرجوش ہوں۔ لاہور قلندرز ٹیم میں شامل ہونے کی خوشی ہے اور اب پی ایس ایل میچز کا بے تابی سے انتظار کررہا ہوں۔ یہ بہت خوش آئند ہیں

جنوبی افریقا کو آسان نہیں لیں گے، اسکواڈ کا اعلان 15 جنوری کو ہوگا، محمد وسیم

جنوبی افریقا کے خلاف سیریز میں کامیابی کیلیے اچھا کمبی نیشن بنائیں گے، بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے نئے چیف سلیکٹر محمد وسیم نے کہا ہے کہ دورہ جنوبی افریقا کو آسان نہیں لیں گے، دورے کے لیے قومی ٹیسٹ ٹیم کا اعلان 15 جنوری کو کیا جائے گا۔ ایک بیان میں نئے چیف سلیکٹر نے کہا کہ جنوبی افریقا کے خلاف سیریز میں کامیابی کیلیے اچھا کمبی نیشن بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقا کے خلاف ہوم سیریز کے لیے قومی ٹیم کے لیے سلیکشن کمیٹی، ہیڈ کوچ مصباح الحق اور کپتان سے مشاورت کرلی گئی ہے۔ محمد وسیم نے پہلے 20 رکنی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان کراچی میں کریں گے اور بعد میں 16 رکنی ٹیم کا اعلان کریں گے۔ نئے چیف سلیکٹر نے کہا کہ ہوم سیریز کا فائدہ ضرور ہوگا لیکن مہمان ٹیم ٹف ٹائم دینے کی صلاحیت رکھتی ہے کوشش ہوگی دورہ نیوزی لینڈ میں جو غلطیاں ہوئیں وہ دوبارہ نہ ہوں۔

مصباح الحق کی جگہ اینڈی فلاور ہیڈ کوچ، منظوری ہوچکی، شعیب اختر کا دعویٰ

اینڈی فلاور پاکستان سپر لیگ میں ملتان سلطان کے کوچ ہیں

راولپنڈی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے پاکستانی ٹیم کے ہیڈ کوچ مصباح الحق کو عہدے سے جلد ہی ہٹائے جانے کا دعویٰ کیا ہے۔ اپنے یوٹیوب چینل پر اظہار خیال کرتے ہوئے شعیب اختر نے کہا کہ مصباح الحق کی جگہ قومی ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ اینڈی فلاور ہوں گے، اس حوالے سے منظوری ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اینڈی فلاور پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں ملتان سلطان کے کوچ ہیں، وہ چھٹے سیزن کے بعد قومی ٹیم کو جوائن کرلیں گے۔ دوران گفتگو شعیب اختر نے کرکٹ کمیٹی کے پی سی بی کو کوچنگ اسٹاف برقرار رکھنے کے الفاظ کو غیر اہم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ کمیٹی کی کوئی اہمیت نہیں یہ صرف پی سی بی کی پالیسی ہے، کرکٹ بورڈ تنقید سے بچنے کے لیے مصباح الحق جیسے میڈیا کرز کو استعمال کرتا ہے تا کہ سارا ملبہ اُن پر ڈال دیا جائے۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ پی سی بی نے یہ نہیں کہنا کہ کمیٹی کی سفارش پر ہم نے مصباح الحق کو چانس دیا، کوئی چانس نہیں ملے گا، انہوں نے موجودہ ہیڈ کوچ کو نکالنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ انہوں نے گزشتہ روز کی کرکٹ کمیٹی کے اجلاس کو تماشہ قرار دیا اور کہا کہ یہ کمیٹی بناتے نہیں کمیٹیاں ڈالتے ہیں، بورڈ میں باریاں چل رہی ہیں، کمیٹی صرف اس لیے بنائی جاتی ہے کہ بورڈ کی سفارشات کمیٹی کے ذریعے منوائی جائیں اور الزام کمیٹی ممبران پر آئے۔ شعیب اختر کہا کہ وقار یونس اپنی نوکری بچانے کے لیے بھاگ دوڑ میں لگ گئے ہیں، لیجنڈ فاسٹ بولر ایسے نہیں ہیں کہ وہ مصباح الحق کے نیچے رہ کر کام کریں۔ اُن کا کہنا تھا کہ وقار یونس، وسیم اکرم کے بعد عظیم بولر ہیں، وہ مصباح الحق سے اوپر ہیں، وہ کیونکہ ابھی تک لڑ کے بنے ہوئے ہیں اس لیے اُن کی عزت نہیں کی جارہی۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ اینڈی فلاور اپنی ٹیم، اپنے میڈیکل اسٹاف اور دیگر لوگ لائے گا، وہ منظور نظر افراد کو دورے نہیں کروائے گا اور 6 سے 7 منظور نظر کرکٹرز کو نہیں بخشے گا۔ دوران گفتگو شعیب اختر نے پی سی بی حکام خاص طور پر احسان مانی کو ہدف تنقید بنایا

دورہ نیوزی لینڈ مشکل تھا لیکن اپنے بولرز پر فخر ہے، یونس

لاہور (ویب ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے بولنگ کوچ وقار یونس کا کہنا ہے کہ اپنے بولرز پر فخر ہے۔ قذافی اسٹیڈیم میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وقار یونس کا کہنا تھا کہ کسی چیز کے پیچھے چھپنے کیلیے نہیں آیا ہوں، ٹور مشکل تھا، کورونا ایشوز تھے، پہلا ٹیسٹ اچھا کھیلے، دوسرے ٹیسٹ میں ڈراپ کیچز اور نوبال مسائل ہوئے، اپنے بولرز پر فخر ہے، جنوبی افریقہ کیخلاف سیریز میں اچھی کارکردگی پیش کریں گے۔ وقار یونس نے کہا کہ نسیم شاہ نے ہوم سیریز میں ہیٹ ٹرک سمیت عمدہ بولنگ کی، تیزی سے سیکھ رہا ہے

عمر گل کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے باؤلنگ کوچ مقرر

عبدالرزاق پی ایس ایل فرنچائز کے لیے مزید کام نہیں کرسکتا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر (پی ایس ایل) کی فرنچائز کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے قومی ٹیم کے سابق مایہ ناز فاسٹ باؤلر عمر گل کو باؤلنگ بنانے کا اعلان کردیا ہے۔ گزشتہ چار سیزنز سے سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے باؤلنگ کوچ کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے تھے تاہم پاکستان کرکٹ بورڈ کی نئی پالیسی کی وجہ سے اب عبدالرزاق پی ایس ایل فرنچائز کے لیے مزید کام نہیں کرسکتا۔ عبدالرزاق اس وقت پاکستان کرکٹ بورڈ کی ایک ایسوسی ایشن سے بطور کوچ وابستہ ہیں لہٰذا ڈومیسٹک کرکٹ سے منسلک کوئی بھی فرد مفادات کے ٹکراؤ کی پالیسی کے تحت پی ایس ایل فرنچائز کی کوچنگ نہیں کرسکتا۔ 47 ٹیسٹ، 130 ون ڈے اور 60 ٹی 20 میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کا اعزاز حاصل کرنے والے 36 سالہ سابق فاسٹ باؤلر گزشتہ سال ریٹائرمنٹ کے بعد پہلی مرتبہ کوچنگ کی ذمے داری ادا کریں گے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے مالک ندیم عمر نے اپنے بیان میں کہا کہ عمر گل کا ٹی 20 کیریئر بہترین رہا اور وہ اپنے پیشرو عبدالرزاق کے بہترین جانشین ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جدید دور کے کھیل کے حوالے سے عمر گل کی معلومات نسیم شاہ اور محمد حسنین اور نسیم شاہ جیسے ہمارے فاسٹ باؤلرز کے لیے مددگار ثابت ہوں گی اور مجھے یقین ہے کہ آنے والی پی ایس ایل میں وہ ہماری ٹیم کے لیے بہت مددگار ثابت ہوں گے۔ اپنی عمدہ یارکرز کی وجہ سے 'گل ڈوزر' کے نام سے مشہور عمر گل نے 2003 میں بنگلہ دیش اور زمبابوے کے خلاف بالترتیب ٹیسٹ اور ون ڈے انٹرنیشنل ڈیبیو کیا اور 400 سے زائد وکٹیں حاصل کیں۔

جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز کے لئے قومی ٹیسٹ ٹیم کا اعلان (کل) کراچی میں ہوگا

ٹیم مینجمنٹ اور سلیکشن کمیٹی کی مشاورت کے بعد حتمی 16 رکنی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان

لاہور (این این آئی) جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز کے لئے قومی ٹیسٹ ٹیم کا اعلان کل (جمعہ) کو کراچی میں ہو گا۔ چیف سلیکٹر قومی کرکٹ ٹیم محمد وسیم کے مطابق ابتدائی طور پر 20 رکنی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان کیا جائے گا۔ ٹیم مینجمنٹ اور سلیکشن کمیٹی کی مشاورت کے بعد حتمی 16 رکنی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سب سے پہلے سلیکشن کمیٹی میں شامل تمام چھ ہیڈ کوچز سے مشاورت کی، ہیڈ کوچ مصباح الحق اور کپتان قومی کرکٹ ٹیم بابر اعظم سے بھی مشاورت کی گئی۔ دورہ نیوزی لینڈ اور ڈومیسٹک کرکٹ میں کھلاڑیوں کی کارکردگی کا مکمل جائزہ لیا، قومی ٹیسٹ اسکواڈ کے اعلان سے قبل کراچی میں سلیکشن کمیٹی سے دوبارہ مشاورت کروں گا۔ چیف سلیکٹر قومی کرکٹ ٹیم محمد وسیم کے مطابق ابتدائی طور پر 20 رکنی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان کیا جائے گا۔ ٹیم مینجمنٹ اور سلیکشن کمیٹی کی مشاورت کے بعد حتمی 16 رکنی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ انہونے واضح کیا کہ سب سے پہلے سلیکشن کمیٹی میں شامل تمام چھ ہیڈ کوچز سے مشاورت کی

فلوریڈا، ڈیلرے بیچ اوپن میں برطانیہ کی کیمرون نوری شاٹ کھیل رہے ہیں

کراچی، چوتھے کمشنر کپ باسکٹ بال ٹورنامنٹ میں دو مزید میچوں کا فیصلہ گرلز مقابلے (آج) شروع ہونگے

میچ میں باؤنس کلب نے عسکری الفاذ کو 47-41 پوائنٹس سے شکست دے دی

کراچی (این این آئی) کے بی بی اے کے زیر اہتمام عبدالناصر باسکٹ بال کورٹ آرام باغ پر منعقد ہونے والے چوتھے کمشنر کپ باسکٹ بال ٹورنامنٹ میں مزید دو میچوں کا فیصلہ ہوگیا ان میچوں میں علی چن زیب اور عماد علی نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا پہلے میچ میں باؤنس کلب نے عسکری الفاذ کو 47-41 پوائنٹس سے شکست دے دی باؤنس کلب کی جانب سے عماد علی نے 3 تھری پوائنٹر کی مدد سے 19 عثمان بشیر نے 12 اور محسن ریاض نے 10 پوائنٹس اسکور کئے جبکہ عسکری الفاذ کی جانب سے انس عثمان نے 13 سیف اللہ شیروانی نے 13 اور سید بختیار نے 10 پوائنٹس اسکور کئے۔ دوسرے میچ میں نشتر کلب نے بیٹرش اسٹار کلب کو دلچسپ مقابلے کے بعد 38-36 پوائنٹس سے شکست دے دی نشتر کلب کی جانب سے ملک کے نامور کھلاڑی علی چن زیب نے 5 تھری پوائنٹرز کی مدد سے 23 جبکہ اسد علی نے 10 پوائنٹس اسکور کئے رنر ٹیم کی جانب اسٹیون ڈسلوا نے 10 نوئیل فرانس اور ڈینزل پریرا نے 9-9 پوائنٹس اسکور کئے ان میچوں میں زاہد ملک، ظفر اقبال، عامر غیاث، عامر شریف، سید مصنف شاہ اور نزاکت خان نے ریفریز کے جبکہ زعیمہ خاتون، جاوید میمن، نعیم احمد، ممتاز احمد نے ٹیکنیکل افیشلز کے فرائض انجام دئے آج کے میچوں میں اسسٹنٹ کمشنر سول لائین ولید بیگ اور اے ڈی سی کورنگی مظاہر امین دو مہمان خصوصی تھے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر آرام باغ عمران نذیر شیخ کے بی بی اے کے صدر غلام محمد خان، اشرف یحییٰ، محمد یعقوب اور دیگر موجود تھے دریں اثنا ٹورنامنٹ کے گرلز مقابلے آج 3:00 بجے دن سے شروع ہونگے۔ اس بات کو ہمیشہ سے یاد رکھنے کیلئے ضروری ہے۔

ہاکی لیگ، لاہور ڈولفنز کے کھلاڑیوں کا اپنے کوچز کیساتھ گروپ فوٹو

نیشنل بینک اسپورٹس کمپلیکس کی انتظامیہ کو پاکستان رکٹ بورڈ کی جانب سے مبارکباد

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے قائداعظم ٹرافی 2020-2021 کے بہترین میچز انعقاد کرانے پر نیشنل بینک اسپورٹس کمپلیکس کرکٹ گراؤنڈ انتظامیہ کی خدمات کو سراہا اور انہوں نے نیشنل بینک آف پاکستان کے اسپورٹس کمپلیکس کے سربراہ ارشد حسین، کرکٹ گراؤنڈ انچارج سعید آزاد اور گراؤنڈ اسٹاف کو مبارک باد پیش کی اور کہا کہ کووڈ-19 جیسی وبائی مرض کے غیر معمولی حالت کے پیش نظر بھی نیشنل بینک آف پاکستان کا اسپورٹس ونگ پاکستان کرکٹ بورڈ کے شانہ بشانہ کھڑی رہی اپنے ارسال کردہ خط میں نیک خیالات کا اظہار کرتے ہوئے مزید کہا کہ اب ہم سیزن کے آخری ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ میں داخل ہورہے ہیں پاکستان کرکٹ بورڈ امید کرتا ہے نیشنل بینک اسپورٹس کمپلیکس کا اسٹاف اسطرح محنت اور لگن سے انتظامات کرکے ایک روزہ ٹورنامنٹ کو بھی کامیاب بنائے گی۔

ساؤتھ افریقا، پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کا کورونا ٹیسٹ کلیئر

ڈربن (این این آئی) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کا ساؤتھ افریقا پہنچنے پر کورونا وائرس ٹیسٹ کلیئر آگیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم بورڈ (پی سی بی) کے مطابق پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کا 24 رکنی دستہ گزشتہ روز ڈربن پہنچا تھا جہاں اسکواڈ کی کورونا وائرس ٹیسٹنگ ہوئی۔ پی سی بی کے مطابق پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم جمعرات سے 6 گروپس میں ٹریننگ کرے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے بتایا گیا کہ پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی اگلی ٹیسٹنگ 15 جنوری کو ہوگی۔ واضح رہے کہ قومی ٹیم جنوبی افریقا میں 3 ون ڈے میچز اور 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کھیلے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ون ڈے سیریز کا پہلا میچ 20 جنوری، دوسرا 23 جنوری اور تیسرا ایک روزہ میچ 26 جنوری کو کھیلا جائے گا۔ پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آغاز 29 جنوری سے ہوگا۔

جرمنی، ہائیر کیخلاف آئس ہاکی میچ میں روسٹر کے گول کیپر بال کو روک رہے ہیں

بقیہ 1

تبدیلی نہ آنے کی بڑی وجہ اسٹیٹس کو ہے جسے آپ مافیا بھی کہہ سکتے ہیں، برطانوی کمپنی کے عہدیدار کے مطابق کس طرح وزیر اعظم اور دیگر وزراء پیسہ چور کر کے برطانیہ منتقل کرر ہے تھے، ایک پاکستانی سیاستدان نے سعودی عرب سے برطانیہ ایک ارب ڈالر منتقل کیا، جب ملک کا وزیر اعظم چوری کرے گا تو نچلی سطح تک چوری کا رجحان بڑھے گا اور کرپشن عام ہوگی۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) میں ای بڈنگ، ای بلنگ اور جی آئی ایس میپنگ کے آغاز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک میں کرپشن اور رشوت کی جڑیں اس قدر مضبوط اور گہری ہو چکی ہیں کہ ملک کے نظام میں کرپشن کو تسلیم کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں 20 سال سے پیپر لس نظام فعال ہے جس کی وجہ سے کرپشن اور بدعنوانی کا گراف غیر معمولی طور پر کم ہوگیا کیونکہ آٹو میشن طریقے سے شفافیت کا پہلو نمایاں رہتا ہے۔ وزیر اعظم عمران خان نے پاکستان میں تبدیلی سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں تبدیلی نہ آنے کی بڑی وجہ اسٹیٹس کو ہے جسے آپ مافیا بھی کہہ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ پرانے نظام سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں وہ تبدیلی نہیں آنے دیتے۔ وزیر اعظم عمران خان نے شوکت خانم ہسپتال کی مثال پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے کرپشن اور سفارش کو ختم کرنے کے لیے پورے ہسپتال کے انتظامی امور کو پیپر لیس کر دیا جس کے بعد اب ادھر کوئی کرپشن نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ادویات کی خرید و فروخت سے لیکر تمام انتظامی امور ای بڈنگ اور ای بلنگ پر فعال ہے۔ انہوں نے سرکاری ادارے کا نام ظاہر کیے بغیر بتایا

پارٹی کے سینئر مرکزی نائب صدر سینیٹر میر کبیر محمد شہی پی پی پی کے صوبائی صدر علی مدد جتک مسلم لیگ ن کے قائمقام صدر حاجی جمال شاہ کاکڑ بی این پی مینگل کے مرکزی سینئر نائب صدر ملک ولی کاکڑ پشتون خواہ میپ کے صوبائی سیکریٹری رحیم زیارتوال جے یو پی کے مرکزی رہنماء مولانا عصمت اللہ سالم اے این پی کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری رشید خان ناصر سردار زادہ نعمان خان ناصر و دیگر نے سرکاری باغ میں ایک بڑے احتجاجی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لورالائی کے عوام نے آج کے جلسے میں شرکت کر کے عمران خان کے جعلی اور ناجائز حکومت کے خلاف فیصلہ سنا دیا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کے سمندر نے سلیکٹر اور سلیکٹڈ دونوں کے فیصلوں کو مسترد کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں ائین کی بالادستی کیلئے جدوجہد کرر ہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری جنگ فوج سے نہیں ہے ملک کے تمام اداروں کو ائین کے تحت اپنے فرائض ادا کرنے چاہیئے اس سے ملک جمہوری طور پر مظبوط ہوگا اور ائین کی پامالی کا سلسلہ بھی روکھ جائیگا انہوں نے کہا کہ ہم جمہوریت کی بساط لپیٹنے والوں کے خلاف ہیں پی ڈی ایم اسٹیبلشمنٹ پر واضع کرنا چاہتی ہے کہ ائین سب سے مقدس ہے ہم ائین پر عمل کرانا چاہتے ہیں آئین کو کاغذ کا ٹکڑا سمجھنے والوں سے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر لڑائی جاری رہیگی انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ سے مستعفی ہو کر حکومت کیلئے وکٹ خالی نہیں چھوڑ ینگے ہم ہر محاذ پر حکومت کے سامنے ڈٹ کر مقابلہ کرینگے انہوں نے کہا کہ عمران خان جھوٹ بھولنے میں بڑے ماہر ہیں جب وہ اپوزیشن میں تھے تو انہوں نے قوم سے کہا کہ کہ اگر ملک میں مہنگائی ہوتی ہے تو اسکا زمہ دار وزیر اعظم ہوگا لیکن آج ملک میں مہنگائی

نے پی ڈی ایم کے رہنماؤں کو ذہنی مریض بنا دیا ہے۔ پی ڈی ایم ایک ٹھگوں کا ٹولا ہے جس کے سربراہ مولانا ہیں۔ مولانا اپنے حلقے کی عوام کے ریجیکیٹڈ سیاستدان ہیں، پی ڈی ایم کی تمام سازشیں دم توڑ چکی ہیں مولانا واپسی کا راستہ تلاش کرر ہے ہیں۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا سندھ میں کرپشن کے پچھلے ریکارڈ ٹوٹ چکے ہیں، بلاول زرداری اپنے والد کو بچانے کے لئے مولانا کی حاضری میں کھڑے رہتے ہیں۔ سندھ کی عوام کو پیپلز پارٹی کو ووٹ دینے کی سزا دی جارہی ہے۔ سندھ حکومت میں کوئی ایسا محکمہ نہیں جس میں کرپشن نہ ہوئی ہو۔ سندھ کے وزراء کو کمیشن پر وزارتیں دی جاتی ہیں، عوام کا پیسا لوٹ کر بلاول ہاؤس پہنچایا جاتا ہے جس کی وجہ سے سندھ کی عوام کو بنیادی سہولیات تک میسر نہیں ہیں۔

خارجہ میولود چاوش اولو نے یہ بات ترک سفارتخانہ میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکی کے مابین بھائی چارے پر مبنی مضبوط تعلقات ہیں۔ پاکستان ہر مشکل میں ترکی کیساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہا۔ میولود چاوش اولو نے کہا کہ پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف لازوال قربانیاں دیں، اس نے انسداد دہشتگردی کی جنگ میں غیر معمولی کامیابیوں کی بھاری قیمت چکائی، اب پاکستان کی ترقی کیلئے دہشتگردی کے ناسور کو مکمل شکست دینا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فتح اللہ گولن دہشتگرد تنظیم انتہائی خطرناک ہے، پاکستان کو فیتو سے انتہائی محتاط اور خبردار رہنا ہوگا۔ فیتو جیسی دہشتگرد تنظیموں سے نمٹنے کیلئے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے۔ ترکی انسداد دہشتگردی کی جنگ میں پاکستان کیساتھ کھڑا ہے۔ انہوں

NOTICE INVITING TENDER

Deputy Director Agriculture OFWM Ziarat invites sealed tender / bid based on Composite Schedule of Rates, 2018, Government of Balochistan for eligible bidders for execution of following works under the Project National Programme for Enhancing Command Area of Small & Mini Dams in Barani Areas of Pakistan (Balochistan Component) on cost sharing basis (Government 75% & Farmer 25%) as per government policy: -Tender Fee Rs. 1,000/- in shape of Green Challan form deposited in head of account (C03136) E/Money 2% in shape of Call Deposit and time limit 30-06-2021 for the work.

S#	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Farm Pond [1No], Installation of Solar Operated System 5HP & 2HP[2Nos], Dev: of Dug Well [1No], Lining of Channels[4Nos] & Provision of Fruit Plants for 6Acre PSDP No. 2539 ***TSE No.180650***	6,819,052

Procurements shall be made under BPPRA Rules 2014. ***Basic Eligibility:*** Registration with Pakistan Engineering Council 2020-21 in category C-6 or above with specialization codes CE01, CE04, CE09, CE10 & EE-11. Registration with relevant taxation departments & BRA (where applicable). The bidder must have at least 3 years experience in relevant field. Turnover of last 3 years showing financial capacity of the firm. ***Method of Procurement:*** Single Stage- Two Envelope Procedure. ***Issuance:*** Tender documents will be issued from the date of NIT published in newspapers till deadline of bid submission. The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed of any working day or can be downloaded from authority website against above mentioned TSE No. ***Bid Validity Period:*** 90 days. ***Deadline of Bid submission:*** The tender should be submitted on ***29-01-2021*** till 11:00 Sharp at the office of the undersigned. ***Tender opening:*** Initially Technical Proposal will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00. Envelope marked as Financial Proposal shall be retained in the custody of Procuring Agency. Address: Deputy Director Agriculture On Farm Water Management District Ziarat. Contact No. 03138805078 Email: immirzahaq@gmail.com.

PRQ No.1866/13.01.2021

Deputy Director Agriculture On Farm Water Management Ziarat

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تبدیلی کے دعویداروں اور اپوزیشن سے خیر کی توقع نہیں، جماعت اسلامی

عوام قوم کو گزشتہ کئی دہائیوں سے تباہ و برباد کرنے والے ہی ہمارے مجرم ہیں حکومت و اپوزیشن کا بیانیہ ایک ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

جماعت اسلامی اس قوم کو مشکلات و پریشانیوں سے نجات دلائیگی ملک و قوم کو ورلڈ بنک آئی ایم ایف کے ہاتھوں گروی رکھ دیا گیا ہے

کوئٹہ (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ تبدیلی کے دعوے داروں اور اپوزیشن سے خیر کی توقع نہیں عوام قوم کو گزشتہ کئی دہائیوں سے تباہ و برباد کرنے والے ہی ہمارے مجرم ہیں حکومت واپوزیشن کا بیانیہ ایک ہے حکومت ابھی لوٹ مار میں مصروف جبکہ اپوزیشن نے یہی کام پہلے کیا ہے جماعت اسلامی اس قوم کو مشکلات و پریشانیوں سے نجات دلائیگی ملک و قوم کو ورلڈ بنک آئی ایم ایف کے ہاتھوں گروی رکھ دیا گیا ہے۔ بدعنوانی کا خاتمہ عدل وانصاف کے اسلامی حکومت کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھاری سودی قرضوں، حکومتی شاہ خرچیوں اور کرپشن

بقیہ 29 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین شہر میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کلین اپ جاری رہیگا، اے سی پشین

تاجروں کی جانب سے حکومتی اور انتظامی ہدایات پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا جارہا

پشین (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر پشین حضرت ولی کاکڑ نے کہا ہے کہ پشین شہر میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کلین اپ جاری رہیگا متعدد بار دکانداروں کو تنبیہ کر چکے ہیں لیکن تاجروں کی جانب سے حکومتی اور انتظامی ہدایات پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا جارہا۔ یہ بات انہوں نے پشین شہر اور سرانان روڈ پر تجاوزات اور مہنگائی کیخلاف کارروائی کرنے کے بعد صدر این پی سی پی سمیع ترین

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی نواب زہری اور نوابزادہ نعمت زہری سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری اور تحریک انصاف کے رہنما نوابزادہ میر نعمت اللہ زہری کی والدہ کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کم عمری کی شادی روکنے کیلئے موثر قانون سازی ضروری ہے، باری شیرانی

دیہاتی علاقوں میں ہر سال سینکڑوں بچیوں کی کم عمری میں شادی کروائی جاتی ہے

کوئٹہ (خ ن) کم عمری کی شادی روکنے کیلئے موثر قانون سازی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار عبدالباری شیرانی نے امپلیفائی چینج کے تعاون سے یاد آرگنائزیشن کی منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ پاکستان خصوصاً بلوچستان میں کم عمر بچیوں کی شادی کرنا لمحہ فکریہ ہے دیہاتی علاقوں میں ہر سال سینکڑوں بچیوں کی کم عمری میں شادی کروائی جاتی ہے جو قانون کی

بقیہ 32 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

انجمن تاجران پشین امرلدین آغا گروپ کے چیئرمین حاجی عبدالمجید اچکزئی قطب زئی انتقال کرگئے

پشین (خ ن) انجمن تاجران پشین امرلدین آغا گروپ کے چیئرمین حاجی عبدالمجید اچکزئی قطب زئی انتقال کرگئے۔ وہ حاجی عبدالحمید، حاجی عبدالرزاق، حاجی عبدالخالق اور عبدالمالک کے بڑے بھائی تھے۔ تدفین

بقیہ 33 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزیر نوابزادہ طارق حسین مگسی اور پارلیمانی سیکرٹری بی ڈی اے میر سکندر علی عمرانی ملاقات کررہے ہیں

سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی وطن واپس پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی وطن واپس پہنچ گئے، شاہد خاقان عباسی نجی ایئرلائن کی پرواز EK 612 کے ذریعے لندن سے اسلام آباد پہنچے۔

بقیہ 34 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

معدے میں موجود بیکٹریا کووڈ 19 کی شدت پر اثر انداز ہوسکتے ہیں، تحقیق

ہانگ کانگ (این این آئی) کورونا وائرس کے شکار مریض میں بیماری کے دورانیے، شدت اور مدافعتی ردعمل کے حوالے سے معدے میں موجود بیکٹریا ممکنہ طور پر اثر انداز ہوسکتے ہیں۔ یہ بات ہانگ کانگ میں ہونے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کو مسترد کرتے ہیں، سینیٹر روبینہ خالد

حکومت کے پاس تیل کی قیمتیں بڑھانے کا کوئی جواز نہیں، مہنگائی کا سونامی غریبوں کو کھا جائے گا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی خیبر پختونخواہ سیکرٹری اطلاعات سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کو مسترد کرتے ہیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے اپنے بیان میں کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، حکومت اپنے خلاف احتجاج کو دعوت دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول کے معاملے بھی آٹا چینی چوری والی واردات

بقیہ 38 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹھٹھہ واٹر سپلائی ریفرنس میں شریک ملزم کے وکیل کی جرح مکمل، سماعت 20 جنوری تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے ٹھٹھہ واٹر سپلائی ریفرنس میں شریک ایک ملزم کے وکیل نے جرح مکمل کرلی، سماعت 20 جنوری تک ملتوی کردی گئی۔ بدھ کو کیس کی سماعت کے دوران وکیل صفائی نے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

افغان وزیر تجارت نے مشیر تجارت کو خط لکھا ہے جس میں رواں ماہ معاہدے کو حتمی شکل دی جائیگی، وزارت تجارت

کورونا کی وجہ سے شپنگ کمپنیوں کے ذمہ 7 ارب روپے کی رقم واجب الادا ہیں، قائمہ کمیٹی برائے تجارت کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) قائمہ کمیٹی برائے تجارت کو بتایا گیا ہے کہ افغان وزیر تجارت نے مشیر تجارت کو خط لکھا ہے جس میں رواں ماہ معاہدے کو حتمی شکل دی جائیگی۔ بدھ کو نوید قمر کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کا اجلاس ہوا جس میں پاک افغان تجارتی معاہدے کے حوالے سے وزارت تجارت حکام کی بریفنگ دی گئی۔ وزارت تجارت کے حکام نے

بقیہ 39 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 14 جنوری کو شیخ ماندہ گرڈ کے چشمہ فیڈر سے صبح 10 بجے سے ایک بجے دن تک جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے جناح روڈ، اولڈ جان محمد، سریاب گرڈ کے اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن اور انڈسٹریل گرڈ کے ایسٹرن بائی پاس فیڈروں سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد، کانسی اور طوغی روڈ فیڈروں سے دن ایک بجے تا چار بجے شام بجلی

بقیہ 37 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سرگودھا، چوری کی واردات کی پیروی پر مسلح افراد کا خاتون، بیٹی پر تشدد، برہنہ کردیا

مقدمہ درج نہ کرنے پر عدالت نے متعلقہ تھانہ کے انچارج کو طلب کرلیا

سرگودھا (این این آئی) چوری کی واردات کی پیروی پر آٹھ مسلح افراد نے مخالفین کے گھر میں داخل ہوکر خاتون کو جوان بیٹی سمیت تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے کپڑے پھاڑ کر برہنہ کردیا جس کا مقدمہ درج نہ کرنے پر عدالت نے متعلقہ تھانہ کے انچارج کو طلب کرلیا۔ ذرائع کے مطابق ایڈیشنل سیشن جج سرگودھا مظہر سلیم نے سرگودھا فیصل آباد روڈ پر واقع تھانہ عطاء شہید کے ایس ایچ او کو

بقیہ 40 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین صادق سنجرانی اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کی ملاقات، اپوزیشن کے نیب سے متعلق تحفظات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے درمیان ملاقات میں اپوزیشن کے نیب سے متعلق تحفظات پر گفتگو کی گئی۔ بدھ کو ملاقات ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے چیمبر میں ہوئی۔

بقیہ 41 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کشمیری مظلوم حق خودارادیت کیلئے آواز بلند کرنی چاہیے، شاہ محمود

اقوام متحدہ کی ہیومن رائٹس کونسل کی دوبارہ رکنیت، فالٹف اور جموں و کشمیر کے مسئلے پر ترکی کی حمایت پر ترک قیادت کے ممنون ہیں

ترک وزیر خارجہ نے پاکستان اور ترکی کے مابین دوطرفہ تجارتی، اقتصادی تعاون کے فروغ کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کا عندیہ دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی ہیومن رائٹس کونسل کی دوبارہ رکنیت، فالٹف اور جموں و کشمیر کے مسئلے پر ترکی کی حمایت پر ترک قیادت کے ممنون ہیں، پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کیلئے کرونا وبا کے معاشی مضمرات شدید نوعیت کے ہیں، معاشی مضمرات سے نمٹنے کیلئے عالمی سطح پر مشترکہ کاوشیں بروئے کار لانے اور کمزور معیشتوں کو سہارا دینے کی ضرورت ہے، انسانی حقوق کیلئے متحرک تنظیموں اور عالمی برادری کو اس مسئلے کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے مظلوم کشمیریوں کے جائز حق، حق خودارادیت کیلئے آواز بلند کرنی چاہیے، پاکستان، افغانستان میں قیام امن

بقیہ 42 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

نیر بخاری نے سندھ کے ہسپتالوں سے متعلق وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن کو اٹھارویں ترمیم پر حملہ قرار دیدیا

وفاقی حکومت کا نوٹیفکیشن غیر آئینی اور صوبائی معاملات میں براہ راست مداخلت ہے، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے نیر حسین بخاری نے سندھ کے ہسپتالوں سے متعلق وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن کو اٹھارویں ترمیم پر حملہ قرار دیدیا۔ بدھ کو اپنے بیان میں پیپلز پارٹی نے صوبائی وسائل کے تحفظ کا بھرپور دفاع کرنے کا اعلان کردیا، پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نے نوٹیفکیشن واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ نیئر حسین بخاری نے کہا کہ وفاقی حکومت کا نوٹیفکیشن غیر آئینی اور صوبائی

بقیہ 44 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

احتساب عدالت توشہ خانہ ریفرنس پر سماعت 21 جنوری تک ملتوی کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے توشہ خانہ ریفرنس پر سماعت 21 جنوری تک ملتوی کردی گئی۔ بدھ کو کیس کی سماعت احتساب عدالت کے جج سید اصغر علی نے کی۔ سماعت کے آغاز میں ملزمان کی حاضری

بقیہ 43 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شیخ رشید کا اسامہ ستی کے والد کو فون، قتل واقعہ انکوائری رپورٹ پر گفتگو

ستی کے والد جس طرح تحقیقات کروانا چاہیں حکومت پوری مدد کرے گی، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ شیخ رشید نے اسامہ ستی کے والد کو فون کر کے قتل واقعہ انکوائری رپورٹ پر بات چیت کی۔ شیخ رشید نے کہا کہ وزارت داخلہ کی طرف سے انکوائری کمیٹی کی تحقیقاتی رپورٹ کو دیکھ لیں۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ انکوائری رپورٹ سے مطمئن ہیں تو اس کو آگے بھجوایا جائے گا۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ وزیراعظم اور کابینہ کا فیصلہ ہے کہ ستی کے والد جس طرح

بقیہ 45 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک بھر میں مثبت کیسز کی شرح 5.38 فیصد ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں مثبت کیسز کی شرح 5.38 فیصد ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق کراچی میں مثبت کیسز کی شرح سب سے زیادہ 14.56 فیصد ہے، پشاور 9.92 فیصد اور میرپور 8.33 فیصد شرح

بقیہ 46 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اقتصادی رابطہ کمیٹی (آج) 5 سالہ ٹیکسٹائل پالیسی کی منظوری دیگی

ٹیکسٹائل ملز کی بحالی کیلئے بھی خصوصی اقدامات کئے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) اقتصادی رابطہ کمیٹی (آج) جمعرات کو 5 سالہ ٹیکسٹائل پالیسی کی منظوری دے گی، ٹیکسٹائل پالیسی میں انڈسٹری کی بحالی کیلئے مراعات رکھی گئی ہیں، بند ٹیکسٹائل ملز کی بحالی کیلئے بھی خصوصی اقدامات کئے جانے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس (آج) جمعرات کو ہوگا، جس میں ٹیکسٹائل پالیسی پیش کی جائے گی اور کمیٹی

بقیہ 48 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں کرپشن سے متعلق معاملات بے نقاب کرنے پر خوشی ہے، سربراہ براڈشیٹ

اسلام آباد (این این آئی) براڈشیٹ کے سربراہ کاوے موسوی نے کہا ہے کہ کرپشن کے خلاف میری طویل جنگ ہے، پاکستان میں کرپشن سے متعلق معاملات بے نقاب کرنے پر خوشی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے

بقیہ 47 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ انتخابات سے متعلق صدارتی ریفرنس، ہم آئین کے محافظ ہیں، چیف جسٹس

خفیہ ووٹنگ میں پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ دینا بے ایمانی ہوگی، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں سینیٹ انتخابات اوپن بیلٹ کے ذریعے کرانے سے متعلق صدارتی ریفرنس پر عدالت نے ریمارکس دیئے ہیں کہ خفیہ ووٹنگ میں پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ دینا بے ایمانی ہوگی۔ سینیٹ انتخابات اوپن بیلٹ سے کرانے سے متعلق صدارتی ریفرنس کی سماعت چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں جسٹس مشیر عالم، جسٹس عمر عطا

بقیہ 49 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

خانیوال میں ایس ایچ او نے پیسے لیکر ساتھی اہلکار پر مقدمہ درج کرادیا

خانیوال (این این آئی) ایس ایچ او نے لاکھوں روپیوں کے عوض اپنے ہی ساتھی اہلکار کے خلاف جھوٹا مقدمہ

بقیہ 50 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شہزاد اکبر نے براڈشیٹ سے مذاکرات کا کوئی سرکاری معاہدہ نہیں، مریم اورنگزیب

نیب کی فائلوں کا پیٹ بھرنے کیلئے کیا ریکوری نیب نیازی گٹھ جوڑ کے اکاؤنٹ میں جارہی، عمران خان صاحب آپ کو سوال نہیں کرنے چاہئیں

سوالوں کو جواب دینا چاہئے، شریف فیملی اور براڈشیٹ میں کوئی معاہدہ نہیں تو رابطہ کیوں کریں گے؟ براڈشیٹ کمپنی کے مطابق شہزاد اکبر اور نیب کا رویہ مایوس کن ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ موجودہ دور میں شہزاد اکبر کے براڈشیٹ سے مذاکرات کا کوئی سرکاری معاہدہ نہیں، نیب کی فائلوں کا پیٹ بھرنے کیلئے کیا ریکوری نیب نیازی گٹھ جوڑ کے اکاؤنٹ میں جارہی، عمران خان صاحب آپ کو سوال نہیں کرنے چاہئیں، سوالوں کو جواب دینا چاہئے، شریف فیملی اور براڈشیٹ میں کوئی معاہدہ نہیں تو رابطہ کیوں کریں گے؟ براڈشیٹ کمپنی کے مطابق شہزاد اکبر اور نیب کا رویہ مایوس کن ہے، آج بھی آمرانہ سوچ ملک پر مسلط ہے، فارن فنڈنگ معاملے پر عوام 19 جنوری کو سوال کا جواب لینے آرہے ہیں، آپ کو اب جواب دینا پڑیگا نخرے کس لگاکر تماشہ نہ کیا جائے، پی ڈی ایم کی سمت نہ ہوتی تو عمران خان کا ٹوئٹ نہ آتا، سمت کا تعین درست ہے سلیکٹڈ کو گھر جانا پڑیگا۔ بدھ کو یہاں سینیٹر مصدق ملک کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ سلیکٹڈ وزیراعظم نے صبح صبح ایک ٹوئٹ کے ذریعے میڈیا کو بھی واسطہ دیا اور اپنے سیاسی مخالفین کو بھی واسطہ دینے کی کوشش کی کہ آئیں سب ملکر براڈشیٹ کی بات کرتے ہیں اور خدا کیلئے چار سو ارب کی چینی چوری،

بقیہ 51 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم عمران خان اسامہ ستی کے لواحقین سے اظہار تعزیت کے موقع پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

تعلیم سب کی بنیادی ضروریات میں سے ایک ہے، ڈی سی کوہلو

ضلع کوہلو کے واحد گرلز کالج کی تعمیراتی کام پچھلے چودہ سالوں سے التوا کا شکار ہے

کوہلو (نمائندہ امروز) پچھلے چودہ سالوں سے تعمیراتی کام التوا کا شکار گورنمنٹ گرلز کالج کوہلو کا آج ڈپٹی کمشنر کوہلو کا دورہ برہمی کا اظہار تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوہلو میر ممتاز علی کھیتران نے تعمیراتی کام کے التوا کا شکار انٹر گرلز کالج کوہلو کا دورہ کیا جہاں پر پچھلے چودہ سالوں سے التوا کا شکار تعمیراتی کام پر برہمی کا اظہار کیا اس موقع پر انہوں نے پاکستان پریس انٹرنیشنل کے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اقتدار کے ایوانوں میں قادیانی وائرس گھسا ہوا ہے، بشیر ماندائی

عقیدہ ختم نبوت اہل ایمان کی وحدت، اتحاد اور روحانی سکون کا مرکز ہے

کوئٹہ (جی این ایم) جماعت اسلامی کے صوبائی نائب امیر بشیر احمد ماندائی نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اہل ایمان کی وحدت، اتحاد اور روحانی سکون کا مرکز ہے۔ اقتدار کے ایوانوں میں قادیانی وائرس گھسا ہوا ہے جو کرونا سے بھی بدتر ہے۔ اہل ایمان نے ہمیشہ استعمار کے آلہ کاروں کے وارنا کام بنائے ہیں۔ ختم نبوت قانون میں تبدیلی، آئین سے روگردانی کی سازشوں کو بند ہونا

بقیہ 19 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بنی گالہ تجاوزات از خود نوٹس

سپریم کورٹ نے سیوریج پلانٹس کے حوالے سے تمام صوبوں کو نوٹس جاری کردیئے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے بنی گالہ تجاوزات از خود نوٹس پر سماعت میں سیوریج پلانٹس کے حوالے سے تمام صوبوں کو نوٹس جاری کردیئے۔ بدھ کو کیس کی سماعت جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی۔ اسلام آباد میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس لگانے پر سپریم کورٹ چیئرمین سی ڈی اے کی معترف ہوگئی۔ جسٹس عمر عطاء بندیال نے کہا کہ سی ڈی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مسلم لیگ (ن) کا موجودہ خارجہ پالیسی پر سخت تشویش کا اظہار

پاکستان کے خارجہ تعلقات کا جنازہ شاہراہ دستور پر پڑا ہے، خرم دستگیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے موجودہ خارجہ پالیسی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے خارجہ تعلقات کا جنازہ شاہراہ دستور پر پڑا ہے، کوئی کندھا دینے والا نہیں، نواز شریف نے خارجہ پالیسی کو نئی جہت دی تھی، عمران خان نے اڑھائی سال میں مٹی میں ملا دیا ہے، چین صرف امداد کیلئے نہیں، اس سے مسلسل مشاورت کی ضرورت ہے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ نے ڈکیتی کے ملزم محمد شفیق کی درخواست ضمانت واپس لینے پر کیس نمٹا دیا

عدالت کا ملزم سے غیر قانونی طور پر پیسے نکلوانے والے پولیس افسران کیخلاف کارروائی کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ڈکیتی کے ملزم محمد شفیق کی درخواست ضمانت واپس لینے پر کیس نمٹا دیا۔ بدھ کو جسٹس منظور احمد ملک کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے سماعت کی۔ عدالت نے درخواست ضمانت واپس لینے پر کیس نمٹا دیا۔ عدالت نے ملزم سے غیر قانونی طور پر پیسے نکلوانے والے پولیس افسران کیخلاف کارروائی کا حکم دیدیا۔ عدالت نے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور سے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سید امین الحق کی ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن کی قائمقام سیکرٹری جنرل کی ملاقات

پاکستان ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن کے مقاصد کے حصول کیلئے مکمل تعاون کرے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق سے ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن (ڈی سی او) کی قائم مقام سیکرٹری جنرل دیما الایحی نے وڈیو لنک کے ذریعے ملاقات کی جس میں ڈیجیٹلائزیشن اور ڈیجیٹل اکنامی کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ سید امین الحق نے کہا کہ پاکستان کے ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن کے ممبر ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں، پاکستان ڈیجیٹل

بقیہ 23 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم سے وابستہ قوم کی امیدیں بری طرح ٹوٹ چکی ہیں، میاں محمد اسلم

پی ٹی آئی حکومت گزشتہ ڈھائی سال میں عوامی فلاح و بہبود کا ایک بھی بڑا منصوبہ متعارف نہیں کرواسکی

اسلام آباد (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان و سابق ممبر قومی اسمبلی میاں محمد اسلم نے کہا ہے کہ حکومت کی اب تک کی کارکردگی ناکامیوں سے عبارت ہے، مہنگائی کے عذاب سے عوام بے حال، مافیاز قوم کا خون چوسنے سے باز آنے کو تیار نہیں، وزیراعظم عمران خان سے وابستہ قوم کی امیدیں بری طرح ٹوٹ چکی ہیں، نئے سال کے آغاز کے پہلے ہفتے میں بنیادی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بعض عناصر انجمن تاجران کیخلاف منفی پروپیگنڈہ میں مصروف ہیں، رحیم کاکڑ

20 سال سے مرکزی انجمن تاجران صوبے اور خصوصاً کوئٹہ کے تاجروں کے مسائل حل کرنے کیلئے جدوجہد کررہی ہے

اب ایگزیکٹو باڈی کے قیام کے بعد کوئٹہ شہر اور صوبے کے تاجروں کو یقین دلاتے ہیں کہ مستقبل میں ایگزیکٹو باڈی ان تمام کمزوریوں اور کوتاہیوں کو نہیں ہونے دے گی

کوئٹہ (جی این ایم) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ 20 سال سے مرکزی انجمن تاجران صوبے اور خصوصاً کوئٹہ کے تاجروں کے مسائل حل کرنے کیلئے جدوجہد کررہی ہے، تنظیم کو مزید فعال اور منظم بنانے کیلئے 17 رکنی ایگزیکٹو باڈی تشکیل دی گئی ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو سینئر نائب صدر حضرت علی اچکزئی، جنرل سیکرٹری سید قیوم آغا ڈپٹی جنرل سیکرٹری یاسین مینگل، مرکزی انجمن تاجران ہزار گنجی زون کے صدر سید عبدالخالق آغا، قدیم آغا، جہانگیر لانگو اور دیگر عہدیداروں کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ رحیم

بقیہ 1 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ نے لیکچرز سے اسپشل الاؤنس کی وصولی کیخلاف اپیل خارج کردی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے لیکچرز سے اسپشل الاؤنس کی وصولی کیخلاف اپیل خارج کرتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا۔ بدھ کو چیف جسٹس کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت

بقیہ 5 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بختیار آباد لیویز فورس کی کامیاب کارروائی

بختیار آباد تھانے کے حدود چکھڑا سے سنگین مقدمات میں مطلوب تین اشتہاری ملزمان گرفتار

بختیار آباد (نمائندہ امروز) بختیار آباد لیویز فورس کی کامیاب کارروائی، بختیار آباد تھانے کے حدود چکھڑا سے سنگین مقدمات میں مطلوب تین اشتہاری ملزمان گرفتار۔ گرفتار اشتہاری ملزمان مختلف مقدمات میں لیویز تھانہ بختیار آباد، بھاگ ناڑی سمیت نصیر آباد کی انتظامیہ کو بھی مطلوب تھے۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان مجیب الرحمٰن قمبرانی کی جرائم پیشہ

بقیہ 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد ہائی کورٹ نے عدالتوں اور ٹریبونلز میں تعیناتی رپورٹ آئندہ سماعت پر طلب کرلی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے خصوصی عدالتوں اور ٹریبونلز میں ججز کی عدم تعیناتی کے خلاف کیس میں عدالتوں اور ٹریبونلز میں تعیناتی رپورٹ آئندہ سماعت پر طلب کرلی۔ بدھ کو عدالتوں اور ٹریبونلز

بقیہ 6 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت بلوچستان نے بے تدبیری کے سارے ریکارڈ توڑ دیے ہیں، ہدایت الرحمٰن

غریب عوام کا کوئی پوچھنے والا نہیں میرٹ، اہلیت، رولز، انصاف کی دھجیاں اڑائی جارہی ہے

کوئٹہ (جی این ایم) جماعت اسلامی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں بالخصوص حکومت بلوچستان نے بے تدبیری کے سارے ریکارڈ توڑ دیے ہیں۔ بلاخوف وخطر ہر طرف لوٹ مار جاری ہے غریب عوام کا کوئی پوچھنے والا نہیں میرٹ، اہلیت، رولز، انصاف کی دھجیاں اڑائی جارہی ہے اہل مگر غریب کا کوئی سننے والا نہیں، جاہل ناکارہ مگر

بقیہ 3 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سرگودھا، پولیس کی غفلت سے زیر حراست خطرناک ڈکیت فرار ہوگیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں پولیس اہلکار کی فائرنگ سے شہری کی ہلاکت کے واقعہ کے بعد پولیس کی غفلت سے زیر حراست خطرناک ڈکیت فرار ہوگیا۔ ڈی پی او نے دونوں واقعات میں ملوث پولیس ملزمان

بقیہ 7 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینٹ انتخابات، اپنا چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین لانے کیلئے (ق) لیگ کے ارکان اسمبلی اہمیت اختیار کرگئے

آئندہ ماہ 48 سینیٹرز اپنی مدت مکمل کرکے ریٹائر ہوجائیں گے ان کی جگہ نئے سینیٹرز کا انتخاب عمل میں آئے گا

اسلام آباد (این این آئی) آئندہ ماہ ہونے والے سینیٹ انتخابات اور ایوان بالا میں اپنا چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین لانے کے لئے (ق) لیگ کے ارکان اسمبلی اہمیت اختیار کرگئے ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق آئندہ ماہ 48 سینیٹرز اپنی مدت مکمل کرکے ریٹائر ہوجائیں گے ان کی جگہ نئے سینیٹرز کا انتخاب عمل میں آئے گا۔ تحریک انصاف کو قومی اسمبلی کی طرح سینیٹ میں بھی اپنی برتری قائم

بقیہ 4 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چینی کی بڑھتی قیمت: حکومت کا چینی درآمد کرنے پر غور

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ملک میں چینی کی قیمت میں کمی کے لیے چینی درآمد کرنے پر غور شروع کردیا۔ وزارت صنعت و پیداوار کے ذرائع کے مطابق حکومت چینی کی قیمت میں کمی کے لیے اس کی درآمد کا جائزہ لے رہی ہے اور 6 لاکھ ٹن چینی درآمد کرنے پر غور کیا جارہا ہے جب کہ اس سلسلے میں صوبوں سے بھی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ہائی کورٹ، اسلام آباد کچہری اور شہری کی امن و امان کی صورتحال سے متعلق کیسز کی سماعت 9 فروری تک ملتوی

ہم معاملہ وفاقی کابینہ کو بھیجیں گے، نیب کورٹس کے پاس کیسز ہیں سہولیات نہیں ججز بھی انسان ہیں، چیف جسٹس اطہر من اللہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے اسلام آباد کچہری اور شہری کی امن و امان کی صورتحال سے متعلق کیسز کی سماعت 9 فروری تک ملتوی کردی۔ بدھ کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کیسز کی سماعت کی۔ وکیل شعیب شاہین نے کہا کہ یہاں صرف رجسٹرار اسپیشل کورٹس کی رپورٹ وفاق نے جمع کرادی۔ انہوں نے کہا کہ کچہری اور دیگر ایشوز پر کوئی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ سے آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل فیاض حسین شاہ الوداعی ملاقات کررہے ہیں

بوگس ڈپلومہ اور مسلسل غیر حاضری پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جنرل ہسپتال کا ایکشن، 2 ملازمین برطرف

لاہور (این این آئی) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ لاہور جنرل ہسپتال ڈاکٹر عبدالرزاق نے جعلی ڈپلومہ پر بھرتی اور مسلسل غیر حاضری پر 2 ملازمین کو نوکری سے برطرف کرنے کے احکامات جاری کردیے ہیں جس کا باقاعدہ

بقیہ 10 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ماضی کی حکومتوں نے خیبر پختونخوا کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا ہے، اسد قیصر

پاکستان تحریک انصاف نے جس تبدیلی اور ریاست مدینہ کا نعرہ لگایا تھا الحمدللہ اس وعدے کی تکمیل کی جانب کامیابی سے رواں دواں ہیں

وزیراعظم عمران خان کی جانب سے خیبر پختونخوا کے عوام کیلئے صحت انصاف کارڈ فقید المثال تحفہ ہے، اسپیکر قومی اسمبلی کا تقریب سے خطاب

پشاور (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی جانب سے خیبر پختونخوا کے عوام کیلئے صحت انصاف کارڈ ایک فقید المثال تحفہ ہے، ماضی کی حکومتوں نے خیبر پختونخوا کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا ہے مگر اب انشاء اللہ خیبر پختونخوا کے عوام کے محرومیوں کا حقیقی معنوں میں ازالہ کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے جس تبدیلی اور ریاست مدینہ کا نعرہ لگایا تھا الحمدللہ اس وعدے کی تکمیل کی جانب کامیابی سے رواں دواں ہیں، موجودہ حکومت میں خیبر پختونخوا کے تمام بڑے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل

بقیہ 11 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لورالائی، پی ڈی ایم کے زیر اہتمام لورالائی میں جلسہ عام سے تحریک کے مرکزی صدر مولانا فضل الرحمن، محمود خان اچکزئی، مولانا عبدالغفور حیدری، اصغر خان اچکزئی، سردار یعقوب خان ناصر، سینیٹر کبیر محمد شہی ولی محمد کاکڑ اور دیگر خطاب کررہے ہیں

جب بھی این آر او یا ڈیل ہوئی تو اس سے ہمیشہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ نے فائدہ اٹھایا، شہزاد اکبر

مریم اورنگزیب یا ان کے بڑوں کو چیلنج ہے وہ براڈشیٹ کے رشوت دینے کے الزام پر لندن پولیس کو درخواست دیں

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے داخلہ و احتساب شہزاد اکبر نے کہا ہے کہ براڈشیٹ سے کرپٹ سیاسی اشرافیہ اور ان کی منی لانڈرنگ بے نقاب ہوئی، جب بھی این آر او یا ڈیل ہوئی تو اس سے ہمیشہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ نے فائدہ اٹھایا، پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ میں کوئی فرق نہیں اور دونوں کا ملک کو لوٹنے کا طریقہ واردات ایک ہی ہے، پیپلز پارٹی کی پہلے نظریاتی اساس

بقیہ 25 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت گرانا یا بنانا عوام کا اختیار ہے، گیلانی

پارلیمنٹ کے اندر اور باہر حکومت کو ٹف ٹائم دینگے، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ حکومت گرانا یا بنانا عوام کا اختیار ہے، پارلیمنٹ کے اندر اور باہر حکومت کو ٹف ٹائم دینگے، پیپلز پارٹی سینیٹ انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، پی ڈی ایم میں تمام فیصلے متفقہ طور پر کیے جاتے ہیں، نواز شریف کا پاسپورٹ منسوخ کرنے کی بات سیاسی ہے، پاسپورٹ منسوخ نہیں ہوگا۔ بدھ کو میڈیا سے گفتگو کرتے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

امن وامان کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، وزیراعظم

کسی کو امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، عمران خان کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے واضح کیا ہے کہ امن وامان کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، کسی کو امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ بدھ کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت امن وامان سے متعلق اجلاس ہوا، اجلاس میں وزیر داخلہ شیخ رشید سمیت دیگر وزراء نے شرکت کی، عمران خان نے ہدایت کی کہ وزارت داخلہ امن وامان

بقیہ 27 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مولانا فضل الرحمٰن نیٹو سپلائی میں دھندہ کرتے رہے، حج کو بھی نہیں چھوڑا، وفاقی وزراء

مراد سعید اور علی امین گنڈاپور کا مولانا فضل الرحمٰن کی دبئی اور قطر میں جائیدادوں کی تفصیلات سامنے لانے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزراء مراد سعید اور علی امین گنڈاپور نے مولانا فضل الرحمٰن کی دبئی اور قطر میں مبینہ جائیدادوں کی تفصیلات سامنے لانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن نیٹو سپلائی میں دھندہ کرتے رہے، حج کو بھی نہیں چھوڑا، رؤف ماما، دین محمد، دین اسلام، گل زریف، اشفاق احمد اور فضل پٹواری سمیت کئی فرنٹ مین کے ذریعے کمپنیاں بنا کر حج کے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ سانحہ مچھ میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت کررہے ہیں

بدعنوانی کا خاتمہ اور کرپشن فری پاکستان نیب کی اولین ترجیح ہے، جاوید اقبال

نیب کے ایگزیکٹو بورڈ، جام خان شورو سمیت متعدد شخصیات کیخلاف دو ریفرنس دائر کرنے کی منظوری، مظفر ٹپی سمیت سات انکوائریوں کی منظوری

تمام شکایات کی جانچ پڑتال، انکوائریاں اور انوسٹی گیشنز ٹھوس شواہد کی بنیاد پر قانون کے مطابق مقررہ وقت کے اندر منطقی انجام تک پہنچانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

اسلام آباد (این این آئی) نیب کے ایگزیکٹو بورڈ نے رکن سندھ اسمبلی جام خان شورو سمیت متعدد شخصیات کے خلاف دو ریفرنس دائر کرنے کی منظوری دیدی۔ قومی احتساب بیورو کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس قومی احتساب بیورو کے چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال کی زیر صدارت نیب ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں حسین اصغر ڈپٹی چیئرمین نیب، سید اصغر حیدر، پراسیکیوٹر جنرل اکاؤنٹیبلٹی نیب، ظاہر شاہ، ڈی جی آپریشن نیب اور دیگر سینئر افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ نیب کی یہ دیرینہ پالیسی ہے کہ قومی احتساب بیورو کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس کے بارے میں تفصیلات

بقیہ 12 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوہلو، ڈی سی ممتاز کھیتران اور الخدمت فاؤنڈیشن کے صدر ثناء اللہ مری معذور افراد میں ویل چیئر اور گرم کپڑے تقسیم کررہے ہیں

انڈیا اسرائیل کیساتھ ملکر پندرہ سال سے پاکستان کا تشخص خراب کرنے کی کوشش کررہا تھا، زرتاج گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیر ماحولیات زرتاج گل نے کہا ہے کہ انڈیا اسرائیل کے ساتھ ملکر پندرہ سال سے پاکستان کا تشخص خراب کرنے کی کوشش کررہا تھا

بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چونیاں، 2 گرفتار ڈاکو مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک

چونیاں (این این آئی) قصور کے علاقے چونیاں میں کانسٹیبل کے قتل میں ملوث 2 ڈاکو مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگئے، دونوں ڈاکو ریمانڈ پر پولیس کی تحویل

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوہلی کا عمران خان سے مقابلہ غیر منصفانہ ہے، زرتاج گل

عمران خان برصغیر کے سب سے بڑے کرکٹر اور کپتان ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی زرتاج گل نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان سے ویرات کوہلی کا مقابلہ غیر منصفانہ ہے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے شائقین کرکٹ کیلئے دنیائے کرکٹ کے چار بہترین کپتانوں کے حوالے سے ٹوئٹر پر پول جاری کیا، پول میں 47 فیصد ووٹ حاصل کرنے کے بعد عمران خان بہترین کپتان بن

بقیہ 16 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا کی تمام جامعات میں نئے ملازمین کی پنشن ختم کرنیکا فیصلہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کی تمام جامعات میں نئی بھرتی ہونے والے ملازمین کیلئے پنشن کی سہولت ختم کردی گئی۔ محکمہ ہائر ایجوکیشن خیبر پختونخوا نے صوبے کی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان افغانستان میں قیام امن کی تمام تر کوششیں کررہا ہے، کریم خلیلی

پاکستان اور افغانستان دونوں مل کر داعش اور امن دشمن سپائیلرز کو ناکام بنا سکتے ہیں، عوامی مکالمے سے خطاب

قیام امن کے بعد پاکستان اور وسطی ایشیاء میں افغانستان سے گزرنے والی پائپ لائن، کاسا 1000 اور دیگر ترقیاتی منصوبے بہتر ہوجائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) حزب وحدت اسلامی افغانستان کے سربراہ کریم خلیلی نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان دونوں مل کر داعش اور امن دشمن سپائیلرز کو ناکام بنا سکتے ہیں، پاکستان افغانستان میں قیام امن کے لیے تمام تر کوششیں کررہا ہے، قیام امن کے بعد پاکستان اور وسطی ایشیاء میں افغانستان سے گزرنے والی پائپ لائن، کاسا 1000 اور دیگر ترقیاتی منصوبے بہتر ہو جائیں گے۔ پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے حزب وحدت اسلامی افغانستان کے سربراہ استاد کریم خلیلی نے انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز کا دورہ کیا۔ عوامی مکالمے سے خطاب میں استاد محمد کریم خلیلی نے کہا کہ

بقیہ 17 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں